کتب خانہ طبیب
(قرآن حکیم)
انسان کو وہ باتیں سکھائیں جو وہ نہیں جانتا تھا
تعبیر نامۂ خواب
عربی اردو
فن تعبیر کے امام علامہ محمد بن سیرینؒ کی مشہور کتاب "تعبیر الرؤیا"
کا اصل عربی متن اُردو ترجمے کے ساتھ جس میں تعبیر خواب کے
اصول و قواعد اور ہر قسم کے خوابوں کی تعبیر اور ان سے متعلق
نہایت دلچسپ اور کارآمد واقعات و حکایات درج ہیں
علامہ محمد بن سیرینؒ
سید حبیب احمد ہاشمی

ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ باد　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈ من **اردو بکس** آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

1۔ گروپ میں یا گروپ ایڈ من سے کوئی بھی بات / درخواست / فرمائش کرتے وقت **السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ** کو فروغ دیں۔

2۔ ایڈ منز یا دیگر ممبرز جو بھی اچھی پوسٹ کریں اس پر کمنٹس / شکرز / رائے لازمی کریں تا کہ ان کی حوصلہ افزائی ہو اور دیگر ممبران کو بھی اس کتاب / پوسٹ کی اہمیت کا اندازہ ہو۔

3۔ گروپ ایڈ منز سے پرسنل سوالات مت کیجئے۔ صرف کتب کے متعلق دریافت کریں یا درخواست کریں۔

4۔ ایڈ منز اور ممبرز سے اخلاق سے پیش آئیں۔ اگر ہم ادبی گروپ میں موجود ہیں لیکن ہماری اخلاقیات معیاری نہیں تو ہمیں ادبی گروپ کا ممبر کہلانے کا بھی کوئی حق نہیں۔

5 گروپ میں یا ایڈ من کے انباکس میں وائس میسج، ویڈیوز بھیجنے کی حرکت مت کریں ورنہ بلاک کر دیئے جائیں گے۔

6۔ سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

7۔ تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے فری آف کاسٹ وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔

7۔ ہمارا گروپ جوائن کرنے کے لئے درج ذیل لنکس پر کلک کریں اور وٹس ایپ سلیکٹ کر کے جوائن کر لیں۔

1. https://chat.whatsapp.com/EFrs3uGTgEm2319kK0wfu2
2. https://chat.whatsapp.com/Koqfq0iOsCm0F88xfiaLQ1
3. https://chat.whatsapp.com/IEl5cejf7Xc0b1HjApSyxI

گروپ فل ہونے کی صورت میں ایڈ من سے وٹس ایپ پر میسج کریں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔

0343-7008883　　　　0333-8033313

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ

(قرآن حکیم)

انسان کو وہ باتیں سکھائیں جو وہ نہیں جانتا تھا

تعبیر نامہ خواب

عربی اردو

فنِ تعبیر کے امام علامہ محمد بن سیرینؒ کی مشہور کتاب "تعبیر الرؤیا" کا اصل عربی متن اردو ترجمے کے ساتھ، جس میں تعبیر خواب کے اصول وقواعد اور ہر قسم کے خوابوں کی تعبیر اور ان سے متعلق نہایت دلچسپ اور کارآمد واقعات و حکایات درج ہیں ——

مصنفہ
علامہ محمد بن سیرینؒ

مترجمہ
سید حبیب احمد ہاشمی

اشاعتِ اوّل ★ ستمبر سنہ ۱۹۷۸ء

تعداد ★ ۲۱۰۰

صفحات ★ ۲۲۴

قیمت ★ ۰۰-۱۲

ناشران

مکتبہ نور
حضرت نظام الدینؒ
نئی دہلی ۱۱۰۰۱۳

نصیر بک ڈپو
۵۷ - نور و نگر، اوکھلا
نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵

ملنے کے پتے

ادارہ اشاعت دینیات حضرت نظام الدین نئی دہلی ۱۳
کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶
مدینہ بکڈپو اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶
کتب خانہ عزیزیہ اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶
دینی بکڈپو اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶
کتب خانہ اشاعت الاسلام چوڑیوالان دہلی ۶
سلیم بکڈپو حضرت نظام الدین نئی دہلی ۱۳

فہرست "تعبیر نامۂ خواب" ترجمہ "تعبیر الرؤیا"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

وَبَعْدُ فَهٰذَا كِتَابٌ جَلِيْلٌ فِيْ تَعْبِيْرِ الرُّؤْيَا يُنْسَبُ اِلَى الْاِمَامِ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مُشْتَمِلٌ عَلٰى خَمْسَةٍ وَّعِشْرِيْنَ بَابًا

اما بعد۔ خواب کے تعبیر کی یہ جلیل القدر کتاب امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے اور اس میں (۲۵) باب ہیں۔

اَلْبَابُ الْاَوَّلُ

پہلا باب

فِيْ اٰدَابِ الْمُعَبِّرِ وَتَمْيِيْزِ الرُّؤْيَا وَمَعْرِفَةِ اُصُوْلِهَا

تعبیر دینے والے کے آداب اور خواب کی تمیز اور اسکے اُصول کی شناخت کے بارہ میں ہے

اِعْلَمْ وَفَّقَنِيَ اللّٰهُ وَاِيَّاكَ اِلٰى طَاعَتِهٖ اَنَّ الرُّؤْيَا لَمَّا كَانَتْ جُزْءًا مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ لَزِمَ اَنْ يَّكُوْنَ الْمُعَبِّرُ عَالِمًا بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى حَافِظًا لِحَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ خَبِيْرًا بِلِسَانِ الْعَرَبِ وَاشْتِقَاقِ الْاَلْفَاظِ عَارِفًا بِهَيْئَاتِ النَّاسِ ضَابِطًا لِاُصُوْلِ التَّعْبِيْرِ عَفِيْفَ النَّفْسِ طَاهِرَ الْاَخْلَاقِ صَادِقَ اللِّسَانِ

اللہ تعالیٰ مجھے اور تمکو اپنی طاعت کی توفیق دے خواب چونکہ نبوت کے چھیالیس اجزا میں کا ایک جز ہے اس لئے تعبیر دینے والے کو حسب ذیل اوصاف سے متصف ہونا ضروری ہے تاکہ اللہ تعالیٰ اسکو صواب کی توفیق عطا فرمائے اور عقلمندوں کے معارف پہچاننے کی ہدایت دے۔ (۱) قرآن مجید کا عالم ہو (۲) احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حافظ ہو (۳) عربی زبان اور الفاظ کے اشتقاق کی خبر رکھتا ہو (۴) لوگوں کی حیثیتوں کو بخوبی جانتا ہو (۵) تعبیر کے اصول سے واقف ہو (۶)

لِيُوَفِّقَهُ اللّٰهُ لِمَا فِيْهِ الصَّوَابُ وَيَهْدِيَهُ لِمَعْرِفَةِ مَعَارِفِ أُولِى الْأَلْبَابِ فَإِنَّ الرُّؤْيَا قَدْ تُعَبَّرُ بِاخْتِلَافِ أَحْوَالِ الْأَزْمِنَةِ وَالْأَوْقَاتِ وَتَارَةً تُعَبَّرُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ وَتَارَةً تُعَبَّرُ مِنْ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَارَةً تُعَبَّرُ مِنَ الْمَثَلِ السَّائِرِ وَرُبَّمَا صُرِفَتْ عَنِ الرَّائِىْ إِلٰى نَظِيْرِهٖ أَوْ سَمِيِّهٖ وَقَدْ تُؤَوَّلُ الرُّؤْيَا مَرَّةً مِّنْ لَفْظِ الْإِسْمِ وَمَرَّةً مِّنْ مَّعْنَاهُ وَمَرَّةً مِّنْ ضِدِّهٖ وَمَرَّةً مِّنْ إِشْتِقَاقِهٖ وَمَرَّةً بِالزِّيَادَةِ وَمَرَّةً بِالنُّقْصَانِ۔ فَأَمَّا التَّأْوِيْلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ فَكَالْبَيْضِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالنِّسَآءِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ۔ وَكَالْحِجَارَةِ يُعَبَّرُ عَنْهَا بِالْقَسْوَةِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِىَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً۔ وَكَاللَّحْمِ الطَّرِىِّ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالْغِيْبَةِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَّأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ۔

پاک نفس ہو (۷) پاکیزہ اخلاق کا ہو (۸) زبان کا سچا ہو۔ اس لئے کہ خواب کی تعبیر میں کبھی تو زمانوں اور اوقات کے اختلاف کا خیال رکھنا پڑتا ہے اور کبھی کتاب اللہ سے تعبیر دینا پڑتا ہے اور کبھی احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش نظر رکھ کر تعبیر دینا پڑتا ہے اور کبھی تعبیر میں محاورات کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ اور کبھی خواب کے دیکھنے والے کی بجائے اسکے نظیر یا اُس کے ہم نام کی طرف تعبیر منسوب کی جاتی ہے اور کبھی خواب کی تعبیر صرف نام سے دیجاتی ہے۔ کبھی صرف معنی سے۔ کبھی اس کی ضد سے۔ کبھی اس کے اشتقاق سے، کبھی زیادتی سے، کبھی نقصان سے۔ قرآن سے تعبیر کی مثال تو ایسی ہے جیسی کہ انڈوں کی تعبیر عورتیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ (گویا کہ وہ حوریں انڈے ہیں جو چھپی ہوئی ہیں) میں انکو انڈوں سے تشبیہ دی ہے۔ اور پتھر کی تعبیر سخت دلی ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے مناسبت کی بناء پر کہ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِىَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً (پھر تمہارے دل سخت ہو گئے تو وہ مثل پتھر کے ہو گئے یا اس سے بھی زیادہ سخت) اور جیسے تازہ گوشت کی تعبیر غیبت ہے اس ارشاد الٰہی کی بناء پر أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَّأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ۔

وَكَالْمَفَاتِيحِ فَاِنَّهُ يُعَبَّرُ عَنْهَا بِالْكُنُوزِ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى۔ وَاٰتَيْنَاهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا اِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوْءُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ۔ فَتَزِيْدُ اَمْوَالُهُ لِاَنَّ الْكُنُوزَ لَا يُتَوَصَّلُ لَهَا اِلَّا بِالْمَفَاتِيحِ وَكَالسَّفِيْنَةِ يُعَبَّرُ عَنْهَا بِالنَّجَاةِ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى۔ فَاَنْجَيْنَاهُ وَاَصْحَابَ السَّفِيْنَةِ۔ وَلِقَوْلِهِ تَعَالٰى۔ فَاَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَّعَهُ فِي الْفُلْكِ۔ وَكَالْمَلِكِ يَرٰى اَنَّهُ قَدْ دَخَلَ دَارًا اَوْ بَلْدَةً اَوْ مَحِلَّةً وَّلَمْ يَكُنْ لَهُ عَادَةٌ بِالدُّخُوْلِ اِلَيْهَا يُعَبَّرُ عَنْهَا بِحُلُوْلِ مُصِيْبَةٍ اَوْ ذُلٍّ يَنَالُ اَهْلَ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى۔ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا۔ اِلٰى قَوْلِهِ اَذِلَّةً

(کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کریگا کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے اسکو تو تم بُرا سمجھتے ہو) کہ اس میں اللہ تعالیٰ نے غیبت کرنیکو مردہ بھائی کا گوشت کھانے سے تعبیر فرمایا ہے۔ اور چابیوں کی تعبیر خزانے ہیں کیونکہ ارشاد الٰہی ہے وَاٰتَيْنَاهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا اِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوْءُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ (اور ہم نے اسکو اتنے خزانے دیئے تھے کہ اسکی چابیاں ایک طاقتور جماعت اٹھاتی تھی) لہٰذا چابیوں سے مراد مال ہے کیونکہ خزانوں کے پاس پہنچنا چابیوں کے ذریعہ ہی ہوتا ہے۔ اور کشتی کی تعبیر نجات ہوگی، کیونکہ ارشاد الٰہی ہے فَاَنْجَيْنَاهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ (ہم نے اسکو اور کشتی والوں کو نجات دی) اور جیسے کسی نے یہ دیکھا کہ بادشاہ کسی ایسے گھر یا شہر یا محلہ میں آیا کہ ایسے مقام پر آنا اسکی عادت کیخلاف ہے تو اسکی تعبیر یہ دیجائیگی کہ اس جگہ کے رہنے والوں کو کوئی ذلت پہنچیگی یا وہ کسی مصیبت میں پڑ جائینگے جو آیت کے مضمون کے عین مطابق ہو گا اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا۔ اِلٰى قَوْلِهِ اَذِلَّةً (بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسکو خراب کر دیتے ہیں اور وہاں کے معززین کو ذلیل کر دیتے ہیں)

وَكَاللِّبَاسِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالنِّسَاءِ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ وَاَشْبَاهُ ذٰلِكَ كَثِيْرَةٌ۔ وَاَمَّا التَّاوِيْلُ مِنْ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَالْغُرَابِ يُعَبَّرُ

اور لباس کی تعبیر بھی عورتیں ہیں جو اس ارشاد الٰہی سے ماخوذ ہے هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ (وہ تمہارا لباس ہیں اور تم انکے لباس ہو) اسی طرح احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تعبیر دینے میں ان مناسبات کو ملحوظ رکھا جایگا۔ جیسے کوے کی تعبیر بدکار آدمی ہے کیونکہ رسول اللہ

عَنْهُ بِالرَّجُلِ الْفَاسِقِ لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّاهُ فَاسِقًا وَكَالْفَارَةِ يُعَبَّرُ عَنْهَا بِالْمَرْاَةِ الْفَاسِقَةِ لِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَلْفَارَةُ فَاسِقَةٌ"

صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کا نام فاسق رکھا ہے اور چوہیا کی تعبیر فاسقہ عورت ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ چوہیا فاسقہ ہے اور ایک حدیث میں چوہیا کو فویسقہ بھی فرمایا گیا ہے۔

وَسَمَّاهَا اَيْضًا فُوَيْسِقَةً وَكَالضِّلَعِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالْمَرْاَةِ اَيْضًا لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَلْمَرْاَةُ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ اَعْوَجَ"

اور پسلی کی تعبیر عورت ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ "عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے"

وَاُسْكُفَّةُ الْبَابِ السُّفْلٰى اَیْ عَتَبَتُهٗ يُعَبَّرُ عَنْهَا بِالْمَرْاَةِ لِمَا رُوِیَ عَنْ خَلِيْلِ اللّٰهِ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنَّهٗ قَالَ لِوَلَدِهٖ غَيِّرْ اُسْكُفَّةَ بَابِكَ يَعْنِیْ زَوْجَتَهٗ وَاَشْبَاهُ ذٰلِكَ مِمَّا لَا يُعَدُّ۔

اور دروازے کی نچلی دہلیز یعنی چوکھٹ سے بھی عورت ہی مراد ہے کیونکہ خلیل اللہ ابراہیم علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے اپنے صاحبزادہ حضرت اسماعیل علیہ السلام سے فرمایا تھا کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ بدل دو یعنی بیوی ۔ ایسی لاتعداد مثالیں ہیں

وَاَمَّا التَّاْوِيْلُ مِنَ الْاَمْثَالِ السَّائِرَةِ فَكَالرَّجُلِ يَرٰی فِیْ يَدِهٖ طُوْلًا فَاِنَّهٗ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِاصْطِنَاعِ الْمَعْرُوْفِ لِقَوْلِهِمْ هٰذَا اَطْوَلُ مِنْكَ يَدًا اَوْ بَاعًا اَیْ اَكْثَرُ عَطَاءً وَكَالْاِحْتِطَابِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالنَّمِيْمَةِ لِقَوْلِهِمْ مَنْ مَشٰی بَيْنَ النَّاسِ بِالنَّمِيْمَةِ فَاِنَّهٗ يَحْتَطِبُ

اور آپس کے محاوروں سے تعبیر کی شکل یہ ہے کہ جیسے کوئی شخص خواب دیکھے کہ اسکا ہاتھ لانبا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ لوگوں کے ساتھ احسان کریگا کیونکہ عرب آپس میں بات کرتے ہوئے جب کسی کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ اس شخص کا ہاتھ تجھ سے زیادہ لانبا ہے تو اس سے انکی مراد یہی ہوتی ہے کہ وہ شخص زیادہ احسان کرنیوالا ہے اور لکڑی چننے کی تعبیر

چغلی ہے کیونکہ جو شخص ایک دوسرے کی چغلی کیا کرتا ہے تو اسکے متعلق عرب کا محاورہ ہے کہ وہ لکڑی چنتا ہے۔

وَكَالْمَرَضِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالنِّفَاقِ لِقَوْلِهِمْ لِمَنْ لَا يُوْفِيْ وَعْدَهُ فُلَانٌ يَمْرَضُ فِيْ وَعْدِهِ ۝ وَكَالْحُنْطَةِ يُعَبَّرُ عَنْهَا بِالْوَلَدِ لِقَوْلِهِمْ لِلَّذِيْ يُشْبِهُ آبَاهُ هُوَ حُنْطَةُ الْأَسَدِ وَكَالَّذِيْ يَرْمِي النَّاسَ بِالسِّهَامِ وَالْبُنْدُقِ وَالْحِجَارَةِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِأَنَّهُ يَذْكُرُهُمْ بِسُوْءٍ لِقَوْلِهِمْ رَمٰى فُلَانٌ فُلَانًا وَقَذَفَهُ

اور مرض کی تعبیر نفاق ہے کیونکہ جو شخص وعدہ پورا نہیں کرتا اسکے متعلق عام محاورہ یہ ہے کہ "وہ اپنے وعدے میں بیمار ہے"۔ اور حنطہ (یعنی تیلی یا کاڑی) کی تعبیر لڑکا ہے جیسے کہ عرب اس لڑکے کو جو اپنے باپ کے مشابہ ہو یوں کہتے ہیں کہ وہ شیر کا حنطہ (تیلی یا کاڑی) ہے اور جو شخص لوگوں کو تیر اور بندوق کی گولی اور پتھر سے نشانہ بنا رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ شخص انکا برائی سے ذکر کر رہا ہے کیونکہ وہ آپس میں ایسے شخص کے متعلق اسی طرح کہتے ہیں کہ "فلاں نے فلاں کو نشانہ بنایا یا" فلاں نے فلاں کو پتھر سے مارا۔

وَكَالرَّجُلِ الَّذِيْ يَرٰى أَنَّهُ يَغْسِلُ يَدَهُ بِالْأُشْنَانِ وَنَحْوِهِ كَالصَّابُوْنِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالْإِيَاسِ مِنَ الشَّيْءِ لِقَوْلِهِمْ غَسَلْتُ يَدِيْ بِالْأُشْنَانِ عَنْكَ أَيْ أَيِسْتُ مِنْ خَيْرِكَ وَكَالْكَبْشِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالرَّجُلِ الْعَزِيْزِ فِيْ قَوْمِهِ الْمُتَّبَعِ فِيْهِمْ وَأَشْبَاهُ ذٰلِكَ مِمَّا لَا يُعَدُّ۔

اور جو شخص یہ دیکھے کہ اُسنے اپنے ہاتھ اشنان یا صابون وغیرہ سے دھوئے تو اسکی تعبیر کسی چیز سے ناامیدی کی ہے کیونکہ عرب میں اگر کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ "میں نے تجھ سے اپنا ہاتھ اشنان سے دھولیا" تو اسکی مراد یہی ہوتی ہے کہ میں تیرے خیر سے ناامید ہوگیا۔ اور مینڈھے کی تعبیر ایسے شخص سے ہوگی جو اپنی قوم میں معزز اور رئیس ہو اسی طرح اس کی بے شمار مثالیں ہیں۔

وَأَمَّا التَّأْوِيْلُ بِظَاهِرِ الْإِسْمِ فَكَرَجُلٍ إِسْمُهُ الْفَضْلُ فَإِنَّهُ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالْفَضْلِ وَرَاشِدٌ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالرُّشْدِ وَسَالِمٌ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالسَّلَامَةِ

ظاہری نام سے تعبیر کی صورت یہ ہے کہ کسی کا نام فضل ہو تو اس کی تعبیر فضیلت ہوگی اور راشد کی تعبیر رشد و ہدایت اور سالم کی تعبیر سلامتی وغیرہ ہوگی

وَشِبْهُ ذٰلِكَ - وَاَمَّا التَّاوِيْلُ بِالْمَعْنٰى فَمِثْلُ النَّرْجِسِ وَالْوَرْدِ اِذَا عُبِّرَ بِهِمَا لِمَنْ يَّسْاَلُ عَنْهُمَا اَوْ مَنْ يُّنْسَبَانِ اِلَيْهِ يُعَبَّرُ عَنْهُمَا بِقِلَّةِ الْبَقَاءِ وَالْآسِ بِالضِّدِّ لِبَقَائِهٖ وَنَضَارَتِهٖ وَاَشْبَاهُ ذٰلِكَ كَثِيْرَةٌ۔

اور نام سے تعبیر کی شکل اس طرح ہے کہ جیسے نرگس وگلاب کے متعلق جو شخص سوال کرے یا اس کی طرف وہ منسوب ہوں تو اس کی تعبیر بقا کی کمی ہے اور آس کی تعبیر اس کے ضد میں ہوگی اس کے بقا و تروتازگی کی بنا پر اور اس کی مثالیں بہت سی ہیں۔

وَاَمَّا التَّاوِيْلُ بِالضِّدِّ فَمِثْلُ الْبُكَاءِ يُعَبَّرُ عَنْهُ بِالْفَرَحِ مَا لَمْ تَكُنْ مَعَهٗ رَنَّةٌ اَوْ صَوْتٌ اَوْ شَقُّ جَيْبٍ، وَالْفَرَحُ وَالضِّحْكُ وَالرَّقْصُ يُعَبَّرُ عَنْهُ اَنَّهٗ حُزْنٌ وَهَمٌّ وَغَمٌّ وَمِثْلُ الرَّجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ اَوْ يَصْطَرِعَانِ فَاِنَّ الْمَصْرُوْعَ هُوَ الْغَالِبُ۔

اور ضد سے تعبیر کی صورت ایسی ہے جیسی کہ گریہ وزاری کہ اگر اس کے ساتھ چیخنا، چلانا گریبان پھاڑنا نہ ہو تو اس سے مراد خوشی ہوگی اور ہنسی خوشی اور ناچ کی تعبیر رنج وغم حزن وملال ہے اور جیسے دو آدمی جنگ کریں اور کشتی لڑیں تو جو نیچے گریگا وہ غالب سمجھا جائیگا۔

وَمِثْلُ الرَّجُلِ يَرٰى اَنَّهٗ يَحْتَجِمُ فَاِنَّهٗ يُكْتَبُ عَلَيْهِ شَرْطٌ اَوْ يَرٰى اَنَّهٗ يُكْتَبُ عَلَيْهِ شَرْطٌ فَاِنَّهٗ يَحْتَجِمُ وَمِثْلُ الرَّجُلِ يَرٰى اَنَّهٗ يُدْخَلُ قَبْرًا فَاِنَّهٗ يُسْجَنُ اَوْ يَرٰى اَنَّهٗ يُسْجَنُ فِيْ مَوْضِعٍ مَجْهُوْلِ الْاَهْلِ وَالْهَيْئَةِ فَاِنَّهٗ يُقْبَرُ اِذَا لَمْ يَكُنْ يَرٰى اَنَّهٗ قَدْ خَرَجَ مِنْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ وَمِثْلُ الْحَرَمِ يُعَبَّرُ

اور جیسے کوئی شخص یہ دیکھ رہا ہے کہ اسکے پچھنے لگائے جارہے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اس پر کوئی شرط لکھی جائیگی۔ یا یہ دیکھا کہ اس پر کوئی شرط لکھی جارہی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اس کے پچھنے لگائے جائیں گے کیونکہ عربی میں شرط کے معنی پچھنے لگانے کے ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اسکو قبر میں داخل کیا جارہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ قید ہوگا

عَنْهُ بِاَنَّهٗ قُبُوْرٌ

اور اگر یہ دیکھا کہ اسکو کسی ایسی جگہ قید کیا گیا کہ نہ اس کی ہیئت یاد ہے نہ وہاں کے رہنے والوں کو جانتا ہے تو اسکی یہ تعبیر ہوگی کہ وہ قبر میں داخل ہوگا۔

وَاِنْ رَاٰی عَدُوًّا هَجَمَ فَاِنَّهٗ سَيْلٌ يَسِيْلُ وَمِثْلُ الْجَرَادِ يُعَبَّرُ عَنْهُ اَنَّهٗ جُنْدٌ وَّالْجُنُوْدُ جَرَادٌ وَّاَشْبَاهُ ذٰلِكَ كَثِيْرَةٌ لَا تُحْصٰى

اور اگر یہ دیکھا کہ کسی دشمن نے اس پر ہجوم کیا ہے تو اسکا یہ مطلب ہے کہ اس مقام پر سیلاب آئیگا۔ اور ٹڈیوں کی تعبیر فوج سے اور فوج کی تعبیر ٹڈیوں سے ہوگی اور اس کے نظائر بہت سے ہیں۔

وَاَمَّا الْجَرَادُ فَيُعَبَّرُ عَنْهُ بِمَالٍ مَّكْنُوْنٍ مَا لَمْ يُسْمَعْ مَعَهٗ قَعْقَعَةٌ فَهُوَ خُصُوْمَةٌ وَّفِي الشَّعْرِ اَنَّهٗ مَالٌ وَّزِيْنَةٌ فَاِنْ سَالَ عَلَى الْوَجْهِ اَوْ كَثُرَ عَلَى الْخَدِّ فَهُوَ غَمٌّ وَّهَمٌّ وَقِيْلَ اِنَّهٗ كِسْوَةٌ فَاِنْ كَانَ مَكْفُوْفًا فَهُوَ كَلَامٌ سُوْءٌ يُرْمٰى بِهٖ وَلَا يَقْدِرُ عَلٰى دَفْعِهٖ وَمَنْ رَاٰی اَنَّ لَهٗ رِيْشًا وَّجَنَاحَيْنِ فَاِنَّهٗ مَالٌ وَّرِيَاشٌ فَاِنْ طَارَ بِهِمَا سَافَرَ

اور ٹڈی کی تعبیر پوشیدہ مال سے بھی ہوتی ہے بشرطیکہ اسکے ساتھ اسکی بھنبھناہٹ نہ ہو اگر بھنبھاہٹ ہوگی تو اسکی تعبیر خصومت ہوگی۔ اور بال کی تعبیر مال و زینت ہے لیکن اگر وہ چہرے پر جا پڑیں یا رخسار پر زیادہ ہوجائیں تو وہ رنج و غم کی علامت ہیں اور بعض لوگ اس سے لباس بھی مراد لیتے ہیں۔ اور اگر کسی نے بالوں کو لپٹے ہوئے دیکھا تو اسکا مطلب یہ ہے کہ اسکے متعلق برے الفاظ کہے جائینگے اور وہ اسکی مدافعت پر قادر نہ ہوگا اور جسنے یہ دیکھا کہ اسکے ریش (پر) اور پنکھ ہیں تو اس کی تعبیر مال اور ریاش (مال) ہوگی۔ اور اگر اس پر و پنکھ سے وہ اُڑ گیا تو اسکی تعبیر سفر سے ہوگی۔

وَمَنْ رَاٰی اَنَّ يَدَهٗ قُطِعَتْ فَاحْتَمَلَهَا وَبَقِيَتْ مَعَهٗ فَهُوَ اَخٌ اَوْ وَلَدٌ يَسْتَفِيْدُهٗ فَاِنْ فَارَقَتْهُ فَهِيَ مُصِيْبَةٌ لَّهٗ فِيْ اَخٍ اَوْ وَلَدٍ

اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اسکا ہاتھ کاٹا گیا اور اسنے اسکو اُٹھا لیا اور وہ کٹا ہوا ہاتھ اسکے ساتھ رہا تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ اس کے بھائی یا لڑکے سے اسکو فائدہ ہوگا لیکن اگر کٹا ہاتھ اس سے جُدا ہوگیا تو بھائی یا لڑکے سے اس کو مصیبت پہنچے گی۔

وَفِي الْمَرِيضِ يَرَى أَنَّهُ صَحِيحٌ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ وَلَا يَتَكَلَّمُ فَإِنَّهُ يَمُوتُ۔

اور اگر کسی مریض نے یہ دیکھا کہ وہ تندرست ہوگیا اور گھر سے نکلا، تو اگر بات بھی کی تو اچھا ہوجائے گا اور بات نہ کی تو مرجائے گا۔

وَإِنْ تَكَلَّمَ يَبْرَأُ وَفِي الْمَقَامَاتِ أَنَّهَا نِسَاءٌ غَيْرُ عَفِيفَاتٍ مَا لَمْ تَخْتَلِفْ أَلْوَانُهَا وَإِنْ كَانَتْ بَيْضَاءَ وَسَوْدَاءَ فَهِيَ الْأَيَّامُ وَاللَّيَالِي وَفِي السَّمَكِ إِنْ عُرِفَ عَدَدُهُ فَهُوَ نِسَاءٌ وَإِنْ لَمْ يُعْرَفْ فَهُوَ مَالٌ وَغَنِيمَةٌ وَأَشْبَاهُ ذٰلِكَ كَثِيرَةٌ

اور مقامات میں یہ ہے کہ اگر وہ مختلف رنگ کی نہ ہوں تو ناپاک عورتیں ہیں۔ اور اگر سفید وسیاہ ہوں تو وہ دن اور رات ہیں۔ اور مچھلی کی اگر تعداد معلوم ہو تو وہ عورتیں ہیں اور عدد معلوم نہ ہو تو وہ مالِ غنیمت ہے۔ اسی طرح اس کی مثالیں بہت سی ہیں۔

وَأَمَّا اخْتِلَافُ النَّاسِ وَهَيْئَاتِهِمْ فَقَدْ تَخْتَلِفُ الرُّؤْيَا بِاخْتِلَافِ ذٰلِكَ مِثْلُ الرَّجُلِ يَرَى أَنَّهُ مَغْلُولُ الْيَدِ أَوِ الْعُنُقِ فَإِنْ كَانَ الرَّجُلُ سِيمَاهُ الْخَيْرُ وَالدِّيْنُ فَهُوَ صَلَاحٌ فِي حَقِّهِ وَاجْتِنَابُ الشَّرِّ وَالْفَسَادِ وَإِنْ كَانَ سِيمَاهُ ضِدَّهُ فَذٰلِكَ فَهُوَ كَثِيرُ الْمَعَاصِي مِنْ أَهْلِ النَّارِ أَجَارَنَا اللّٰهُ مِنْهَا بِكَرَمِهِ آمِيْنَ۔

اسی طرح لوگوں کی حیثیتوں اور انکی حالتوں کے لحاظ سے بھی تعبیر میں اختلاف ہوتا ہے مثلاً اگر کوئی شخص دیندار اور صاحبِ خیر ہے اور اسنے خواب میں دیکھا کہ اسکے ہاتھ یا گردن میں طوق ڈالا گیا ہے تو یہ اسکے حق میں صلاحیت اور شر و فساد سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے اور اگر اسکے اعمال اسکے خلاف ہوں تو اس سے گناہوں کا بکثرت سرزد ہونا، اور اسکا جہنمی ہونا ثابت ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس سے محفوظ رکھے آمین

وَأَمَّا اخْتِلَافُ الْأَوْقَاتِ فَمِثْلُ الرَّجُلِ يَرَى أَنَّهُ رَاكِبٌ فِيلًا فَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ لَيْلًا نَالَ أَمْرًا جَسِيمًا كَامِلًا

اسی طرح اوقات کے اختلاف سے بھی تعبیر میں تغیر ہوجاتا ہے جیسے کسی نے دیکھا کہ وہ ہاتھی پر سوار ہے تو اگر یہ خواب رات میں دیکھا تو اس کا

الْمَنْفَعَةِ وَاِنْ كَانَ نَهَارًا طَلَّقَ زَوْجَتَهٗ

مطلب یہ ہوگا کہ وہ بہت نفع دینے والے کام کا مالک ہوگا اور اگر یہ خواب دن میں دیکھے تو اپنی بیوی کو طلاق دے گا۔

فَصْلٌ۔ وَاعْلَمْ اَنَّ اَصْدَقَ اَوْقَاتِ الرُّؤْيَا اٰخِرُ اللَّيْلِ وَوَقْتُ الْقَائِلَةِ اَوْ بِالنَّهَارِ وَاَصْدَقُ الزَّمَانِ وَقْتُ اِدْرَاكِ الثَّمَرَةِ وَبَيْعِهَا وَاَضْعَفُ الرُّؤْيَا زَمَانَ الشِّتَاءِ وَمَجِيْءِ الْمَطَرِ

فصل۔ یہ بھی جاننا چاہیئے کہ وہ خواب جو رات کے آخری حصے یا دن میں قیلولہ کے وقت دیکھے جائیں ان کی تعبیر سچی ہوتی ہے اور پھل کے پکنے اور فروخت ہونیکے وقت کے خواب بہت بہتر ہوتے ہیں۔ جاڑے اور بارش کے آنیکے وقت کے خواب کمزور ہوتے ہیں

فَصْلٌ۔ وَيَنْبَغِيْ لِلْمُعَبِّرِ اَنْ يَفْهَمَ كَلَامَ صَاحِبِ الرُّؤْيَا وَيَعْرِضَهَا عَلَى الْاُصُوْلِ فَاِنْ كَانَ كَلَامًا صَحِيْحًا يُشْبِهُ بَعْضُهٗ بَعْضًا وَيَدُلُّ عَلٰى مَعَانٍ مُّسْتَقِيْمَةٍ فَهِيَ الرُّؤْيَا الصَّحِيْحَةُ وَاِنْ كَانَ يَحْتَمِلُ عَلٰى مَعَانٍ مُّخْتَلِفَةٍ نَظَرَ اِلٰى مَا هُوَ اَوْلٰى بِاَلْفَاظِهَا وَاَقْرَبُ اِلَى الْاَصْلِ فَيَحْمِلُهَا عَلَيْهِ وَاِنْ كَانَتِ الرُّؤْيَا كُلُّهَا مُخْتَلِفَةً لَا تَلْتَئِمُ عَلَى الْاُصُوْلِ فَهِيَ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ وَاِنِ اشْتَبَهَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ فِيْ ذٰلِكَ سَاَلَهٗ عَنْ ضَمِيْرِهٖ فِيْ صَلَاتِهٖ اِنْ كَانَتِ الرُّؤْيَا فِيْ صَلَاةٍ اَوْ عَنْ سَفَرِهٖ اِنْ كَانَتِ الرُّؤْيَا فِي السَّفَرِ اَوْ عَنْ نِكَاحِهٖ اِنْ كَانَتِ الرُّؤْيَا فِي النِّكَاحِ ثُمَّ يَقْضِيْ

فصل۔ اور تعبیر دینے والے کے لئے یہ ضروری ہے کہ خواب دیکھنے والے کی بات کو اچھی طرح سمجھے اور اس خواب پر اصول کے لحاظ سے غور کرے اگر اس کی بات صحیح مسلسل ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہو اور ٹھیک ٹھیک مطلب معلوم ہوتا ہو تو سمجھے کہ یہ خواب ٹھیک ہے اور اگر اسکے معانی مختلف ہوسکتے ہیں تو دیکھے کہ اس کے الفاظ سے کون سے معنیٰ اصل سے نزدیک ہوتے ہیں تو وہ معانی اسی کے لحاظ سے اختیار کرے اور اگر خواب سب کا سب مختلف ہو کہ اصول پر نہیں جمتا تو یہ لغو خواب ہیں۔ اور اگر معاملہ مشتبہ ہو جائے تو پھر اس کے دل کی حالت معلوم کرے اگر خواب نماز کے بارے میں ہو تو اس سے نماز کے بارے میں پوچھے اور سفر کے بارمیں ہو تو سفر کے متعلق پوچھے اور اگر خواب نکاح سے متعلق ہو

عَلَيْهِ بِالضَّمِيْرِ تو نکاح کے بارمیں پوچھے پھر اسکی تعبیر دل سے دے

فَإِنْ دَلَّتِ الرُّؤْيَا عَلٰى فَاحِشَةٍ اَوْ اور اگر خواب کی تعبیر کسی فحش یا بُرے کام سے

قَبِيْحٍ اَمْرٍ اَسَرَّهٗ عَلَيْهِ وَعَبَّرَ عَنْهُ ہوتی ہو تو اس کو ظاہر نہ کرے یا اس کی تعبیر کسی

بِاَحْسَنِ عِبَارَةٍ وَاَسَرَّ عَنْهُ مَاتَدُلُّ اچھے طریقے پر دیدے اور خواب کی جو اصل تعبیر

عَلَيْهِ الرُّؤْيَا ہوسکتی ہو اُس کو پوشیدہ رکھے۔

فصل۔ وَاِذَا عُلِمَ اَصْلُ الرُّؤْيَا جِنْسًا فصل ۔ اور جب خواب کی اصلیت میں جنس

وَّصِنْفًا وَّطَبْعًا فَلْيَكُنْ حَمْلُ تَعْبِيْرِهٖ اور قسم اور طبیعت معلوم کرلے تو اس کی تعبیر اسی

عَلٰى ذٰلِكَ وَتَعْوِيْلِهٖ عَلَيْهِ فِي التَّاْوِيْلِ پر محمول کرے اور تاویل میں اس کا لحاظ رکھے

اَمَّا الْجِنْسُ فَمِثْلُ الشَّجَرَةِ وَالسِّبَاعِ مثلاً جنس تو درخت، اور درندے اور پرندکہ یہ

وَالطُّيُوْرِ فَهٰذِهٖ كُلُّهَا الْاَغْلَبُ اَنَّهَا کُل کے کُل اکثر "مرد" ہوتے ہیں۔ پھر اس کے بعد

كُلُّهَا رِجَالٌ ثُمَّ يُنْظَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي قسم پر غور کرے۔ اگر خواب میں دیکھا تو دیکھے کہ وہ

الصِّنْفِ فَاِنْ كَانَتِ الرُّؤْيَا شَجَرَةً نَظَرَ کون سے درخت ہیں یا اگر درندے یا پرندے دیکھے

اَيُّ الْاَشْجَارِ هِيَ اَوْ سَبُعًا اَوْ طَيْرًا نَظَرَ تو غور کرے کہ کون سے درندے و پرندے ہیں پھر

اَيُّ الْاَصْنَافِ هِيَ ثُمَّ يَقْضِيْ عَلٰى ذٰلِكَ اسی کے مطابق فیصلہ کرے۔

فَاِنْ كَانَتْ مِنَ النَّخْلِ كَانَ شلاً اگر کھجور کا درخت ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ

عَزِيْزًا عَرَبِيًّا لِاَنَّ مَنَابِتَ النَّخْلِ وہ معزز اور عربی ہوگا، کیونکہ کھجور کا درخت ممالک

فِيْ بِلَادِ الْعَرَبِ وَاِنْ كَانَتْ مِنَ الْجَوْزِ عرب میں ہوتا ہے اور اگر اخروٹ ہے تو وہ عجمی

كَانَ رَجُلًا عَجَمِيًّا لِاَنَّ نَبَاتَهٗ فِيْ بِلَادِ آدمی ہے۔ کیونکہ اخروٹ ممالک عجم میں ہوتا ہے

الْعَجَمِ وَكَذٰلِكَ الطَّائِرُ فَاِنْ كَانَ عَظِيْمًا اور اسی طرح پرندہ کہ اگر وہ بڑا ہوگا تو عربی آدمی

فَهُوَ رَجُلٌ مِّنَ الْعَرَبِ وَاِنْ كَانَ ہوگا۔ اور اگر مور ہوگا تو وہ عجمی ہوگا پھر اس کے

طَاؤُسًا فَهُوَ مِنَ الْعَجَمِ ثُمَّ يُنْظَرُ بَعْدَ بعد طبیعت پر غور کرے اگر وہ کھجور کا درخت ہے

ذٰلِكَ فِي الطَّبْعِ اِنْ كَانَتْ شَجَرَةٌ مِّنَ النَّخْلِ قَضَيْتَ بِاَنَّهٗ كَثِيْرُ الْخَيْرِ وَ طَيِّبُ الْاَصْلِ وَاِنْ كَانَتْ مِنَ الْجَوْزِ قَضَيْتَ لَهٗ بِالْغِشِّ فِي الْمُعَامَلَةِ وَالْخُصُوْمَةِ لِاَجْلِ قَعْقَعَتِهٖ وَلَا يُوْصَلُ اِلٰى مَافِيْهِ اِلَّا بِكَسْرِهٖ

تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ بہت بھلائی کرنے والا اور پاک اصل کا ہوگا۔ اور اگر اخروٹ کا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ معاملہ میں دھوکا دیگا اور جھگڑالو ہوگا کیونکہ اخروٹ کو کھڑکھڑانا پڑتا ہے اور اس کو توڑے بغیر کوئی اس کو حاصل نہیں کر سکتا۔

وَاِنْ كَانَتْ طَائِرًا فَهُوَ رَجُلٌ ذُوْ اَسْفَارٍ لِاَجْلِ طَيَرَانِهٖ وَاِنْ كَانَ طَاؤُسًا فَهُوَ رَجُلٌ مَّلِكٌ مِّنَ الْعَجَمِ ذُوْ زِيْنَةٍ وَّ مَالٍ وَّ اَتْبَاعٍ وَكَذٰلِكَ اِنْ كَانَ نَسْرًا اَوْ عُقَابًا وَاِنْ كَانَ غُرَابًا فَهُوَ رَجُلٌ فَاسِقٌ لَا دِيْنَ لَهٗ وَكَذٰلِكَ الْعَقْعَقُ فَقِسْ عَلٰى ذٰلِكَ بِمُقْتَضَاهُ تُرْشَدْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ۔

اور اگر پرندہ ہے تو چونکہ وہ اُڑتا رہتا ہے، اس لئے وہ آدمی زیادہ سفر کرنیوالا ہوگا۔ اور اگر وہ مور ہوگا تو ملک عجم کا بادشاہ ہے زینت و مال والا اور اسکے پیرو بہت ہونگے۔ اور یہی تعبیر ہوگی اسکی جو شاہین یا عقاب ہوگا۔ لیکن اگر وہ کوا ہوگا تو اس سے مراد یہ ہوگی کہ وہ فاسق ہے جسکا کوئی دین نہیں اور اسی طرح عقعق ہے جو کوے کی طرح کا ایک پرندہ ہوتا ہے اور اسی طرح قیاس کر کے تعبیر دیا کرو، انشاء اللہ ہدایت پاؤ گے اور اللہ ہی سے توفیق مل سکتی ہے۔

اَلْبَابُ الثَّانِيْ

دوسرا باب

فِيْ تَاْوِيْلِ رُؤْيَةِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر کے بیان میں

فَمَنْ رَاٰهُ عَلٰى حَالِ الْقَبُوْلِ لَهُ الْبُشْرٰى وَالسُّرُوْرُ وَالْاِقْبَالُ عَلَيْهِ فَاِنَّهٗ يَلْقَاهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى مِثْلِ تِلْكَ الْحَالَةِ وَيَدُلُّ عَلٰى قَبُوْلِ عَمَلِهٖ فِيْ دُنْيَاهُ فَاِنْ رَاٰهُ

جس شخص نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں اچھی حالت میں دیکھا تو اس کو خوشخبری اور خوشی اور کامیابی حاصل ہوگی کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کو قیامت کے دن اسی حالت میں پائے گا۔

وَاسْتَطَاعَ النَّظَرَ إِلَيْهِ فَإِنَّهُ يَكُوْنُ فِي دُنْيَاهُ مَشْكُوْرًا وَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ

اور یہ اس بات کی بھی دلیل ہے کہ دنیا میں اسکے اعمال قبول ہونگے۔ اور اگر اُس نے اللہ تعالیٰ کو نظر بھر کر دیکھا تو دنیا میں اس کی قدر دانی ہوگی اور جنت میں جائیگا۔

وَإِنْ رَآهُ كَأَنَّهُ أَعْطَاهُ شَيْئًا مِّنْ مَتَاعِ الدُّنْيَا أَصَابَهُ مَرَضٌ فِي بَدَنِهِ وَبَلَاءٌ وَامْتِحَانٌ يُوْجِبُ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ عَلَى ذٰلِكَ مَا يُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ فَإِنْ رَأَى اللّٰهَ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى أَنَّهُ نَزَلَ مَكَانًا مُعَيَّنًا شَمِلَ أَهْلَ ذٰلِكَ الْمَكَانِ الْخَيْرُ وَالْفَرَحُ وَالسُّرُوْرُ وَالنَّصْرُ

اور جس نے یہ دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے اُس کو کوئی دنیوی چیز عطا فرمائی تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو کوئی مرض لاحق ہوگا یا کوئی بلا پہنچے گی۔ یا اس کا امتحان لیا جائے گا جس کا اس کو ایسا اجر ملے گا جس کی بنا پر وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ اور اگر کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کا کسی معین مکان میں نزول ہوا تو اس مکان کے رہنے والوں کو بھلائی، خوشی، سرور و کامیابی حاصل ہوگی۔

فَإِنْ رَآهُ كَلَّمَهُ بِمَا فِيْهِ زَجْرٌ أَوْ نَهْيٌ أَوْ وَعْدٌ أَوْ وَعِيْدٌ فَهُوَ رَجُلٌ عَاصٍ فَلْيَرْجِعْ عَمَّا هُوَ فِيْهِ

اور جس نے اس طرح دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے ایسی گفتگو کی جس میں ڈانٹ ڈپٹ یا ممانعت یا وعدہ وعید ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ آدمی گناہگار ہے جن اعمال میں وہ مبتلا ہے ان کو چھوڑ دینا چاہیئے۔

وَمَنْ رَأَى اللّٰهَ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى فِي فِرَاشِهِ وَرَآهُ يُبَارِكُ عَلَيْهِ فَلْيُبَشَّرْ بِكَرَامَاتِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهِ فَإِنَّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا لَا يَرَاهَا إِلَّا رَجُلٌ مِّنَ الصَّالِحِيْنَ الْأَبْرَارِ فَإِنْ رَآهُ مُصَوَّرًا أَوْ رَأَى خَيَالَهُ أَوْ مِثْلَهُ فَإِنَّ ذٰلِكَ

اور جس نے یہ دیکھا کہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ اسکے بچھونے میں آگیا ہے اور اسکو مبارکبادی دے رہا ہے تو اسکو اس بات کی بشارت ہے کہ اللہ تعالیٰ کیطرف سے اسکو بزرگی ملیگی اور رحمت اس پر نازل ہوگی کیونکہ ایسا خواب بجز نیک اور پرہیزگاروں کے اور کوئی نہیں دیکھتا۔ اور اگر کسی نے اللہ کو ایسے دیکھا

الرَّجُلُ الرَّائِی یَکُوْنُ رَجُلًا کَذَّابًا عَظِیْمَ الْفِرْیَةِ عَلَی اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی مُرْتَکِبًا لِلْبِدَعِ فَلْیُبَادِرْ بِالتَّوْبَةِ وَالْاِسْتِغْفَارِ وَکَذٰلِکَ اِنْ رَاٰہُ نَاقِصًا اَوْ تِمْثَالًا اَوْ صَنَمًا اَوْ مَالَا یَلِیْقُ بِجَمَالِہٖ وَکَمَالِہٖ وَجَلَالِہٖ لِاَنَّہٗ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی مُنَزَّہٌ عَنْ ذٰلِکَ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔

جیسے اسکی تصویر بنائی گئی ہے یا اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کا خیال معلوم ہوا یا اللہ تعالیٰ کے مثل کسی کو دیکھا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ یہ خواب دیکھنے والا جھوٹا اور اللہ سبحانہ وتعالےٰ پر بہت تہمت لگانیوالا اور بدعتوں کا مرتکب ہے۔ لہٰذا توبہ واستغفار کی طرف اسکو جلدی کرنی چاہیئے اور اسی طرح اگر اللہ تعالیٰ کو ناقص حالت میں دیکھا یا اللہ تعالیٰ کو بُت یا تصویر یا کسی اور طریقے پر دیکھا جو اللہ تعالیٰ کے جمال وکمال وجلال کے لائق نہ ہو تو توبہ استغفار کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ ان تمام باتوں سے پاک ہے۔ واللہ اعلم

حِکَایَةٌ۔ حُکِیَ اَنَّہٗ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰی جَعْفَرِ الصَّادِقِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فَقَالَ رَاَیْتُ کَاَنَّ رَبِّیْ نَاوَلَنِیْ حَدِیْدًا وَسَقَانِیْ شَرْبَةً مِّنْ خَلٍّ فَمَا یَکُوْنُ ذٰلِکَ؟ فَقَالَ لَہُ الْاِمَامُ اَمَّا مَا رَاَیْتَ مِنَ الْحَدِیْدِ فَاِنَّہٗ شِدَّةٌ لِقَوْلِہٖ تَعَالٰی فِیْہِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْہِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَلَرُبَّمَا تَعَلَّمَ بَعْضُ اَوْلَادِکَ صَنْعَةَ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَاَمَّا شُرْبُکَ الْخَلَّ فَاِنَّکَ تُرْزَقُ مَالًا فِیْ مَرَضٍ یُّصِیْبُکَ یَطُوْلُ فِیْہِ مَضْجَعُکَ فَاِنْ تَوَفَّاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی فَاِنَّہٗ یَکُوْنُ عَنْکَ رَاضِیًا وَیَغْفِرُ لَکَ مِنَ الذُّنُوْبِ الْمُسْتَقْبِلِ وَالْمَاضِیْ۔

حکایت نقل ہے کہ ایک شخص حضرت جعفر صادقؓ کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے خواب دیکھا ہے کہ گویا اللہ تعالیٰ نے مجھے لوہا عطا فرمایا ہے اور سرکہ کا ایک گھونٹ پلایا ہے اسکی تعبیر کیا ہوگی، تو امام نے ارشاد فرمایا کہ لوہے سے مراد تو سختی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ اور ہمنے لوہا اُتارا جسمیں سخت ہیبت ہے اور ممکن ہے کہ تیری اولاد حضرت داؤدؑ کی یہ صنعت سیکھ لے کہ وہ لوہے کی صنعت جانتے تھے، لیکن اللہ تعالیٰ نے جو سرکہ پلایا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ تجھکو ایک مرض ہوگا جسمیں تو ایک مدت تک مبتلا رہیگا اور اسی مرض کیحالت میں تجھکو بہت مال ملیگا اور اگر اللہ تعالیٰ تجھے وفات دیدے تو وہ تجھ سے راضی ہوگا اور تیرے گزشتہ وآئندہ کے سب گناہ معاف فرما دیگا

اَلْبَابُ الثَّالِثُ تیسرا باب

فِیْ رُؤْیَةِ الْمَلَائِکَةِ وَالْاَنْبِیَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَالْعُلَمَاءِ وَالْکَعْبَةِ وَالْاَذَانِ وَالصَّلٰوۃِ وَالْحَجِّ

خواب میں فرشتے، انبیاء، نیک لوگ، علماء اور کعبہ کو اور اذان نماز، حج ادا کرتے ہوئے دیکھنے کا بیان

مَنْ رَّاٰی مَلَکًا مِّنَ الْمَلَائِکَةِ فَاِنَّهٗ یَنَالُ شَرَفًا فِیْ دُنْیَاهُ فَرَحًا وَّ نَصْرًا لِاَهْلِ تِلْكَ الْبَلْدَةِ وَرُؤْیَةُ اَشْرَفِ الْمَلَائِکَةِ تَدُلُّ عَلَی الْبِشَارَةِ بِالْخَیْرِ وَالشَّهَادَةِ وَالْخِصْبِ وَکَثْرَةِ الْاَمْطَارِ وَسَعَةِ الْاَرْزَاقِ وَرُخْصِ الْاَسْعَارِ

جس نے کسی فرشتے کو خواب میں دیکھا تو اُس کو دُنیا میں بزرگی اور خوشی حاصل ہوگی اور اس شہر کے رہنے والوں کو کامیابی حاصل ہوگی۔ اور جلیل القدر فرشتوں کا دیکھنا بھلائی اور شہادت اور تروتازگی اور بارش کی کثرت اور وسعتِ رزق اور نرخ کی ارزانی کی دلیل ہے۔

فَاِنْ رَّاَی الْمَلَائِکَةَ عَلَیْهِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ فِی الْمَسَاجِدِ فَاِنَّهُمْ یَأْمُرُوْنَ اَهْلَ تِلْكَ الْبَلْدَةِ بِالدُّعَاءِ وَالصَّلٰوۃِ وَالصَّدَقَةِ وَکَثْرَةِ الْاِسْتِغْفَارِ لِاَهْلِ تِلْكَ الْاَرْضِ لِتَقْصِیْرِهِمْ فِیْ دِیْنِهِمْ فَاِنْ رَّاٰهُمْ فِی السُّوْقِ فَاِنَّهُمْ یَنْهَوْنَ النَّاسَ عَنْ بَخْسِ الْمِکْیَالِ وَالْمِیْزَانِ وَاِنْ رَّاٰهُمْ فِی الْمَقَابِرِ کَثُرَ الْوَبَاءُ فِی الْفُقَهَاءِ وَالْعُلَمَاءِ وَالزُّهَّادِ وَاِنْ رَّاٰی رَجُلًا شَخْصًا مَجْهُوْلًا یُعَبَّرُ عَنْهُ بِالْمَلَائِکَةِ فَاِنَّهٗ مَلَكٌ مُّهِمٌّ

اور اگر ملائکہ علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مساجد میں دیکھا تو اس کا یہ مطلب ہے کہ گویا اس جگہ کے رہنے والوں میں دین کی کمزوری ہے اور اسی لئے وہ اس شہر والوں کو دعا اور نماز، صدقہ و کثرتِ استغفار کا حکم دے رہے ہیں۔ اور اگر انکو بازار میں دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ لوگوں کو ناپ تول میں کمی کرنے سے منع کر رہے ہیں۔ اور اگر ان کو قبرستان میں دیکھا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ فقہاء و علماء اور زاہدین میں وباء عام ہوگی۔ اور اگر کسی نے خواب میں کوئی ایسا شخص دیکھا جو نامعلوم ہے اور اسکو فرشتہ کہا جا رہا ہے تو وہ حقیقۃً بڑا فرشتہ ہی ہے۔

فصل۔ وَمَنْ رَّاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

جس نے خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

وَسَلَّمَ فِي مَنَامِهٖ فَإِنَّهٗ بَشَارَةٌ بِالْخَيْرِ وَرُبَّمَا قَدَّمَ مِنْ أَفْعَالِ الْبِرِّ مَا لَمْ يَكُنْ فِي الرُّؤْيَا مَكْرُوْهٌ فَإِنْ رَأَى فِيْهَا مَكْرُوْهًا أَصَابَهٗ فِي دُنْيَاهُ ضِيْقٌ

کی اور خواب میں کوئی ناگوار بات نہیں پیش آئی تو یہ نیکی کی خوشخبری ہے اور یہ کہ اس سے نیک اعمال سرزد ہونگے۔ اور اگر خواب میں کوئی ناگوار بات پیش آگئی تو اس کو دنیا میں تنگی پہنچے گی۔

فَإِنْ رَآهُ فِي أَرْضٍ جَدْبَةٍ أَصَابَهَا الْخِصْبُ وَإِنْ رَآهُ أَحَدٌ وَهُوَ فِي كَرْبٍ وَهَمٍّ وَضِيْقٍ أَتَاهُ اللّٰهُ بِالْفَرَجِ وَمَنْ رَآهُ بِسَاحَةِ رَجُلٍ نَزَلَ بِهٖ مِنَ النَّارِ وَالْهَلَاكِ وَإِنْ رَآهُ نَاقِصَ الْخِلْقَةِ أَوْ مَرِيْضًا أَوْ مَيِّتًا أَوْ مُتَغَيِّرَ الْحَالِ فَلَا خَيْرَ فِي تِلْكَ الرُّؤْيَا فَإِنَّهَا نَقْصٌ فِي دِيْنِ الرَّائِي

اور جس نے آپؐ کو خشک زمین میں دیکھا تو وہاں سرسبزی ہو جائیگی۔ اور اگر کسی نے آپؐ کو اُس وقت دیکھا جبکہ وہ تکلیف اور رنج وغم میں ہو تو اسکی تمام تکلیفات دُور ہو جائیں گی۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آپ کسی شخص کے صحن میں ہیں تو وہاں پر آگ اور ہلاکت نمودار ہوگی۔ اور اگر کسی نے آپکو ایسا دیکھا کہ ناقص الخلقت ہیں یا مریض ہیں یا آپ مرے ہوئے ہیں یا آپکی حالت بدلی ہوئی ہے تو اس خواب میں کوئی بھلائی نہیں یہ خواب دیکھنے والے کے دین میں نقصان کی علامت ہے

وَمَنْ رَأَى أَنَّهٗ يَلْبَسُ حَسَنًا فَإِنَّ ذٰلِكَ يَدُلُّ عَلٰى حُسْنِ حَالِ أُمَّتِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ وَمَنْ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ فَإِنَّهٗ يَطْلُبُ مِنْ أُمَّتِهِ الْجِهَادَ وَفِي دِيْنِ الرَّائِي نَقْصٌ۔

اور جس نے دیکھا کہ آپؐ اچھے کپڑے پہنے ہوئے ہیں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپؐ کی اُمت دین و دنیا میں اچھی ہے۔ اور جس نے دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم چل رہے ہیں تو اسکا یہ مطلب ہے کہ آپ اپنی اُمت کو جہاد کا حکم دے رہے ہیں، لیکن دیکھنے والے کے دین میں نقص ہے۔

وَمَنْ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحُجُّ فَإِنَّهٗ يَحُجُّ وَمَنْ رَآهُ وَهُوَ يَخْطُبُ تُطِيْعُ أُمَّتُهٗ وَمَنْ رَآهُ يَنْظُرُ فِي الْمِرْآةِ

اور جس نے دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حج کر رہے ہیں تو وہ حج کریگا۔ اور جس نے دیکھا کہ آپؐ وعظ فرما رہے ہیں تو آپؐ کی اُمت اطاعت کریگی اور

فَإِنَّهُ يَحُثُّ أُمَّتَهُ عَلَى الْأَمَانَةِ

جس نے یہ دیکھا کہ آپ آئینہ دیکھ رہے ہیں تو گویا آپ اُمت کو امانت کی ادائیگی کی ترغیب دے رہے ہیں۔

وَمَنْ رَآهُ يَأْكُلُ فَإِنَّهُ يَحُثُّ أُمَّتَهُ عَلَى أَدَاءِ الزَّكٰوةِ وَمَنْ رَآهُ أَلْبَسَهُ شَيْئًا مِنْ ثِيَابِهِ أَوْ دَفَعَ لَهُ خَاتَمَهُ أَوْ سَيْفَهُ أَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ فَإِنَّهُ إِنْ لَاقَ بِهِ الْمُلْكُ نَالَهُ وَإِنْ لَاقَ بِهِ الْفِقْهُ نَالَهُ وَإِنْ لَاقَتْ بِهِ الْعِبَادَةُ نَالَ مِنْهَا حَظًّا عَظِيْمًا۔

اور جس نے آپ کو کھاتے دیکھا تو گویا اپنی اُمت کو آپ زکوٰۃ کے ادا کرنے کی ترغیب دلا رہے ہیں اور جس شخص نے یہ دیکھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کپڑوں میں سے کوئی کپڑا اسکو پہنایا یا اسکو اپنی انگوٹھی یا تلوار یا اسی قسم کی کوئی اور چیز عطا فرمائی تو وہ ملک اور فقہ اور عبادت میں سے جو بھی چیز پائیگا اسمیں بڑا عروج پائیگا۔

خواب میں اور انبیاء علیہم السلام کو دیکھنا

فصل۔ وَأَمَّا رُؤْيَةُ بَاقِي الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فِي النَّوْمِ فَإِنَّهُمْ مِثْلُ الْمَلٰئِكَةِ فِي حَالَتِهِمْ مِنْ كَثْرَةِ الْخِصْبِ وَالْأَمْطَارِ وَرُخْصِ الْأَسْعَارِ وَالْفَرَجِ وَالْبِشَارَةِ وَالنُّصْرَةِ وَالْبَرَكَةِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ غَيْرَ أَنَّهُ لَيْسَ فِي رُؤْيَتِهِمُ الشَّهَادَةُ كَمَا فِي تَأْوِيْلِ رُؤْيَةِ الْمَلٰئِكَةِ

انبیاء علیہم السلام کو خواب میں دیکھنا بالکل فرشتوں کو دیکھنے کے مثل ہے کہ ترو تازگی اور بارش کی کثرت ہوگی اور نرخ سستے ہوں گے اور خوشخبری و برکت و کامیابی وغیرہ حاصل ہوگی۔ البتہ ان کے دیکھنے سے شہادت حاصل نہ ہوگی جیسی کہ فرشتوں کو دیکھنے کی تعبیر میں بتایا گیا تھا۔

وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ تَحَوَّلَ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ نَالَ شِدَّةً عَظِيْمَةً كَمَا نَالَ ذٰلِكَ النَّبِيُّ ثُمَّ تَكُوْنُ عَاقِبَتُهُ الْفَرَجَ وَالظَّفَرَ وَنَيْلَ الْقَبُوْلِ وَالْخَيْرِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَكَذٰلِكَ رُؤْيَةُ الْعُلَمَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ خَيْرٌ عَظِيْمٌ

اور جس نے یہ دیکھا کہ گزشتہ انبیاء میں سے کوئی نبی وہ خود بن گیا ہے تو جو تکلیف اس نبی نے پائی تھی وہی تکلیف یہ خواب دیکھنے والا پائیگا، لیکن آخر کار دنیا و آخرت میں بھلائی اور مقبولیت اور کامیابی اور غم سے نجات پائیگا۔ اور اسی طرح علماء و صالحین کو خواب میں دیکھنے سے بڑی بھلائی حاصل ہوگی۔

فصل - فِي رُؤْيَةِ الْكَعْبَةِ هِيَ فِي التَّاوِيْلِ إِمَامُ الْمُسْلِمِيْنَ فَمَنْ رَاٰى فِيْهَا زِيَادَةً أَوْ نُقْصَانًا أَوْ غَيْرَ ذٰلِكَ فَهُوَ حَدَثٌ بِالْإِمَامِ عَلٰى قَدْرِ مَا رَاٰى وَرُبَّمَا كَانَتِ الْكَعْبَةُ أَمْنًا فَمَنْ رَاٰى الْكَعْبَةَ فِيْ بَلَدٍ غَيْرِ مَكَّةَ كَانَ ذٰلِكَ أَمْنًا لِأَهْلِ تِلْكَ الْبَلْدَةِ

کعبہ - خواب میں کعبہ دیکھنا۔ کعبہ کی تعبیر یہ ہے کہ وہ امام المسلمین ہے۔ جو شخص اسمیں زیادتی یا کمی وغیرہ کو دیکھے گا تو جس قدر دیکھا ہے اسی قدر زیادتی یا کمی امام میں ظاہر ہوگی۔ اور کبھی کعبہ کو دیکھنے کی تعبیر امن سے دی جاتی ہے تو جس نے کعبہ کو مکہ کے سوا کسی شہر میں دیکھا تو اس شہر والوں کو امن ہوگا۔

فَإِنْ رَاٰهَا وَطَافَ بِهَا وَعَمِلَ شَيْئًا مِّنَ الْمَنَاسِكِ فَإِنَّ ذٰلِكَ صَلَاحُ دِيْنِهٖ وَمَنْ رَاٰى الْكَعْبَةَ لَمْ يَزَلْ فِيْ سُلْطَانٍ وَرِفْعَةٍ وَنَصْرٍ فَإِنَّهَا مَقْصِدٌ وَقِبْلَةٌ لِّلرَّاجِيْنَ وَمَنْ رَاٰى أَنَّهٗ جَعَلَ الْكَعْبَةَ وَرَاءَ ظَهْرِهٖ أَوْ صَلّٰى فَوْقَهَا فَقَدْ نَبَذَ الْإِسْلَامَ وَرَاءَ ظَهْرِهٖ

اور جس نے کعبہ کو دیکھا اور خواب میں اسکا طواف کیا اور کچھ مناسک حج ادا کئے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اسکے دین میں بہتری ہے۔ اور جسنے کعبہ کو دیکھا تو وہ ہمیشہ دبدبہ اور بلندی اور فتحمندی میں رہیگا کیونکہ وہ اصل مقصود ہے اور امیدواروں کا قبلہ ہے اور جسنے دیکھا کہ اسنے کعبہ کو اپنے پس پشت ڈالدیا ہے یا اسکے اوپر نماز پڑھی ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اسنے اسلام کو پیٹھ پیچھے ڈالدیا۔

حِكَايَةٌ - جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَالَ لَهٗ رَأَيْتُ أَنِّيْ أُصَلِّيْ فَوْقَ الْكَعْبَةِ فَقَالَ لَهٗ اتَّقِ اللّٰهَ تَعَالٰى فَإِنِّيْ رَأَيْتُكَ قَدْ خَرَجْتَ مِنْ دِيْنِ الْإِسْلَامِ فَقَالَ لَهٗ يَا سَيِّدِيْ أَنَا تَائِبٌ لِلّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى يَدَيْكَ مِنْ مَقَالَةِ الْقَدَرِيَّةِ فَإِنِّيْ قَدْ تَبِعْتُ

نقل - ایک شخص سعید بن مسیب کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ کعبہ کے اوپر نماز پڑھ رہا ہوں تو انھوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈر۔ میرا یہ خیال ہے کہ تو دین اسلام سے نکل چکا ہے تو اس نے عرض کیا حضور میں آپ کے ہاتھ پر توبہ کرتا ہوں کہ میں تقریباً دو ماہ سے فرقہ قدریہ کے اقوال پر چل رہا تھا۔

قَوْلُهُمْ مُنْذُ شَهْرَيْنِ۔

فصل۔ وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ يُصَلِّيْ فِي الْقِبْلَةِ مُسْتَقِيْمًا فَاِنَّهٗ عَلٰى هُدًى اٰيَةٍ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يُتِمُّ رُكُوْعَهٗ وَسُجُوْدَهٗ وَخُشُوْعَهٗ لِاَنَّ الصَّلٰوةَ وُصْلَةٌ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَهِيَ عِمَادُ الدِّيْنِ

اور جس نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ قبلہ کے اندر سیدھا نماز پڑھ رہا ہے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایت پر ہے اور سنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر عمل کر رہا ہے بشرطیکہ وہ رکوع اور سجدہ اور خشوع پورا پورا ادا کر رہا ہو کیونکہ نماز دراصل اللہ تعالیٰ سے وصال کا ذریعہ ہے اور وہ دین کی بنیاد ہے

فَمَنْ رَاٰى نُقْصَانًا فِيْهَا فَهُوَ نَقْصٌ فِيْ دِيْنِهٖ بِمِقْدَارِ مَا رَاٰى

اور اگر کسی نے نماز میں کوئی نقص دیکھا تو یہ اسکے دین میں اسیقدر نقص کی علامت ہے جسقدر کہ دیکھا ہے

وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ لَا يَعْرِفُ الْقِبْلَةَ فَذٰلِكَ حَيْرَةٌ فِيْ دِيْنِهٖ وَضَلَالَةٌ فَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ زَادَ فِيْ صَلَاتِهٖ فَقَدْ طَعَنَ فِيْ شَيْءٍ مِنْ اَرْكَانِ الْاِسْلَامِ اَوْ شَكَّ فِيْهِ وَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ يُصَلِّيْ نَحْوَ الْمَشْرِقِ فَاِنَّهٗ قَدْ وَقَعَ فِيْ قَوْلِ الْقَدَرِيَّةِ وَاِنْ كَانَ يُصَلِّيْ نَحْوَ الْمَغْرِبِ فَقَدْ وَقَعَ فِيْ قَوْلِ الْجَبْرِيَّةِ لِاَنَّ الشَّرْقَ قِبْلَةُ النَّصَارٰى وَالْغَرْبَ قِبْلَةُ الْيَهُوْدِ

اور اگر کسی نے خواب میں یہ دیکھا کہ اس کو قبلہ نہیں مل رہا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ دین میں متحیر ہے اور گمراہی کی نشانی ہے۔ اور اگر اُسنے خواب میں یہ دیکھا کہ اُسنے نماز میں زیادتی کی ہے تو گویا اُسنے یا تو ارکان اسلام میں سے کسی رُکن پر اعتراض کیا ہے یا یہ کہ اسمیں شک کیا ہے۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے مشرق کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھی تو گویا وہ فرقہ قدریہ میں شامل ہوگیا۔ اور جسنے یہ دیکھا کہ اُسنے مغرب کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھی ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ فرقہ جبریہ میں شامل ہوگیا کیونکہ مشرق نصاریٰ کا قبلہ ہے اور مغرب یہودیوں کا۔

وَكَذٰلِكَ اِنْ رَاٰى اَنَّهٗ تَحَوَّلَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا اَوْ مَجُوْسِيًّا اَوْ سَارِعٌ

اور اسی طرح اگر کسی نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ یہودی یا نصرانی یا مجوسی ہوگیا تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ اسکا

اِلیٰ اَذَاهُمْ وَیَکُوْنُ مَحْبُوْبًا لَّهُمْ فَاِنْ رَّاٰی اَنَّهٗ یَعْبُدُ صَنَمًا فَاِنَّهٗ رَجُلٌ یَّکْذِبُ عَلَی اللّٰهِ تَعَالٰی وَیَقُوْلُ الْبَاطِلَ وَرُبَّمَا کَانَ مُدْمِنًا عَلٰی شُرْبِ الْخَمْرِ اَوْ مَعْصِیَةٍ فَاِنْ کَانَ الصَّنَمُ مِنْ فِضَّةٍ فَاِنَّهٗ یَتَقَرَّبُ بِالْمَعْصِیَةِ اَوْ یَقُوْلُ الْبَاطِلَ اِلَی الْمَرْاَةِ وَاِنْ کَانَ الصَّنَمُ مِنْ ذَهَبٍ فَاِنَّهٗ یَرٰی مَا یَکْرَهُهٗ مِنْ اَمْرِهٖ وَیُبْغِضُهٗ وَاِنْ کَانَ الصَّنَمُ مِنْ خَشَبٍ فَاِنَّهٗ یَتَقَرَّبُ اِلٰی رَجُلٍ خَبِیْثٍ فِیْ دِیْنِهٖ وَاِنْ کَانَ مِنْ حَدِیْدٍ اَوْ نُحَاسٍ فَاِنَّهٗ یَطْلُبُ الدُّنْیَا

محبوب ہوگا اور انکی اذیت میں جلدی کریگا۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ بُت کی پوجا کر رہا ہے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بات کہیگا اور باطل باتیں کہیگا اور بہت ممکن ہے کہ وہ شراب پینے کا عادی ہو جائے اور گناہ کے کام کرنے لگے۔ اگر بُت چاندی کا ہو تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ گناہوں کے نزدیک ہو جائے یا کسی عورت سے باطل کہے۔ اور اگر بُت سونے کا ہے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ اپنے معاملات میں اسکو صدمہ پہنچے جو اسکو ناگوار ہو اور غصہ دلائے۔ اور اگر بُت لکڑی کا ہو تو وہ ایسے شخص کا مقرب بنے گا جو اپنے دین کے لحاظ سے خبیث ہو۔ اور اگر بُت لوہے یا تانبے کا ہو تو وہ طالبِ دُنیا بنے گا۔

فَاِنْ رَّاٰی اَنَّهٗ یَعْبُدُ النَّارَ فَاِنَّهٗ یَرٰی فِیْ دِیْنِهٖ الشَّیْطَانَ فَاِنْ لَّمْ یَکُنْ لَّهَا لَهَبٌ فَاِنَّهٗ یَطْلُبُ مَالًا حَرَامًا فَاِنْ رَّاٰی اَنَّهٗ یَؤُمُّ النَّاسَ فَاِنَّهٗ یَتَوَلّٰی اَمْرَ جَمَاعَةٍ مِّنَ النَّاسِ وَیَعْدِلُ بَیْنَهُمْ فِیْ وِلَایَتِهٖ هٰذَا اِذَا اسْتَقَامَتْ قِبْلَتُهٗ وَاِنْ لَّمْ تَکُنْ مُسْتَقِیْمَةً فَاِنَّهٗ یَجُوْرُ وَیَظْلِمُ فِی الْوِلَایَةِ

اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ آگ کی پوجا کر رہا ہے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ اپنے دین میں شیطان کو دیکھے گا۔ اور اگر آگ میں لپٹ نہ ہو تو وہ مال حرام کی طلب میں رہیگا اور جس نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ لوگوں کی امامت کر رہا ہے تو اگر قبلہ سیدھا ہے تو وہ لوگوں کی ایک جماعت کا ولی الامر ہوگا اور اپنی ولایت کے زمانے میں انکے ساتھ عدل و انصاف کریگا۔ لیکن اگر قبلہ سیدھا نہ تھا تو اپنی ولایت کے زمانے میں جور و ظلم کریگا۔

فَصْلٌ فِی الْاَذَانِ۔ اَلْاَذَانُ فِیْ وَقْتِ اَشْهُرِ اذان۔ اگر کسی نے حج کے مہینوں میں خواب میں

الحَجِّ حَجَّ وَرُبَمَا كَانَ سُلْطَانًا وَبَهَاءً فِي الدِّيْنِ اَمَّا اِذَا كَانَ الْاَذَانُ فِي غَيْرِ اَيَّامِ الْحَجِّ اَوْ فِي الْاَزِقَّةِ فِي جَمِيْعِ الْاَوْقَاتِ وَالْاَزْمَانِ فَاِنَّهُ اَخْبَارٌ صَحِيْحَةٌ طَيِّبَةٌ تَظْهَرُ فِي النَّاسِ

میں اذان سُنی تو اس بات کی علامت ہے کہ وہ حج کریگا اور کبھی اس کی تعبیر یہ بھی ہوتی ہے کہ اسکو دین میں بزرگی و رفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر اذان ایام حج کے سوا اور دنوں میں سُنی یا تمام اوقات اور زمانوں میں گلیوں میں اذان ہوتے ہوئے سُنی تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ لوگوں میں اچھی اور صحیح خبریں ظاہر ہونگی۔

اَلْمَنَارَةُ - اَيْ مَنَارَةُ الْمَسْجِدِ مَنْ رَاٰهَا انْهَدَمَتْ فَاِنَّهُ يَخْتَلِفُ اَهْلُ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ فِي اَدْيَانِهِمْ فَاِنْ رَاٰى اَنَّهُ اَذَّنَ وَلَمْ يُتِمَّ اَذَانَهُ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْخَيْرِ وَالصَّلَاحِ وَكَانَتْ اَشْهُرُ الْحَجِّ فَاِنَّهُ يَخْرُجُ اِلَى الْحَجِّ وَلَا يُتِمُّهُ وَاِنْ كَانَ غَيْرَ اَشْهُرِ الْحَجِّ فَاِنَّهُ يَسْرِقُ شَيْئًا وَلَا يُتِمُّ لَهُ وَيَشْتَهِرُ بِهٖ

مینارہ۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ مسجد کا مینارہ گر گیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس مقام کے رہنے والے مختلف مذاہب کے ہوجائیں گے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُسنے اذان تو دی لیکن پوری نہیں دی اور وہ صاحب خیر و صلاح ہے۔ اور اذان حج کے مہینوں کے اندر دی تو یہ اسکی نشانی ہے کہ وہ حج کو تو جائیگا لیکن حج نہ کرسکے گا۔ اگر حج کے مہینے نہ تھے تو یہ اس کی نشانی ہے کہ وہ چوری کریگا لیکن اس سے فائدہ نہ اُٹھا سکے گا اور چوری میں اسکی شہرت ہوجائیگی۔

فَاِنْ رَاٰى اَنَّهُ بَنٰى مَسْجِدًا فَاِنَّهُ يَتَاَلَّفُ مَعَ جَمَاعَةٍ عَلٰى خَيْرٍ وَتَزْوِيْجٍ فَاِنْ رَاٰى اَنَّهُ يُؤَذِّنُ بِكَلَامٍ لَا يَعْرِفُهُ فَاِنَّهُ رَجُلٌ سَرَّاقٌ فَاِنْ رَاٰى اَنَّهُ عَطَسَ فَقِيْلَ لَهُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَاِنَّ ذٰلِكَ بُشْرٰى بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَاِنْ رَاٰى اَنَّهُ حَلَقَ

اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اس نے مسجد بنائی ہے تو یہ اس کی نشانی ہے کہ وہ ایک جماعت کے ساتھ کسی بھلائی کے کام میں یا کسی کی شادی کرانے میں شریک ہوگا۔ اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ایسی زبان میں اذان دے رہا ہے جس کو وہ نہیں جانتا تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ زبردست چور ہے۔ اگر

رَاْسَهٗ فَاِنْ كَانَ اَوَانُ الْحَجِّ فَاِنَّهٗ يَحُجُّ اگرکسی نے یہ دیکھا کہ اس نے چھینکا ہے اور دوسرے
وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ اَوَانُ الْحَجِّ سُلِبَ رَاْسُ نے اسکو یرحمک اللہ کہا ہے تو یہ حج وعمرہ کی بشارت ہے
مَالِهٖ عَلٰى مَا سَنَذْكُرُهٗ فِىْ مَوْضِعِهٖ اِنْ اگرکسی نے یہ دیکھا کہ اس نے اپنا سر منڈوالیا ہے
شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى تو اگر حج کا زمانہ ہے تو حج کو جائیگا اور اگر حج کا زمانہ نہیں
ہے تو اس کا راس المال ختم ہوجائے گا جس کا ذکر انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ آئیگا۔

فَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَخْطُبُ عَلٰى مِنْبَرٍ اگرکسی نے یہ دیکھا کہ وہ منبر پر وعظ کر رہا
فَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ ذٰلِكَ اَصَابَ سُلْطَانًا ہے تو اگر وہ اس کا اہل ہے تو بزرگی
عَظِيْمًا وَّ شَرَفًا وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ مِّنْ اَهْلِ اور بڑی سلطنت پائیگا اور اگر اس کا اہل نہیں
ذٰلِكَ فَاِنَّهٗ يُصْلَبُ ہے تو سولی پر چڑھے گا۔

حِكَايَةٌ۔ حُكِىَ اَنَّهٗ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى سَيِّدِىْ نقل۔ نقل ہے کہ ایک شخص محمد بن سیرین علیہ الرحمۃ
مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَالَ کیخدمتمیں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا
رَاَيْتُ كَاَنِّىْ اُؤَذِّنُ فَقَالَ لَهٗ تُقْطَعُ يَدَاكَ ہے کہ گویا میں اذان دے رہا ہوں تو اسکی تعبیر فرمائی کہ
ثُمَّ جَآءَ رَجُلٌ اٰخَرُ فِى الْحَضْرَةِ وَصَاحِبُ تیرے دونوں ہاتھ کاٹے جائینگے۔ پھر دوسرا آدمی حضرت
الرُّؤْيَا الْاُوْلٰى وَاقِفٌ فَقَالَ لَهٗ رَاَيْتُ کیخدمتمیں آیا حالانکہ پہلا شخص ابھی گیا نہ تھا اسنے بھی
كَاَنِّىْ اُؤَذِّنُ فَقَالَ لَهٗ تَحُجُّ فَسَاَلَهٗ جُلَسَاؤُهٗ اسی طرح کا خواب بیان کیا کہ گویا میں اذان دے رہا
مَا الْفَرْقُ بَيْنَهُمَا وَالرُّؤْيَتَانِ سَوَاءٌ فَقَالَ ہوں تو اسکی تعبیر میں فرمایا کہ تو حج کریگا جس پر آپکے
لَهُمْ اِنِّىْ رَاَيْتُ الْاَوَّلَ سِيْمَاهُ سِيْمَا الشَّرِّ ہم نشینوں نے سوال کیا کہ دونوں میں کیا فرق تھا کہ
فَاَوَّلْتُ لَهٗ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ خواب تو برابر تھے۔ تو حضرت نے جوابدیا کہ پہلے شخص
اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسَارِقُوْنَ۔ وَرَاَيْتُ کو دیکھا کہ اسکی نشانی شر کی نشانی معلوم ہوتی تھی تو
الثَّانِىَ سِيْمَاهُ سِيْمَا الْخَيْرِ فَاَوَّلْتُ لَهٗ بِقَوْلِهٖ میں نے اللہ تعالیٰ کے اس قول سے تعبیر دی کہ ثُمَّ
تَعَالٰى۔ وَاَذِّنْ فِى النَّاسِ بِالْحَجِّ۔ وکان اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسَارِقُوْنَ یعنی

الأمر كما عبّر رحمه الله تعالى وقد يكون الأذان إعلامًا وإشهارًا والقراءة في المصحف علم وحكمة ينالها الرجل وكذلك قراءة القرآن كلام حق

پھر ایک آواز لگانیوالے نے آواز لگائی کہ اے قافلے والو تم چور ہو اور دوسرے شخص کی نشانی میں نے نیکی کی نشانی دیکھی تو اللہ تعالیٰ کے اس قول سے میں نے تعبیر دی کہ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ اور اعلان کرو لوگوں میں حج کا چنانچہ جس طرح حضرت نے تعبیر دی اسیطرح ہوا۔ اللہ تعالیٰ اُنپر رحمت فرمائے۔ اور کبھی اذان اطلاع کیلئے بھی ہوتی ہے اور قرآن مجید کا ناظرہ پڑھنا اس بات کی نشانی ہے کہ خواب دیکھنے والا علم و حکمت پائیگا اور اسیطرح قرآن مجید کی قرات امر حق ہے۔

اَلْبَابُ الرَّابِعُ

چوتھا باب

فِي رُؤْيَةِ السَّمَاءِ وَالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالنُّجُومِ وَالْقِيَامَةِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنْ نِيرَانِ الدُّنْيَا

خواب میں آسمان، آفتاب، چاند، ستارے اور قیامت اور جنت دوزخ، آگ وغیرہ دیکھنے کا بیان

فَمَنْ رَأَى أَنَّهُ صَعِدَ إِلَى السَّمَاءِ وَدَخَلَهَا نَالَ الشَّهَادَةَ وَفَازَ بِكَرَامَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَجَوَازِ الصِّرَاطِ وَنَالَ شَرَفًا فِي الدُّنْيَا وَذِكْرًا حَسَنًا وَإِنْ رَأَى نَفْسَهُ فِي السَّمَاءِ مِنْ غَيْرِ صُعُودٍ دَلَّ ذٰلِكَ عَلَى شَهَادَةٍ مُؤَجَّلَةٍ وَشَرَفٍ مُعَجَّلٍ فِي الدُّنْيَا

جس نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ آسمان پر چڑھ گیا اور اسمیں داخل ہوگیا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ شخص شہادت پائیگا اور اللہ عزوجل کے پاس بزرگی پائیگا اور پلصراط پر سے پار اُتریگا اور دنیا میں بھی عزت پائیگا اور اسکا ذکر لوگوں میں اچھے طریقے سے پھیلے گا۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ آسمان میں ہے لیکن چڑھنا نہ معلوم ہو تو اُس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ پہلے دنیا میں عزت پائیگا پھر بعد میں شہادت پائیگا۔

اَلشَّمْسُ - هِيَ الْمُلْكُ وَرُبَّمَا كَانَتْ أَحَدَ الْأَبَوَيْنِ فَمَنْ رَأَى أَنَّهُ أَمْسَكَ الشَّمْسَ وَتَمَلَّكَهَا فَإِنَّهُ يَنَالُ مِنَ الْمُلْكِ بِقَدْرِ مَا رَأَى إِذَا كَانَتْ صَافِيَةً وَلَهَا

آفتاب۔ آفتاب کی تعبیر کبھی ملک سے کی جاتی ہے اور کبھی ماں باپ میں سے کسی ایک کے ساتھ مثلاً اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے آفتاب کو پکڑ لیا اور وہ پوری طرح اسکے قبضہ میں ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے

شُعَاعٌ وَكَذٰلِكَ اِذَا رَاٰى مِثْلَ نُوْرِ الشَّمْسِ وَشُعَاعُهَا عَلَيْهِ فَاِنَّهٗ يُصِيْبُ مُلْكًا عَظِيْمًا وَسُلْطَانًا وَمَهْمَا رَاٰهُ فِي الشَّمْسِ مِنْ خُسُوْفٍ وَتَغْيِيْرٍ وَنَقْصٍ فَهُوَ حَدَثٌ فِي الْمُلْكِ اَوْ فِيْ ذٰلِكَ الْاِقْلِيْمِ اَوْ بِاَحَدِ الْاَبَوَيْنِ اِنْ لَّمْ يَكُنْ فِي الرُّؤْيَا مَا يَدُلُّ عَلَى الْمُلْكِ فَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ نَازَعَهَا فَهِيَ مُنَازَعَةٌ فِي الْمُلْكِ اَوْ اَحَدِ الْاَبَوَيْنِ

کہ جس قدر حصہ آفتاب کا اُس نے پکڑ لیا ہے بشرطیکہ وہ صاف ہو اور اسکی شعاعیں ہوں اُسی قدر ملک پائیگا اور اگر آفتاب کے نور کے مثل کسی چیز کو دیکھا اور اسکی شعاعیں خواب دیکھنے والے پر پڑتی معلوم ہوں تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ ملک عظیم اور بڑی سلطنت پائیگا۔ اگر آفتاب میں گہن یا تبدیلی یا نقصان دیکھا تو یہ یا تو ملک میں ہوگا یا اس اقلیم میں یا والدین میں سے کسی ایک کیساتھ ہوگا۔ لیکن اگر خواب میں کوئی ایسی بات معلوم ہو جائے جو ملک میں کسی تبدیلی کے نہ ہونے پر دلالت کرے تو پھر یہ تبدیلی اسکے ماں باپ میں سے کسی ایک میں ہوگی۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُسنے آفتاب سے جھگڑا کیا تو یہ اس بات کی نشانی ہو کہ اسکے ملک میں جھگڑا ہوگا یا اسکے ماں باپ میں سے کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔

فَاِنْ رَاٰى الشَّمْسَ طَلَعَتْ فِيْ بَيْتِهٖ خَاصَّةً فَاِنَّهٗ يَتَزَوَّجُ اِنْ كَانَ عَزَبًا وَاِلَّا فَهُوَ يَنَالُ سُلْطَانًا وَسَعَةً مِّنْ قِبَلِ الْمُلُوْكِ فَاِنْ رَاٰى سَحَابًا اَوْ غَيْرَهٗ قَدْ غَطَّى الشَّمْسَ فَاِنَّ ذٰلِكَ مَرَضٌ اَوْ هَمٌّ يَعْتَرِى الْمُلْكَ اَوْ اَحَدَ الْاَبَوَيْنِ

اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آفتاب خاص اسکے گھر میں طلوع ہوا ہے تو اگر وہ غیر شادی شدہ ہے تو اسکی شادی ہو جائیگی اگر شادی شدہ ہو تو بادشاہوں کی طرف سے اسکو بڑی عزت حاصل ہوگی۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آفتاب کو ابر نے یا کسی اور چیز نے ڈھانک لیا ہے تو یہ اسکی نشانی ہے کہ یا تو وہ مریض ہوگا یا اس کو کوئی ایسی فکر لاحق ہوگی جو ملک سے تعلق رکھے گی یا ماں باپ میں سے کسی ایک سے متعلق ہوگی۔

حِكَايَةٌ۔ يُحْكٰى اَنَّهٗ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى جَعْفَرِ الصَّادِقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فَقَالَ لَهٗ رَاَيْتُ كَاَنَّ الشَّمْسَ طَالِعَةٌ

حکایت نقل ہے کہ ایک شخص جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی خدمتمیں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گویا آفتاب نے میرے جسم پر طلوع

عَلٰی جَسَدِیْ فَقَالَ لَهٗ تَنَالُ اَمْرًا عَظِیْمًا کیا ہے تو آپ نے اسکی تعبیر دی کہ بادشاہ کی طرف
وَ شَرَفًا جَسِیْمًا مِنْ قِبَلِ الْمُلْكِ وَ دُنْیَا سے بڑی عزت اور امر عظیم پائیگا اور اسکے ساتھ ساتھ
شَامِلَةً مَعَ ذٰلِكَ الشَّرَفِ۔ وَ جَاءَ دنیا بھی ملیگی اور ایک دوسرے شخص نے آکر عرض کیا
رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ لَهٗ رَاَیْتُ الشَّمْسَ کہ میں نے یہ دیکھا ہے کہ آفتاب نے میرے قدموں پر طلوع
طَالِعَةً عَلٰی قَدَمِیْ دُوْنَ سَائِرِ جَسَدِیْ کیا تو آپنے اسکی تعبیر دی کہ تجھ کو بادشاہ کی طرف سے
فَقَالَ لَهٗ تَنَالُ فِیْ مَعِیْشَتِكَ مِنَ الْبُرِّ جہاں تک تیرے قدم جائیں گے معاش میں گیہوں
وَالتَّمَرِ وَنَبَاتِ الْاَرْضِ مِمَّا یَطَاُقَدَمَاكَ اور کھجور اور زمین کی پیداوار ملے گی اور اس سے تو
وَتَنْتَفِعُ بِهٖ وَ یَكُوْنُ ذٰلِكَ مِنْ قِبَلِ الْمَلِكِ فائدہ اُٹھائے گا۔

فَصْلٌ۔ وَالْقَمَرُ فِی التَّاْوِیْلِ وَزِیْرُ الْمَلِكِ چاند۔ چاند کی تعبیر کبھی تو وزیر سے کیجاتی ہے اور
وَرُبَّمَا كَانَ زَوْجَةً اَوْ وَلَدًا حَسَنًا کبھی بیوی یا خوبصورت لڑکے سے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا
فَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ مَلَكَ الْقَمَرَ اَوْ نَالَهٗ کہ وہ چاند کا مالک بن گیا یا اسکو پالیا تو وہ وزیر بنیگا۔
فَاِنَّهٗ یَمْلِكُ اَمْرَ الْوَزِیْرِ وَاِنْ رَاٰی اور اگر یہ دیکھا کہ چاند کو گہن لگ گیا ہے یا چاند میں
الْقَمَرَ انْكَسَفَ اَوْ اَصَابَهٗ حُمْرَةٌ اَوْ سُرخی یا اندھیرا آگیا ہے تو یہ اس بات کی نشانی ہے
ظُلْمَةٌ كَانَ ذٰلِكَ تَغْیِیْرًا اَوْ نَقْصًا فِی کہ جس کی طرف چاند کی نسبت ہوگی اسمیں وہی تبدیلی
الَّذِیْ یَنْسُبُ اِلَیْهِ الْقَمَرُ وَمَنْ رَاٰی یا نقصان پیدا ہوگا۔ اگر کسی نے کوئی ستارہ دیکھا تو
كَوْكَبًا مِنَ الْكَوَاكِبِ نَالَ شَرَفًا مِنَ الْوَزِیْرِ وہ وزیر سے یا کسی بڑے آدمی سے عزت پائیگا اور
اَوْ مِنْ رَجُلٍ مِنْ اَشْرَافِ النَّاسِ وَ کبھی خواب میں کوئی ایسی بات بھی نظر آجاتی ہے جو
رُبَّمَا كَانَ فِی الرُّؤْیَا مَا یَدُلُّ عَلَی الْكَرَاهَةِ ناگواری کی دلیل ہو کیونکہ چاند کا دیکھنا کاہن پر بھی
لِاَنَّ الْقَمَرَ یَدُلُّ عَلٰی رَجُلٍ كَاهِنٍ دلالت کرتا ہے۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ چاند گویا
وَمَنْ رَاٰی كَاَنَّ الْقَمَرَ فِیْ حِجْرِهٖ وَحَمَلَهٗ اس کی گودی میں ہے اور اس نے اسکو ہاتھ سے
بِیَدِهٖ فَاِنَّهٗ وَلَدٌ یَسْتَفِیْدُهٗ وَاِنْ كَانَ اُٹھالیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اُس کے

الْقَمَرَ فِی بَیْتِهٖ اَوْ فِی فِرَاشِهٖ فَهُوَ زَوْجَةٌ لڑکا ہوگا جس سے فائدہ پائیگا۔ اور اگر چاند کو اپنے
بِقَدْرِ صُوْرَةِ الْقَمَرِ فِی الْجَمَالِ گھر میں یا اپنے بچھونے میں دیکھے تو خواب میں چاند
کا جس قدر جمال اس نے دیکھا ہے اسی قدر حسن کی بیوی اُس کو ملے گی۔

وَاِنْ کَانَ الرَّائِیْ اِمْرَاَةً تَزَوَّجَتْ اسی طرح اگر خواب دیکھنے والی عورت ہے تو اسکی
رَجُلًا جَمِیْلًا وَمَنْ رَاٰی اَنَّ هِلَالًا طَلَعَ شادی خوبصورت مرد سے ہوگی۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا
فِیْ مَطْلَعِهٖ مِنْ غَیْرِ اَوَّلِ شَهْرٍ فَاِنَّهٗ یَقُوْمُ کہ ہلال (پہلی رات کا چاند) اپنے مطلع سے تو نکلا لیکن
عَلٰی مُلْكٍ یَقْدِمُ عَلَیْهِ اَوْ مَوْلُوْدٍ مہینے کی پہلی تاریخ نہ تھی تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ یا تو اسکو
اَوْ قُدُوْمِ غَائِبٍ اَوْ وُرُوْدِ اَمْرٍ کوئی ملک کا انتظام کرنا پڑیگا یا اسکے گھر بچہ پیدا ہوگا یا غائب
جَدِیْدٍ شدہ آدمی آجائیگا یا کوئی نیا معاملہ پیش آئیگا۔

فَصْلٌ۔ وَالنُّجُوْمُ فِی التَّاْوِیْلِ اَشْرَافُ ستارے۔ ستاروں کی تعبیر صاحبِ عزت لوگوں سے
النَّاسِ فَاِنْ رَاٰی فِیْهَا صَلَاحًا اَوْ تَغْیِیْرًا کی جاتی ہے یعنی اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ ستاروں میں
فَهِیَ مِنْ اَشْرَافِ النَّاسِ فِیْ تِلْكَ الْبَلْدَةِ صلاحیت یا تبدیلی ہے تو اس شہر کے صاحب عزت
وَالْمِرِّیْخُ فِی التَّاْوِیْلِ صَاحِبُ حَرْبَةِ لوگوں میں ہوگی۔ مریخ کی تعبیر بادشاہ کے سپہ سالار سے کی
الْمَلِكِ وَزُحَلُ صَاحِبُ الْعَذَابِ جاتی ہے۔ اور زحل کی صاحبِ عذاب سے اور مشتری
وَالْمُشْتَرِیْ خَازِنُ الْمَالِ وَمُدَبِّرُ قِوَامِ کی مال کے خزانچی اور انتظام سلطنت کو سنبھالنے والے
الْمَلِكِ وَرُبَّمَا کَانَ عَالِمًا عَظِیْمًا وَالزُّهْرَةُ مدبر سے اور کبھی بڑے عالم سے کیجاتی ہے۔ اور زہرہ کی
اِمْرَاَةُ الْمَلِكِ وَعُطَارِدُ کَاتِبُهٗ فَمَنْ تعبیر بادشاہ کی بیوی سے اور عطارد کی اسکے کاتب سے
رَاٰی اَنَّهٗ مَلَكَ الْكَوَاكِبَ اَوْ شَیْئًا مِّنْهَا تو اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ بہت سے ستاروں کا یا کچھ
فَاِنَّهٗ یَمْلِكُ مِنَ النَّاسِ شَرِیْفَهُمْ وَ ستاروں کا مالک بنا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ جسقدر
وَضِیْعَهُمْ بِقَدْرِ مَا یَمْلِكُ مِنْهُمْ فَمَنْ ستاروں کا وہ مالک بنا ہے اسیقدر شریف و خسیس
رَاٰی اَنَّهٗ یَرْعَی الْكَوَاكِبَ فَهُوَ یَلِیْ اُمُوْرَ لوگوں کا حاکم بنے گا۔ اور جسنے دیکھا کہ وہ ستاروں کی

النَّاسِ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ يَأْكُلُ النُّجُومَ أَوْ شَيْئًا مِنْهَا فَهُوَ يَأْكُلُ مَالَ الْأَشْرَافِ وَإِذَا رَأَى الْكَوَاكِبَ مُجْتَمِعَةً دَلَّتْ رُؤْيَاهُ عَلَى سَعْيِهِ فِي أُمُورِ أَشْرَافِ النَّاسِ وَوُقُوعُ النُّجُومِ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ يَدُلُّ عَلَى عَذَابٍ يَنْزِلُ فِي الْمَكَانِ الَّذِي وَقَعَ فِيهِ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ أَخَذَ كَوْكَبًا بِيَدِهِ يُولَدُ لَهُ وَلَدٌ شَرِيفٌ وَمَنْ رَأَى الْكَوَاكِبَ سَقَطَتْ مِنَ السَّمَاءِ إِنْ كَانَ غَنِيًّا افْتَقَرَ وَإِنْ كَانَ فَقِيرًا مَاتَ شَهِيدًا وَمَنْ رَآهُ وَلَّى الْأَدْبَارَ فَإِنَّهُ نَجْمٌ يَطْلُعُ فِي الْأَمَاكِنِ الْمُقْفِرَةِ وَمَنْ رَأَى الْفَلَكَ يَدُورُ بِهِ فَإِنَّهُ يُسَافِرُ

نگہبانی کر رہا ہے تو وہ لوگوں کے معاملات کا ذمہ دار بنے گا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ سب ستاروں کو یا کچھ ستاروں کو کھا رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ اشراف کا مال کھا رہا ہے۔ اور اگر کسی نے ستاروں کو ایک جگہ پر جمع دیکھا تو اسکا مطلب یہ ہے کہ وہ شریف لوگوں کے معاملات میں سعی کریگا۔ اور ستاروں کا آسمان سے زمین پر گرنا اس بات کی دلیل ہے کہ جس جگہ وہ ستارے گرے ہیں اس جگہ عذاب نازل ہوگا۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ اسنے ستارہ کو اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسکے ایک شریف لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آسمان سے ستارے گرے ہیں تو اسکا یہ مطلب ہے کہ اگر وہ مالدار ہوگا تو محتاج ہو جائے گا اور محتاج ہوگا تو شہادت پر اس کی موت واقع ہوگی۔ اور اگر ایک ستارے کو دیکھا تو وہ نحوست کا مالک ہوگا کیونکہ وہ بے آب وگیاہ میدانوں میں طلوع ہوتا ہے۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ آسمان اسکو گردش دے رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ سفر کریگا۔

حِكَايَاتٌ - تَلِيقُ بِهٰذَا الْبَابِ

چند حکایات جو اس باب کے مناسب ہیں

حُكِيَ أَنَّهُ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى سَيِّدِي مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى وَهُوَ يَتَغَدَّى فَقَالَتْ لَهُ إِنِّي رَأَيْتُ رُؤْيَا فَقَالَ لَهَا قِفِي فَقَالَتْ بَلْ أَتْرُكُهَا حَتّٰى تَفْرُغَ

حکایت۔ نقل ہے کہ ایک عورت حضرت محمد بن سیرین علیہ الرحمۃ کی خدمت میں حاضر ہوئی، اور آپ اسوقت دوپہر کا کھانا کھا رہے تھے۔ عورت نے کہا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے تو آپ نے

مِمَّا تَأْكُلُ قَالَ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ لَهَا قُصِّيْ مَا رَأَيْتِ فَقَالَتْ لَهُ الْمَرْأَةُ رَأَيْتُ الْقَمَرَ قَدْ دَخَلَ فِي الثُّرَيَّا وَنَادَانِيْ مُنَادٍ مِّنْ خَلْفِيْ أَيَّتُهَا الْمَرْأَةُ امْضِيْ إِلَى مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ فَقُصِّيْ عَلَيْهِ رُؤْيَاكِ فَقَبَضَ ابْنُ سِيْرِيْنَ عَلَى يَدَيْهَا وَقَالَ لَهَا كَيْفَ رَأَيْتِ فَأَعَادَتْ عَلَيْهِ الْكَلَامَ ثَانِيًا قَالَ فَعِنْدَ ذٰلِكَ اصْفَرَّ وَجْهُهُ وَقَامَ وَهُوَ اٰخِذٌ بِبَطْنِهٖ فَقَالَتْ اُخْتُهُ مَا بَالُكَ مُصْفَرَّ الْوَجْهِ قَالَ وَكَيْفَ لَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ وَقَدْ زَعَمَتْ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ اَنِّيْ قَدْ اُقْبَرُ بَعْدَ سَبْعَةِ اَيَّامٍ فَدُفِنَ فِي الْيَوْمِ السَّابِعِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

وَقِيْلَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى جَعْفَرِ الصَّادِقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهٗ رَأَيْتُ كَأَنِّيْ عَانَقْتُ الْقَمَرَ فَقَالَ لَهُ الْاِمَامُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَعَزَبٌ اَنْتَ؟ قَالَ نَعَمْ قَالَ تَتَزَوَّجُ بِامْرَأَةٍ اَحْسَنَ اَهْلِ زَمَانِهَا ثُمَّ غَابَ عَنْهُ ذٰلِكَ الرَّجُلُ مُدَّةً طَوِيْلَةً ثُمَّ جَاءَهٗ فَقَالَ لَهٗ يَا سَيِّدِيْ اِنِّيْ تَزَوَّجْتُ

فرمایا، کہہ۔ اُسنے عرض کیا کہ جب آپ کھالیں گے تو بیان کرونگی جب آپ کھانے سے فارغ ہوئے تو اس سے فرمایا بیان کر، تونے کیا دیکھا ہے تو عورت نے کہا کہ میں نے یہ دیکھا ہے کہ چاند ثریا میں داخل ہوگیا ہے اور کسی نے مجھے پیچھے سے آواز دی کہ اے عورت محمد بن سیرین کے پاس جا اور اپنا خواب اُن کو سُنا تو محمد بن سیرین نے اسکے ہاتھوں پر ہاتھ مارا اور کہا کیسے دیکھا پھر بتا تو اُس نے دوبارہ بتایا جس پر اُن کا چہرہ زرد پڑگیا اور اپنا پیٹ پکڑ کر کھڑے ہوگئے تو انکی بہن نے کہا تمہارا کیا حال ہوگیا کہ چہرہ زرد پڑگیا ہے تو آپنے فرمایا کیوں نہو اس عورت کے بیان سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ میں سات دن کے بعد قبر میں چلا جاؤنگا۔ چنانچہ ساتویں دن آپکو دفن کردیا گیا اللہ تعالیٰ اُن پر رحمت کرے

حکایت۔ نقل ہے کہ ایک شخص حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گویا میں نے چاند کو گلے سے لگالیا ہے تو امام رضی اللہ عنہ نے اس سے دریافت فرمایا کیا تو غیر شادی شدہ ہے؟ اس نے کہا جی ہاں! تو آپ نے فرمایا کہ تیری شادی ایسی عورت سے ہوگی جو اپنے زمانے میں سب سے خوبصورت ہوگی۔ اس کے بعد وہ شخص زمانہ

مَدِينَةً لَمْ يَكُنْ أَحْسَنَ مِنْهَا وَلٰكِنْ رَأَيْتُ الْبَارِحَةَ كَأَنِّي أَحْمِلُ الْقَمَرَ فَقَالَ لَهُ سَتَلِدُ لَكَ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ وَلَدًا أَحْسَنَ زَمَانِهِ تَحْمِلُهُ فَقَالَ يَا سَيِّدِي وَاللّٰهِ هِيَ الْآنَ حَامِلٌ فَكَانَ الْأَمْرُ كَمَا عَبَّرَ بِهِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

دراز تک غائب رہا۔ پھر جب آیا تو کہنے لگا، کہ حضور والا! میں نے ایک مدنی عورت سے شادی کر لی تھی جس سے زیادہ خوبصورت وہاں کوئی عورت نہ تھی لیکن میں نے کل رات خواب میں دیکھا ہے کہ گویا میں چاند کو اُٹھا رہا ہوں تو آپ نے اسکی تعبیر دی کہ اس عورت سے تیرا ایک لڑکا پیدا ہوگا، جو اپنے زمانے میں سب سے زیادہ خوبصورت ہوگا اور اسوقت وہ حاملہ ہے تو اس شخص نے عرض کیا بالکل سچ ہے۔ خدا کی قسم وہ اسوقت حاملہ ہی تو جس طرح حضرت نے تعبیر دی تھی ویسا ہی ہوا۔ اللہ اُن پر رحمت کرے۔

حِكَايَةٌ - حُكِيَ أَنَّ أُمَّ الْإِمَامِ الشَّافِعِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا كَانَتْ حَامِلًا بِهِ رَأَتْ فِي مَنَامِهَا كَأَنَّ الْكَوْكَبَ الَّذِي يُقَالُ لَهُ الْمُشْتَرِي قَدْ خَرَجَ مِنْ فَرْجِهَا وَنَزَلَ بِمِصْرَ ثُمَّ وَقَعَ فَرْقَعَةً وَطَارَ مِنْهُ شَرَرٌ عَظِيمٌ فِي كُلِّ بَلْدَةٍ فَلَمْ تَبْقَ مَدِينَةٌ وَلَا قَرْيَةٌ إِلَّا وَصَارَ فِيهَا عِلْمُهُ وَمَذْهَبُهُ فَكَانَ مَقَامُهُ كَمَا عَبَّرَ بِهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ

حکایت۔ نقل ہے کہ امام شافعیؒ کی والدہ نے جبکہ امام شافعی اُن کے پیٹ میں تھے خواب میں دیکھا کہ ایک ستارہ جسکا نام مشتری ہے وہ آپکے جسم سے نکلا اور مصر میں اُترا پھر وہاں سے تیز دوڑا اور اس سے ہر شہر میں بڑی بڑی چنگاریاں اُڑیں چنانچہ کوئی شہر اور کوئی گاؤں ایسا باقی نہ رہا جہاں آپکا علم اور مذہب نہ پہنچا ہو اور امام شافعیؒ کو وہی مقام حاصل ہوا جس کی آپ نے تعبیر دی تھی اللہ تعالیٰ ان سب پر رحمت نازل فرمائے۔

فَصْلٌ - فَإِنْ رَأَى أَنَّهَا قَدْ قَامَتِ الْقِيَامَةُ فَإِنَّ الْعَدْلَ يُبْسَطُ فِي ذٰلِكَ

قیامت۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ قیامت قائم ہوگئی ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ جس مقام کو اُسنے

لہ اس کتاب میں اسی قدر لکھا ہے لیکن اصل قصہ یہ ہے کہ امام شافعیؒ کی والدہ نے یہ خواب حضرت سے کہا اور انھوں نے اس کی تعبیر دی جیسا کہ آگے آتا ہے بلکہ خود اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ حصہ غلطی سے کتاب میں نہیں آیا ہے۔ مترجم

الْمَكَانِ الَّذِي رَآهَا فِيهِ وَإِنْ كَانَ — خواب میں دیکھا ہے وہاں عدل خوب پھیلے گا، اور
أَهْلُ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ ظَالِمِينَ انْتَقَمَ — اگر وہاں کے لوگ ظالم ہونگے تو اللہ تعالیٰ اُن کو سزا
اللّٰهُ مِنْهُمْ فَإِنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَوْمُ — دیگا کیونکہ قیامت کا دن جزا اور فیصلہ کا دن ہے۔ اور
الْفَصْلِ وَالْجَزَاءِ وَإِنْ كَانُوا مَظْلُومِينَ — اگر وہ مظلوم ہیں تو اللہ کی طرف سے مدد پائینگے۔ اور
انْتُصِرُوا وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ وَاقِفٌ بَيْنَ — جسنے یہ دیکھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہوا ہے تو
يَدَيِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَهُوَ أَشَدُّ فِي — اسکا معاملہ بہت سخت ہے اور خواب بالکل صحیح ہے۔
الْأَمْرِ وَأَصَحُّ فِي الرُّؤْيَا وَكَذٰلِكَ إِذَا — اور اسی طرح اس شخص کا حال ہے جس نے قیامت کی
رَأَى شَيْئًا مِنْ أَهْوَالِ الْقِيَامَةِ — ہولناکیوں میں سے کوئی بات دیکھی۔

فَصْلٌ۔ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ — جنت۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ جنت میں داخل
فَإِنَّهُ يَدْخُلُهَا وَهِيَ بِشَارَةٌ لَهُ بِمَا تَقَدَّمَ — ہوا ہے تو وہ یقیناً جنت میں داخل ہوگا اور یہ اسکے
مِنْ صَالِحِ الْأَعْمَالِ فَإِنْ رَأَى أَنَّهُ — گزشتہ اعمال صالحہ کی بشارت ہے اور جسنے یہ دیکھا کہ
أَكَلَ شَيْئًا مِنْ ثِمَارِهَا أَوْ أَعْطَاهَا — اُس نے جنت کے پھل کھائے یا یہ کہ کسی نے اسکو
غَيْرَهُ فَإِنَّ ثِمَارَ الْجَنَّةِ كَلَامٌ طَيِّبٌ — جنت کے پھل دیئے تو جنت کے پھل کی تعبیر اچھا
مِثْلَ كَلَامِ الْبِرِّ وَالْخَيْرِ بِقَدْرِ ذٰلِكَ وَ — کلام ہے جیسے نیکی اور بھلائی کی باتیں جو ان پھلوں کے
إِنْ أَصَابَهَا وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهَا شَيْئًا أَوْ لَمْ — مطابق ہوں۔ اور اگر اسکو جنت کے پھل تو ملے لیکن ان میں
يَكُنْ يَقْدِرُ عَلَى أَكْلِهَا فَإِنَّهُ يُصِيبُهُ — سے کچھ کھایا نہیں یا کھانے پر قادر نہیں ہوا تو اس کی
خَيْرٌ فِي دِينِهِ وَلَا يَنْتَفِعُ بِهِ وَرُبَّمَا — تعبیر یہ ہے کہ اسکے دین میں تو بھلائی ہوگی لیکن اس
يَدُلُّ عَلَى عِلْمٍ لَا يَنْتَفِعُ بِهِ — سے وہ کوئی فائدہ نہ پائیگا اور کبھی اسکی تعبیر ایسے علم
سے دی جاتی ہے جس سے وہ نفع نہ حاصل کرسکے۔

وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ شَرِبَ مِنْ عُيُونِهَا — اور جس نے یہ دیکھا کہ اس نے جنت کے چشموں
أَوْ لَبِسَ مِنْ ثِيَابِهَا فَإِنَّهُ أَمَلٌ يَنَالُهُ — کا پانی پیا یا وہاں کے کپڑے پہنے تو اس کی تعبیر

في الدنيا والآخرة من البر والتقوى و
أما رياضها وعيونها وحورها فإن
ذلك خير يناله في دنياه وآخرته
من البر والتقوى ونعيم يناله في الدنيا
بقدر ما رأى

یہ ہے کہ وہ اپنی اُمید کے مطابق دنیا اور آخرت
میں بھلائی اور تقویٰ سے اپنا مقصود پائیگا۔ اور اگر
جنت کے باغیچوں اور چشموں اور حوروں کو دیکھا تو
اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ دنیا اور آخرت میں بھلائی اور
تقویٰ اور نعمت حاصل کریگا اور جسقدر نعمتیں اُسنے دیکھی
ہیں اسکے مطابق دنیا میں بھی نعمتیں پائے گا۔

فصل - ومن رأى أنه يدخل جهنم
فإنه يدخل في خطايا عظيمة وهي
ضد رؤية الجنة ورؤية ذلك تدل
على تدمير فليبادر الرائي بالتوبة و
جهاد النفس وفعل الخير وإن لم يصبه
منها شيء فإن ذلك من هموم الدنيا
بقدر ما رأى

جہنم۔ اور جس نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ جہنم میں
داخل ہوا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس سے بڑی
خطائیں سرزد ہونگی اور یہ جنت دیکھنے کی ضد ہے۔
اور جہنم کا دیکھنا ہلاکت کی دلیل ہے لہٰذا اس خواب
دیکھنے والے کو توبہ اور جہادِ نفس اور نیک کاموں کی طرف
جلدی کرنی چاہیئے اور اگر اس کو جہنم سے کوئی تکلیف
نہ پہنچی تو جس قدر حصہ دیکھا ہے اُسی قدر دُنیوی
رنج و غم ہوگا۔

أما نار الدنيا - فإنها تعبر على وجوه
كثيرة فإن رآها قد وقعت في أرض
مجدبة في بلدة أو محلة أو دار ق لها
لهب ولسان وهي تأكل كل ما أتت
عليه ولها صوت هائل فإن ذلك جور
يقع في ذلك الموضع بقدر النار وهولها
فإن لم تكن الأرض مجدبة فإنه

دُنیوی آگ۔ دنیوی آگ کی تعبیر کئی طرح پر دیجاتی
ہے مثلاً اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آگ کسی ایسے شہر یا
محلہ یا گھر میں لگی ہے جہاں کی زمین بنجر ہے اور آگ
میں لپٹ اور شعلے ہیں اور جس پر وہ آگ گرتی ہے اس کو
کھا جاتی ہے اور آگ میں خطرناک آواز بھی ہو تو اس کی
تعبیر یہ ہے کہ جسقدر آگ اور لپٹ اس زمین کو گھیرے
ہوگی اسمیں ظلم واقع ہوگا۔ اور اگر زمین بنجر نہ ہو تو پھر اسکی

طَاعُوْنٌ اَوْ بِرْسَامٌ اَوْ جُدْرِیٌّ اَوْ مَوْتٌ يَقَعُ هُنَاكَ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لِلنَّارِ لَهَبٌ وَّلَا لِسَانٌ وَلَا صَوْتٌ وَهِيَ تَأْكُلُ بَعْضَهَا وَتَتْرُكُ بَعْضَهَا فَاِنَّ ذٰلِكَ اَحْدَاثٌ كَ اَمْرَاضٌ تَقَعُ هُنَاكَ

تعبیر یہ ہے کہ وہاں پر طاعون یا برسام یا چیچک یا موت واقع ہوگی۔ اور اگر آگ میں لپٹ اور شعلے نہوں اور آواز بھی نہ ہو اور کچھ کھاتی ہو کچھ چھوڑتی ہو تو یہ حادثات وامراض ہیں جو وہاں پر واقع ہونگے۔

فَاِنْ رَّاٰی اَنَّهَا نَزَلَتْ مِنَ السَّمَاۗءِ فَهِيَ اَشَدُّ عَلَيْهِمْ فَاِنْ لَّمْ يَرَهَا اَكَلَتْ شَيْئًا فَاِنَّ ذٰلِكَ مُنَازَعَةٌ شَدِيْدَةٌ تَكُوْنُ بِاللِّسَانِ مِنْ غَيْرِ ضَرَرٍ، فَاِنْ كَانَ لَهَا دُخَانٌ فَالْاَمْرُ فِيْ ذٰلِكَ اَهْوَنُ وَاَيْسَرُ وَاِنْ رَّاٰی اَنَّهَا صَعِدَتْ مِنْ مَّوْضِعٍ اِلَى السَّمَاۗءِ فَاِنَّ اَهْلَ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ قَدْ حَارَبُوا اللّٰهَ تَعَالٰى بِالْمَعَاصِيْ وَافْتَرَوْا عَلَيْهِ بُهْتَانًا عَظِيْمًا وَمَنْ رَّاٰی اَنَّهٗ اَجَّجَ نَارًا لِيَصْطَلِيَ هُوَ اَوْ غَيْرُهٗ فَاِنَّهٗ يُهَيِّجُ اَمْرًا يَنْتَفِعُ بِهٖ وَيَسُدُّ فَقْرَهٗ فَاِنَّ الْبَرْدَ فَقْرٌ وَّالْحَرَّ غُنْمٌ

اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آگ آسمان سے اُتری، تو اگر یہ نہ دیکھا کہ اس نے کسی چیز کو کھایا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ یہ بہت زیادہ سخت معاملہ ہے۔ زبان سے جھگڑا ہوگا اگرچہ اس میں کوئی نقصان نہ ہوگا۔ لیکن اگر اس میں دھواں بھی معلوم ہو تو پھر یہ معاملہ آسان رہنے کی دلیل ہے اور اگر یہ دیکھا کہ آگ کسی جگہ سے آسمان پر چڑھی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس جگہ کے رہنے والوں نے گویا اللہ سے جنگ شروع کر دی ہے، کہ گناہ کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر بڑا بہتان لگائے ہیں۔ اور اگر کسی نے خواب میں آگ کی لپٹ دیکھی کہ اس سے وہ یا اور کوئی شخص تاپ رہا ہے، تو اسکا مطلب یہ ہے کہ وہ ایک ایسے معاملہ کو بڑھائیگا جس سے اسکو فائدہ ہوگا اور اسکا فقر دُور ہوجائیگا اسلئے کہ سردی فقر ہے اور گرمی گویا مالِ غنیمت۔

فَاِنْ شَوٰى عَلَيْهَا لَحْمًا فَاِنَّهٗ يَبْرَاُ مِنْ غِيْبَةِ النَّاسِ مِمَّا يَنَالُهٗ بِلِسَانِهٖ

اور اگر یہ دیکھا کہ اُس پر گوشت کو بھون رہا ہے تو لوگوں کی غیبت سے وہ محفوظ رہے گا جو زبان

فَإِنْ اَكَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَإِنَّهٗ يَنَالُ رِزْقًا قَلِيْلًا وَحُزْنًا ثَقِيْلًا لِاَنَّ الشَّيَّ حُزْنٌ وَثِقْلٌ فَإِنْ كَانَ يَطْبَخُ بِهَا طَعَامًا فِيْ قِدْرٍ فَإِنَّهٗ اَمْرٌ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْفَعَةً مِّنْ بَيْتٍ فَإِنَّ الْقِدْرَ هُوَ قَيِّمُ الْبَيْتِ فَإِنْ لَّمْ يَكُنْ فِي الْقِدْرِ طَعَامٌ فَإِنَّهٗ يُهَيِّجُ قَيِّمَ الْبَيْتِ بِكَلَامٍ اَوْ يَحْمِلُهٗ عَلٰى اَمْرٍ مَّكْرُوْهٍ

سے اسکو ملے۔ اور اگر اس بھونے ہوئے گوشت میں سے کچھ کھایا تو اسکو تھوڑا رزق ملیگا اور رنج زیادہ۔ اسلئے کہ بھوننا رنج و گرانی ہے اور اگر ہانڈی میں اس آگ پر کھانا پکائے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ ایک معاملے میں اسکو گھر سے فائدہ پہنچیگا اسلئے کہ ہانڈی کی تعبیر گھر کے منتظم سے ہے۔ اور اگر ہانڈی میں کھانا نہ ہو تو اسکا مطلب یہ ہے کہ وہ گھر کے بڑے کو کسی بات سے غصہ دلائیگا یا کسی ناگوار بات پر اکسائیگا

فَإِنْ رَاٰى اَنَّ نَارًا اَحْرَقَتْ ثِيَابَهٗ اَوْ بَعْضَ اَعْضَائِهٖ فَإِنَّهٗ تُصِيْبُهٗ مُصِيْبَةٌ فِيْمَا يُنْسَبُ اِلَيْهِ الثَّوْبُ اَوِ الْعُضْوُ عَلٰى مَا سَيَاْتِيْ بَيَانُهٗ فِيْ مَوْضِعِهٖ اِنْ كَانَتِ النَّارُ الَّتِيْ اَصَابَتْهُ بِلَهَبٍ وَلِسَانٍ فَإِنَّ ذٰلِكَ ضَرَرٌ تُصِيْبُهٗ عَلٰى يَدِ سُلْطَانٍ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ فَإِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا لَهَبٌ فَهِيَ اَمْرَاضُ بِرْسَامٍ

اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آگ سے اُسکے کپڑے جل گئے یا اُسکے جسم کا کچھ حصہ جل گیا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ یہ کپڑا یا عضو جس کی طرف منسوب ہے۔ (جس کی تفصیل آگے آئیگی) اس پر کوئی مصیبت آئیگی اور اگر اس آگ میں جسنے اسکے کپڑے اور جسم کا حصہ جلایا ہے لپٹ اور شعلے بھی ہوں تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکو بادشاہ سے نقصان پہنچیگا واللہ اعلم۔ اگر اسمیں لپٹ نہ ہو تو وہ امراض برسام ہیں۔

فَإِنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَاْكُلُ نَارًا مِّنْ غَيْرِ لَهَبٍ فَإِنَّهٗ يَاْكُلُ مَالَ يَتِيْمٍ فَإِنْ كَانَ لَهَا لَهَبٌ فَإِنَّهٗ يَكُوْنُ فِيْ ذٰلِكَ كَلَامٌ وَّتَعَبٌ فَإِنْ رَاٰى اَنَّهٗ اَصَابَ وَهَجَ نَارٍ فَإِنَّهٗ يَقَعُ فِيْ اَلْسِنَةِ النَّاسِ وَيَغْتَابُوْنَهٗ

اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ آگ کو کھا رہا ہے اور اس میں لپٹ نہیں ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ یتیم کا مال کھا رہا ہے اور اگر اسمیں لپٹ بھی ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکے بارہیں لوگ آپسمیں گفتگو کرینگے اور اسکو تکلیف پہنچے گی اور اگر کسی نے خواب میں یہ دیکھا کہ اُسکو آگ کی لپٹ لگ گئی تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ لوگونکی زبانوں میں پڑیگا اور لوگ اسکی غیبت کریں گے

وَالْكَيُّ بِالنَّارِ كَلَامُ سُوْءٍ يَنَالُهُ بِقَدْرِ مَا رَأَى وَالشَّرَرُ كَلَامُ سُوْءٍ فَإِنْ رَأَى الشَّرَرَ يَتَنَاثَرُ عَلَيْهِ فَإِنَّهُ كَلَامٌ مَكْرُوْهٌ فَإِنْ كَثُرَ الشَّرَرُ عَلَيْهِ أَصَابَهُ عَذَابٌ فَإِنْ رَأَى بِيَدِهٖ شُعْلَةَ نَارٍ أَصَابَ مَشَقَّةً مِّنْ سُلْطَانٍ فَإِنْ رَأَى النَّارَ وَقَعَتْ فِي سُوْقٍ أَوْ حَانُوْتٍ فَإِنَّ ذٰلِكَ نِفَاقٌ فِي السِّلَعِ غَيْرَ أَنَّ الثَّمَنَ يَكُوْنُ حَرَامًا

اور آگ سے داغ دینے کی تعبیر یہ ہے کہ جس قدر داغ دیکھا ہے اُسی قدر بُری باتیں وہ سُنے گا اور چنگاریوں کی تعبیر بد کلامی ہے۔ اگر یہ دیکھا کہ چنگاریاں اس پر آرہی ہیں تو یہ اسکی دلیل ہے کہ وہ ناگوار باتیں سُنیگا اور اگر اس پر چنگاریوں کی زیادتی ہو تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکو سختی پہنچے گی۔ اور اگر یہ دیکھا کہ اسکے ہاتھ میں آگ کا شعلہ ہے تو اسکو بادشاہ سے تکلیف پہنچے گی اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آگ بازار میں یا دوکان میں گری تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ مال تجارت میں نکاسی زیادہ ہوگی مگر یہ کہ قیمت حرام ہوگی

فَإِنْ رَأَى سِرَاجًا قَوِيًّا مُضِيْئًا فِي بَيْتٍ فَهُوَ صَلَاحُ حَالِ الدَّارِ وَإِنْ كَانَ ضَعِيْفًا فِي ضَوْئِهٖ كَانَ حَالُهُ كَذٰلِكَ فَإِنِ انْطَفَا وَلَمْ يَكُنْ فِي الرُّؤْيَا مَا يَدُلُّ عَلَى الْمَوْتِ فَإِنَّهُ يَتَغَيَّرُ حَالُهُ وَيُصِيْبُهُ مَا يَكْرَهُهُ وَإِنْ كَانَ يُوْقِدُ نَارًا يَسْتَضِيْءُ بِهَا النَّاسُ أَوْ يَهْتَدُوْنَ بِهَا فَإِنَّهُ عِلْمٌ وَّحِكْمَةٌ يَنْفَعُ بِهِ النَّاسَ وَإِنْ رَأَى أَنَّهُ يَجْمَعُ رَمَادًا أَوْ يَحْمِلُهُ فَإِنَّهُ يَجْمَعُ أَمْرًا بَاطِلًا مِّنَ الْعُلُوْمِ وَلَا يَنْتَفِعُ بِهٖ أَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ يُطْفِئُ نَارًا وَهِيَ لَا تَتَّقِدُ فَإِنَّهُ عِلْمٌ لَا يُنْتَفَعُ بِهٖ أَيْضًا

اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ گھر میں ایک چراغ بہت تیز روشن ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ گھر کیحالت بہت اچھی ہے اور اگر روشنی کمزور ہے تو اسی مناسبت سے گھر کیحالت اچھی ہوگی اور اگر چراغ بجھ جائے اور خواب میں کوئی حالت ایسی نہ معلوم ہو جس سے اسکے بجھنے کی وجہ معلوم ہو سکے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اسکی حالت میں تغیر واقع ہوگا اور اسکو ناخوشگوار حالات کا سامنا ہوگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ آگ جلا رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ لوگ اس سے روشنی حاصل کرینگے یا اس سے ہدایت پائینگے۔ اسلئے کہ روشنی کی تعبیر علم اور حکمت ہے جس سے لوگ فائدہ اُٹھاتے ہیں اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ راکھ کو جمع کر رہا ہے یا اسکو اُٹھا رہا ہے تو یہ

وَاللهُ اَعْلَمُ

اس بات کی دلیل ہے کہ وہ باطل علوم کو جمع کر رہا ہے اور اس سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھائیگا اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ آگ جمع کر رہا ہے لیکن وہ سلگتی نہیں ہے تو اسکی تعبیر ایسے علم سے دی جو نفع نہ دے واللہ اعلم

اَلْبَابُ الْخَامِسُ

پانچواں باب

فِيْ تَاْوِيْلِ الْاَمْطَارِ وَالرَّعْدِ وَالْبَرْقِ وَمِيَاهِ الْاٰبَارِ الْبِحَارِ وَالسَّوَاقِيْ وَالْاَنْهَارِ وَالسُّفُنِ وَالطَّوَاحِيْنِ وَالْحَمَّامَاتِ وَالرِّيَاحِ وَغَيْرِهَا

بارش، بجلی، گرج، چشموں، دریاؤں، ندیوں اور نہروں کے پانی اور کشتیوں اور چکیوں، حمامات اور ہوا وغیرہ کو خواب میں دیکھنے کے بیان میں ہے

اَلْمَطَرُ - غَيْثٌ وَّرَحْمَةٌ وَّكَذٰلِكَ الْغَمَامُ فَاِنْ كَانَ خَاصًّا فِيْ مَوْضِعٍ اَوْ دَارٍ اَوْ مَحَلَّةٍ دُوْنَ غَيْرِهَا كَانَ ذٰلِكَ اَوْجَاعًا وَّاَمْرَاضًا اَوْ خَسَارَةً فِي الدُّنْيَا تَقَعُ بِاَهْلِ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ الْمَخْصُوْصِ بِهَا وَرُبَّمَا كَانَتْ سِيَاطًا تُصِيْبُهُمْ فَاِنْ رَاَى السَّمَاءَ تَمْطُرُ سَمْنًا اَوْ عَسَلًا اَوْ زَيْتًا اَوْ لَبَنًا وَّمَا اَشْبَهَ ذٰلِكَ فَاِنَّهٗ غَنِيْمَةٌ وَّخَيْرٌ وَّرِزْقٌ يَّتَنَزَّلُ مِنَ السَّمَاءِ عَلٰى اَهْلِ تِلْكَ الْبُقْعَةِ وَكُلُّ مَطَرٍ يُّسْتَحَبُّ يَكُوْنُ كَذٰلِكَ

بارش کی تعبیر مدد اور رحمت سے کی جاتی ہے اور اسی طرح ابر کی بھی۔ لیکن اگر کسی جگہ یا گھر یا محلہ سے خاص ہو کہ دوسری جگہ نہ ہو تو اس مخصوص مقام کے رہنے والوں میں بیماریاں اور دکھ اور دنیوی نقصانات زیادہ ہونگے اور اکثر اس سے سختیاں بھی مُراد ہوتی ہیں جو انکو پہنچیں گی۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ آسمان سے گھی یا شہد یا روغن زیتون یا دودھ وغیرہ کی بارش ہو رہی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس جگہ کے رہنے والوں پر غنیمت اور بھلائی اور رزق آسمان سے نازل ہوگا اور اسی طرح ہر اس بارش کی تعبیر ہوگی جو اچھی چیز کی ہوگی۔

حِكَايَةٌ - حُكِيَ اَنَّهٗ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ فَقَالَ لَهٗ اِنِّيْ رَاَيْتُ ظُلَّةً تَمْطُرُ مِنْ

حکایت نقل ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمتمیں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں نے یہ خواب دیکھا ہے کہ ایک ابر آیا اور آسمان سے

السَّمَاءِ سَمْنًا وَعَسَلًا وَالنَّاسُ يَأْخُذُوْنَ شہد اور گھی کی بارش ہو رہی ہے اور لوگ اسکو لوٹ
مِنْهُ فَبَيْنَ مُسْتَكْثِرٍ وَمُسْتَقِلٍّ فَقَالَ لَهٗ رہے ہیں۔ کوئی زیادہ لے رہا ہے اور کوئی کم۔ تو ابوبکر
اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَمَّا الظُّلَّةُ صدیق رضی اللہ عنہ نے اسکی تعبیر دی کہ ابر سے مراد
فَالْاِسْلَامُ وَاَمَّا السَّمْنُ وَالْعَسَلُ حَلَاوَتُهٗ اسلام ہے اور گھی اور شہد سے مراد اسلام کی شیرینی ہے۔ اسی
وَكُلُّ مَطَرٍ يُسْتَحَبُّ نَوْعُهٗ فَهُوَ مَحْمُوْدٌ طرح ہر بارش جو عمدہ اشیاء کی ہو اسکی تعبیر بھلائیوں کا آنا ہے

وَسَأَلَ رَجُلٌ اِلَى الْاِمَامِ جَعْفَرَ حکایت۔ اسی طرح ایک شخص نے امام جعفر صادق رضی
الصَّادِقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهٗ رَاَيْتُ اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں نے خواب
رَاَيْتُ كَاَنِّيْ اَخُوْضُ فِي الْمَطَرِ يَوْمًا وَلَيْلَةً میں اس طرح دیکھا ہے کہ میں ایکدن اور ایک رات
فَقَالَ مَا اَحْسَنَ مَا رَاَيْتَ اَنْتَ تَخُوْضُ بارش میں بھیگ رہا ہوں تو آپ نے اسکی تعبیر میں فرمایا کہ
فِي الرَّحْمَةِ وَتُرْزَقُ الْاَمْنَ وَسَعَةَ تو نے بہت بہتر خواب دیکھا ہے کہ رحمت میں بھیگ
الرِّزْقِ رہا ہے اور تجھے امن اور وسعت رزق عطا ہوگا۔

وَقِيْلَ لَهٗ اَيْضًا رَجُلٌ رَاٰى فِيْ اسی طرح ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ بارش
مَنَامِهٖ كَاَنَّ مَطَرًا نَزَلَ عَلٰى رَاْسِهٖ گویا خاص اسکے سر پر ہو رہی ہے تو آپ نے اسکی
خَاصَّةً فَقَالَ هٰذَا رَجُلٌ مُمَدُّ ذَنْبٍ تعبیر میں فرمایا کہ یہ شخص گناہگار ہے اسکے گناہوں کی
كَثُرَتْ ذُنُوْبُهٗ عَلَيْهِ وَاَحَاطَتْ بِهٖ کثرت ہوگئی ہے اور اسکی خطاؤں نے اسکو گھیر لیا ہے
خَطِيْئَتُهٗ اَلَمْ يَسْمَعْ قَوْلَهٗ تَعَالٰى۔ وَاَمْطَرْنَا کیا اللہ تعالیٰ کا یہ قول نہیں سُنا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ
عَلَيْهِمْ مَطَرًا فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ۔ مَطَرًا فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ کہ ہم نے اُنپر بارش
برسائی تو جن لوگوں کو ڈرایا گیا ہے اُن پر بارش بُری ہوئی۔

فَصْلٌ۔ وَالرَّعْدُ مَعَ الرِّيْحِ سُلْطَانٌ جَائِرٌ گرج۔ ہوا کے ساتھ گرج کا ہونا۔ ظالم اور قوی
قَوِيٌّ وَالْبَرْقُ لِلْمُسَافِرِ خَوْفٌ وَلِلْمُقِيْمِ سلطان کی دلیل ہے۔ اور بجلی مسافر کیلئے خوف
طَمَعٌ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ کی علامت ہے اور مقیم کیلئے طمع۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ

الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا۔ وَقِيْلَ اِنَّ الرَّعْدَ کا ارشاد ہے هُوَ الَّذِیْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا
بِلَا مَطَرٍ خَوْفٌ لِلْمُقِيْمِ وَلِلْمُسَافِرِ وَالرَّعْدَ (وہی ہے جو دکھاتا ہے تمکو بجلی ڈر اور اُمید کیلئے) اور یہ
مَعَ الْمَطَرِ شِفَاءٌ لِلْمَرِيْضِ بھی کہا جاتا ہے کہ گرج بغیر بارش کے ہو تو مقیم اور مسافر
دونوں کیلئے خوف کی علامت ہے اور بارش کیساتھ گرج بیمار کیلئے شفا کی علامت ہے۔

قَوْسُ قُزَحٍ اَلْاَخْضَرُ يَدُلُّ عَلَى الْاَمْنِ رنگین دُھنک۔ اگر سبز ہو تو قحط سے امن ہونیکی
مِنَ الْقَحْطِ وَالْاَصْفَرُ يَدُلُّ عَلَى الْمَرَضِ علامت ہے اور زرد ہو تو مرض کی دلیل ہے اور
وَالْاَحْمَرُ يَدُلُّ عَلٰى سَفْكِ الدِّمَاءِ وَ سُرخ خونریزی کی نشانی ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے
قِيْلَ اِنْ رَاٰى قَوْسَ قُزَحٍ يَدُلُّ عَلٰى کہ جو شخص خواب میں دُھنک دیکھے گا اسکی شادی
تَزْوِيْجِ صَاحِبِهٖ ہوگی۔

اَلسَّيْلُ۔ يَدُلُّ عَلٰى هُجُوْمِ الْعَدُوِّ، وَ سیلاب۔ دشمن کے ہجوم کی دلیل ہے اور پرنالوں
سَيَلَانُ الْمَيَازِيْبِ مِنَ الْمَطَرِ يَدُلُّ سے پانی کا بہنا بھلائی اور سرسبزی کی دلیل ہے
عَلَى الْخَيْرِ وَالْخِصْبِ۔

فَصْلٌ۔ وَالسَّحَابُ حِكْمَةٌ وَّعِلْمٌ وَّ ابر حکمت اور علم و رحمت کی نشانی ہے۔ اگر
رَحْمَةٌ وَّهُوَ دِيْنُ الْاِسْلَامِ اِنْ لَّمْ اسمیں عذاب کی شکل نہ دکھائی دے یعنی آندھی اور
يَكُنْ فِيْهِ هَيْئَةُ الْعَذَابِ مِنْ سُوْءٍ گھٹاٹوپ اندھیری اور ہولناکیاں نہ معلوم ہوں تو وہ
الظُّلْمَةِ اَوْ رِيَاحٍ وَاَهْوَالٍ فَمَنْ رَاٰى دین اسلام کی علامت ہے۔ اگر کسی شخص نے یہ
اَنَّهٗ مَلَكَ السَّحَابَ اَوْجَمَعَهٗ اَوْسَارَ فِيْهِ دیکھا کہ وہ ابر کا مالک بنا ہے یا اسکو جمع کر رہا ہے
اَوْرَكِبَهٗ فَاِنَّهٗ يَنَالُ بِمَا ذَكَرْنَاهُ اَمْرًا یا اسمیں چل رہا ہے یا اس پر سوار ہو رہا ہے تو جن چیزوں
عَظِيْمًا کا ہمنے اوپر ذکر کیا ہے اسمیں سے وہ اہم چیزیں پائیگا۔

حِكَايَةٌ۔ حُكِيَ اَنَّهٗ سُئِلَ جَعْفَرُ الصَّادِقُ حکایت نقل ہے کہ جعفر صادق رضی اللہ عنہٗ سے
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَجُلٍ رَاٰى اَنَّهٗ يَاْكُلُ پوچھا گیا کہ اگر کوئی شخص یہ خواب دیکھے کہ وہ ابر

السحاب وبين يديه سحاب كثير فقال
نعم ما رأى هذا رجل تعلم العلم
وانتفع في الذكر وحاز الفخر ونال
من ذلك ما لم ينله احد له ثناء
حسن وجاه وقدر

کھا رہا ہے اور اسکے سامنے بہت سا ابر پڑا ہوا ہے
تو آپ نے فرمایا، اس شخص نے اچھا خواب دیکھا۔
علم حاصل کریگا اور خوب شہرت و بلندی حاصل کریگا
اور فخر حاصل کریگا اور اچھی تعریف اور اسقدر قدر و منزلت
و مرتبہ پائیگا کہ کسی اور نے اسکے مثل نہیں پایا۔

وسئل عن رجل رأى كأن السحاب
أظلّه فقال ان كان هذا الرجل سقيما
يشفى وان كان مديونا يقضي الله دينه
وان كان فقيرا فالله يغني فقره وان
كان مظلوما ينتصر لأن السحاب رحمة
وما فيها رحمة وكانت تظل رسول
الله صلى الله عليه وسلم في الوقائع
والحروب

حکایت۔ اور ایک شخص کے بارہ میں بھی آپ سے
پوچھا گیا کہ اُس نے خواب میں دیکھا ہے کہ گویا ابر نے
اس پر سایہ کرلیا ہے تو آپنے اسکی تعبیر میں فرمایا کہ اگر
یہ شخص بیمار ہے تو شفا پائیگا اور اگر مقروض ہوگا تو
اللہ تعالیٰ اسکا قرضہ ادا کریگا۔ اور اگر فقیر ہے تو اللہ
تعالیٰ اسکے فقر کو تونگری سے بدل دیگا اور اگر مظلوم ہے
تو مدد پائیگا۔ اس لئے کہ ابر رحمت ہے اور اسمیں
جو کچھ ہے وہ رحمت ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کو اکثر اوقات جنگوں کے زمانے میں (خواب میں) ابر سایہ کرتا تھا۔

فصل۔ واما البرد والثلج والجليد
فهو هم وغم وعذاب الا ان يكون
الثلج قليلا في موضعه الذي جرت
العادة بنزوله فيه فان كان كذلك
فهو خصب لأهل ذلك الموضع والجليد
مثله الا ان يرى انه اغترف ماء من
اناء فجمد فيه فانه حينئذ مال جامد

اولہ۔ برف۔ پالا۔ یہ سب کے سب رنج و غم
و عذاب کی نشانیاں ہیں۔ البتہ جس جگہ برف پڑتا
رہتا ہو وہاں اگر تھوڑا سا برف نظر آئے تو یہ وہاں
والوں کے لئے سرسبزی کی دلیل ہے اور پالہ بھی
اسی طرح رنج کی علامت ہے۔ البتہ اگر اُس نے
خواب میں دیکھا کہ پانی کو برتن سے اپنے چلو میں
لیا اور وہ پانی اسمیں جم گیا تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ جو جمع

صامتٌ يجمعُ عندهُ ويبقى والبردُ لا خيرَ فيهِ بكلِّ حالٍ۔

شدہ جما ہوا مال ہے جو اسکے پاس جمع رہیگا اور باقی رہیگا۔ اور اولہ میں تو کسی حالتمیں بھی خیر و بھلائی نہیں ہے

فصلٌ۔ البئرُ هي رأسُ مالِ الإنسانِ ومعيشتُهُ فمن رأى أنّهُ أرادَ حفرَ بئرٍ فلم يقدرْ فإنّهُ نكدٌ في المعيشةِ وينالُ من القوتِ قليلاً ومن رأى أنّهُ بنى البئرَ في دارِهِ وقد فارَ وارتفعَ فإنّهُ قوّةٌ في مالِهِ ويرزقُهُ اللهُ تعالى مالاً طيّباً من غيرِ نكدٍ ولا تعبٍ ومن رأى كأنّ الماءَ خرجَ من دارِهِ وبئرِهِ فإنّ مالَهُ يذهبُ ويبقى أقلُّهُ ومن رأى كأنّهُ يستقي من ماءٍ ويسقي زرعاً فإنّهُ مالٌ ينفقُهُ في سبيلِ اللهِ عزّ وجلّ فإن رأى أنّهُ يستقي منها ويصبُّهُ فإنّهُ ينفقُهُ فيما لا ينفعُهُ ولا يضرُّهُ فإن كان يستقي منها ويعطي النّاسَ أو يسقيهم فإنّهُ يعيشُ في كفايةٍ عظيمةٍ وعالمٌ كبيرٌ كأنّهُ يربّي بمالِهِ الأيتامَ وضعفاءَ النّاسِ

کنواں۔ کنواں انسان کا راس المال ہے اور اسکی معیشت ہے جس نے خواب میں دیکھا کہ اُسنے کنواں کھودنا چاہا لیکن کھود نہ سکا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ معاش حاصل کرنے کیلئے محنت کریگا لیکن روزی کم ملے گی۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ اُسنے اپنے گھر میں کنواں کھودا ہے اور پانی خوب نکل آیا اور بلند ہوگیا تو یہ اسکے مال میں قوت کی نشانی ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ اسکو بغیر محنت و رنج کے پاک مال عطا فرمائیگا اور جس نے یہ دیکھا کہ گویا پانی اسکے گھر سے اور اس کے کنویں سے باہر نکلا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اس کا زیادہ مال نکل جائیگا اور تھوڑا باقی رہیگا۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ پانی چشمے سے نکال رہا ہے اور کھیتی کو سیراب کر رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ اللہ عزوجل کی راہ میں مال خرچ کر رہا ہے۔ اور اگر اس نے یہ دیکھا کہ وہ چشمہ سے پانی نکال رہا ہے اور وہ اسکو بہا رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ روپے ایسے کام میں خرچ کریگا جس سے نہ اسکو کوئی فائدہ ہوگا نہ نقصان

اور اگر وہ چشمے سے پانی نکال رہا ہے اور لوگوں کو دے رہا ہے یا انکو پلا رہا ہے تو وہ ایک بہت اچھی حالت میں رہیگا اور اسکا بڑا عالم ہوگا کہ وہ اپنے مال سے یتیموں اور کمزور لوگوں کو کھلاتا پلاتا ہوگا۔

فَإِنْ رَأَى أَنَّهُ يَسْتَقِي مِنْهَا وَيَسْقِي أَسَافِلَ الشَّجَرِ فَإِنَّهُ يُرَبِّي بِمَالِهِ الْأَيْتَامَ فَإِنْ كَانَ يَسْتَقِي وَيَسْقِي النَّاسَ فَإِنَّهُ يُعِينُ قَوْمًا عَلَى الْحَجِّ فَإِنْ رَأَى أَنَّهُ يَسْتَقِي وَخَرَجَ مِنْهُ عُذْرَةٌ أَوْ شَيْءٌ مِنَ الْقَذَرِ فَإِنَّهُ يَخْلِطُ مَالَهُ الطَّيِّبَ بِمَالٍ خَبِيثٍ فَمَنْ رَأَى كَأَنَّ دَلْوَهُ قَدِ انْقَطَعَ فَإِنَّ مَعْرُوفَهُ يَنْقَطِعُ عَنِ النَّاسِ وَرُبَّمَا تَكُونُ الْبِئْرُ مَكْرًا وَخَدِيعَةً وَهَمًّا وَغَمًّا فَإِنْ رَأَى أَنَّهُ وَقَعَ فِيهَا أَوْ دَخَلَهَا فَتَكُونُ عَاقِبَتُهُ إِلَى الْفَرَجِ وَالظَّفَرِ وَالنَّصْرِ كَمَا جَرَى لِسَيِّدِنَا يُوسُفَ الصِّدِّيقِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

جس نے یہ دیکھا کہ وہ چشمے سے پانی نکال رہا ہے اور درختوں کی جڑوں کو سیراب کر رہا ہے تو وہ اپنے مال سے یتیموں کی پرورش کریگا اور اگر یہ دیکھا کہ پانی نکال رہا ہے اور لوگوں کو پلا رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ حج کو جانیوالوں کی مدد کریگا۔ اور جس نے دیکھا کہ پانی نکال رہا ہے اور اسمیں کوئی ردی چیز یا گندی چیز نکلی تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ اپنے پاک مال میں خبیث مال ملا رہا ہے اور جسنے یہ دیکھا کہ گویا اسکا ڈول ٹوٹ گیا تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ لوگوں کے ساتھ اسکا احسان کرنا منقطع ہو جائیگا۔ اور کبھی کنویں کی تعبیر مکر و فریب رنج وغم سے بھی کی جاتی ہے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ کنویں میں گر پڑا یا اسمیں داخل ہو گیا تو اسکا انجام کشائش و کامیابی و فتحمندی ہوگا جیسے کہ سیدنا یوسف صدیق علیہ السلام پر گزرا۔

فَصْلٌ۔ اَلنَّهْرُ هُوَ رَجُلٌ عَلَى قَدْرِ حَالِ النَّهْرِ مِنَ الصِّغَرِ وَالْكِبَرِ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ دَخَلَ النَّهْرَ فَأَصَابَهُ وَجَلٌ وَهَوْلٌ فَإِنَّهُ يُصِيبُهُ هَمٌّ وَغَمٌّ وَخَوْفٌ بِقَدْرِ مَا وَجَلَ وَكَذٰلِكَ إِذَا كَانَ النَّهْرُ عَكِرًا أَوْ شَرِبَ وَهُوَ صَافٍ فَإِنَّهُ يُصِيبُ خَيْرًا وَحَيَاةً طَيِّبَةً وَإِنْ كَانَ النَّهْرُ كَدِرًا وَ

نہر۔ نہر کی تعبیر آدمی سے کی جاتی ہے۔ نہر کی حالت کے مطابق چھوٹی یا بڑی ہونے کے اعتبار سے جس نے یہ دیکھا کہ وہ نہر میں داخل ہوا اور اسکو خوف و ہول ہو گیا تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ جس قدر اسکو خواب میں رنج وغم و خوف ہو اُسی قدر دنیا میں ہوگا۔ اور اسی طرح اگر نہر گدلی ہو لیکن اسنے اسمیں سے صاف پانی پیا تو وہ بھلائی پائیگا اور اس کی

شَرِبَ مِنْهُ اَصَابَهٗ مَرَضٌ وَّهَمٌّ وَّغَمٌّ مِّنْ زندگی اچھی طرح گزریگی۔ اور اگر یہ دیکھا کہ نہر گدلی ہے
ذٰلِكَ الرَّجُلِ بِقَدْرِ مَا شَرِبَ مِنَ النَّهْرِ اور اسمیں سے گدلا پانی اُسنے پی لیا تو اسکو اس شخص
سے مرض اور رنج وغم اُسی قدر پہنچے گا جسقدر کہ اُسنے نہر سے پانی پیا۔

وَاِذَا رَاٰی اَنَّهٗ يَسْقِی الْمَاءَ مِنَ النَّهْرِ اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ نہر سے سیراب ہو رہا
فَاِنَّهٗ يُصِيْبُ مَالًا مِّنْ رَّجُلٍ عَلٰی قَدْرِ ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ نہر کی بڑائی اور چھوٹائی کے
عِظَمِ النَّهْرِ وَصِغَرِهٖ فَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ لحاظ سے کسی آدمی سے مال پائیگا اور جسنے یہ دیکھا کہ
اغْتَسَلَ فِیْ نَهْرٍ اَوْ بَحْرٍ وَّلَمْ يَنْظُرْ هَوْلًا وَّ وہ نہر میں یا دریا میں نہایا اور نہ کوئی گھبراہٹ معلوم
لَا ذُلًّا وَّلَا عِلَاجًا لِّنَفْسِهٖ اَوْ رَاٰی اَنَّهٗ ہوئی نہ اسکے دل میں ڈر معلوم ہوا نہ اسکو کوئی ذلت ہی
اغْتَسَلَ فِیْ مَاءٍ فَاِنَّ الْغُسْلَ ذِهَابُ معلوم ہوئی۔ یا یہ دیکھا کہ وہ چشمے میں نہایا تو اس نہانے
غَمٍّ وَّهَمٍّ وَّحُزْنٍ وَّفَرَحٌ وَّشِفَاءٌ فَاِنْ کی تعبیر یہ ہے کہ غم و رنج و فکر سب کچھ جلد چلا جائیگا
كَانَ مَهْمُوْمًا اَوْ فِیْ ضِيْقٍ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ اور خوشی اور شفا اسکو حاصل ہوگی اور اگر وہ غمگین ہوگا
وَاِنْ كَانَ مَرِيْضًا شَفَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَ یا تنگی میں ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسکی کشائش فرما دیگا اور
اِنْ كَانَ مَدْيُوْنًا قَضَی اللّٰهُ دَيْنَهٗ وَاِنْ بیمار ہوگا تو اسکو شفا عطا فرمائیگا اور مقروض ہوگا تو
كَانَ ذَا خَوْفٍ اٰمَنَ اللّٰهُ خَوْفَهٗ وَاِنْ اللہ تعالیٰ اسکے قرضے کو ادا کر دیگا۔ اور اگر اسکو کسی قسم
كَانَ فِی السِّجْنِ خَلَّصَهُ اللّٰهُ مِنْهُ قَالَ کا ڈر ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسکو بیخوف کر دیگا اور اگر وہ قید
اللّٰهُ تَعَالٰی۔ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ میں ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسکو قید سے چھڑا دیگا۔ ارشادِ الٰہی
بَارِدٌ وَّشَرَابٌ وَوَهَبْنَا لَهٗ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ ہے اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّ
مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰی لِاُولِی الْاَلْبَابِ شَرَابٌ وَوَهَبْنَا لَهٗ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً
وَاِذَا رَاٰی اَنَّهٗ قَطَعَ النَّهْرَ اِلَی الْجَانِبِ مِّنَّا وَذِكْرٰی لِاُولِی الْاَلْبَابِ۔ اپنا پاؤں زمین
الْاٰخَرِ فَاِنَّهٗ هَمٌّ وَّغَمٌّ وَّخَوْفٌ يَّزُوْلُ پر دے مار۔ یہ ایک ٹھنڈا چشمہ ہے نہانے اور
فَاِنْ كَانَ فِيْهِ وَحْلٌ اَوْ طِيْنٌ اَوْ مَوْجٌ پینے کو۔ اور ہمنے اسکو اسکے اہل و عیال بخشے اور ان

متواترٌ فقد قطع ذلك الرجل الذي يداخله ويعاشره ويجاوزه الى غيره او يبقى من بعده۔

کے ساتھ اتنے ہی اور بھی۔ ہماری طرف سے ایک مہربانی تھی اور عقلمندوں کے لئے سامانِ نصیحت۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے نہر کو دوسری طرف تک پار کرلیا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ رنج وغم اور خوف زائل ہوجائیگا۔ اور اگر اسمیں کیچڑ یا مٹی یا متواتر موج ہو تو اُسکی تعبیر یہ ہے کہ اس شخص نے اسکے ساتھ تعلقات قطع کرلئے جس کے پاس اسکی آمدورفت تھی اور اس کے ساتھ اسکی معاشرت تھی اور اسکو چھوڑ کر کسی دوسرے کے پاس چلا جائیگا یا اسکے بعد باقی رہے گا۔

البحر۔ رؤية البحر ملك عظيم اذا لم يكن له عكر او له موج هائل فهو مملكة فمن راى انه شرب من ماء البحر وهو غير عكر ولا هائج نال من الملك بقدر ما شرب او نال من دنياه معيشة طيبة وان كان البحر كدرا او مظلما او هائجا اصابه من الخوف والهم والغم والشدة بقدر ذلك ومن راى انه غرق في البحر فان كان صافيا غرق في امور الملك وان كان كدرا نالته شدة مهلكة ومن راى انه يمشي فوق البحر فانه يعلو في دنياه على الملوك وارباب الدنيا وغير مكانه والله اعلم

دریا۔ دریا کا دیکھنا ملک عظیم کی نشانی ہے بشرطیکہ اسمیں گدلاپن یا خطرناک موجیں نہ ہوں۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے دریا کا پانی پیا اور اسمیں نہ گدلاپن تھا اور نہ جوش، تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اُس نے جس قدر پانی پیا ہے اُسی قدر ملک پائے گا اور دنیا میں عمدہ زندگی گزاریگا۔ اور اگر دریا گدلا یا اندھیارا تھا، یا اسمیں جوش تھا تو اسکو اسی قدر خوف اور رنج وغم حاصل ہوگا۔ اور جسنے یہ دیکھا کہ وہ دریا میں ڈوب گیا تو اگر پانی صاف تھا تو مملکت کے اُمور میں غرق رہیگا۔ اور اگر گدلا تھا تو اسکو ایسی شدت پہنچیگی جو ہلاک کن ہوگی۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ دریا کے اوپر چل رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ دنیا میں بادشاہوں اور دنیا دار لوگوں پر غالب رہے گا اور اپنا مکان بدل دیگا۔ واللہ اعلم

السفينة۔ نجاة في غالب الاحوال و

کشتی۔ اکثر اوقات تو اسکی تعبیر نجات سے کیجاتی ہے۔

رُبَّمَا كَانَتْ سَبَبًا وَّوُصْلَةً إِلَى الْمُلُوْكِ وَرُبَّمَا كَانَتْ هَمًّا وَّغَمًّا إِلَّا أَنَّ النَّجَاةَ قَرِيْبَةٌ فَمَنْ رَأَى أَنَّهٗ فِي سَفِيْنَةٍ فِي الْبَحْرِ فَإِنَّهٗ يَدَاخِلُ الْمُلْكَ وَالسُّلْطَانَ بِقَدْرِ دُخُوْلِ السَّفِيْنَةِ وَكِبَرِهَا وَصِغَرِهَا وَسَعَتِهَا إِلَّا أَنَّهٗ يَنْجُوْا مِنْ ذٰلِكَ الْمُلْكِ فَمَنْ رَأَى أَنَّهٗ فِي سَفِيْنَةٍ وَّفِيْهَا مَاءٌ فَإِنَّ ذٰلِكَ هَمٌّ وَّغَمٌّ أَوْ مَرَضٌ أَوْ حَبْسٌ يَنَالُهٗ وَلٰكِنْ يَنْجُوْ مِنْهُ أَيْ مِنْ تِلْكَ الْأَهْوَالِ

اور کبھی اسکی تعبیر بادشاہوں کے پاس پہنچنے اور اس کے سبب سے کیجاتی ہے اور کبھی اسکی تعبیر رنج و غم سے بھی کیجاتی ہے مگر نتیجے میں نجات قریب بتائی جاتی ہے اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ دریا میں کشتی میں بیٹھا ہوا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ کشتی میں داخل ہونے اور کشتی کے چھوٹے یا بڑے ہونے کے لحاظ سے امور مملکت و سلطنت میں داخل ہو جائیگا لیکن پھر اس سے نجات پا جائیگا۔ جس نے یہ دیکھا کہ وہ کشتی میں ہے اور کشتی میں پانی آگیا ہے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ اسکو رنج و غم ہوگا یا مرض ہوگا یا وہ قید ہوگا لیکن آخر میں ان تمام باتوں سے نجات پائیگا۔

وَمَنْ رَأَى أَنَّهٗ خَرَجَ مِنَ السَّفِيْنَةِ فَإِنَّهٗ نَجَاةٌ تَكُوْنُ سَرِيْعَةً وَإِنْ رَأَى السَّفِيْنَةَ فِي أَرْضٍ يَابِسَةٍ فَإِنَّ ذٰلِكَ هَمٌّ وَّغَمٌّ وَّكَرْبٌ يَنَالُهٗ وَيَنْجُوْ مِنْهُ وَلَوْ رَأَى السَّفِيْنَةَ تَسْتَقْبِلُ ذٰلِكَ اسْتِقْبَالًا فَإِنَّ خُرُوْجَهٗ مِنَ الْكُرُوْبِ يَكُوْنُ قَرِيْبًا۔

اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ کشتی سے نکلا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ جلدی سے نجات پائیگا۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ کشتی خشک زمین میں ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکو رنج و غم پہنچیگا اور سختی پائیگا لیکن اس سے نجات پا جائیگا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ کشتی قبلہ کی طرف رُخ کئے جارہی ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ سختیوں سے وہ عنقریب چھٹکارا پائیگا۔

اَلسَّاقِيَةُ ۔ اَلصَّغِيْرَةُ اللَّطِيْفَةُ الَّتِي لَا يَغْرِقُ الْإِنْسَانُ فِيْهَا تَجْرِي مَجْرَى الْأَنْهَارِ لٰكِنَّهَا حَيَاةٌ طَيِّبَةٌ وَّبُشْرٰى عَامَّةً كَانَتْ

ندی ۔ چھوٹی پتلی ندی جس میں انسان ڈوبتا نہیں نہر کے قائم مقام ہوتی ہے، لیکن اس کی تعبیر اچھی زندگی اور بشارت ہے، خواہ ندی عام ہو کہ خاص

السّاقية او خاصة وكذلك اذا رأى الماء يجري في خلال الدور فانه حياة طيبة اذا كان عذبا غير نابع والعيون التي انفجرت في داره في حائط او في موضع ينكر انفجار العيون فيه ولم يناسبه فان ذلك هم وغم وحزن وخوف وبكاء لاهل ذلك الموضع بقدر قوة العين وضعفها فان العين كلما كثر ماؤها عظمت المصيبة حتى ينتهي الخوف والبكاء لاهل ذلك الموضع

اور اسی طرح اگر یہ دیکھا کہ پانی گھروں میں دوڑ رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ زندگی اچھی گزریگی بشرطیکہ پانی میٹھا ہو اور زمین سے نہ نکل رہا ہو اور اگر یہ دیکھا کہ چشمے گھر میں یا دیوار میں یا ایسی جگہ پھوٹ نکلے ہیں جہاں عموماً چشمے پھوٹا نہیں کرتے اور نہ اس جگہ انکا پھوٹنا مناسب ہے تو اسکی تعبیر رنج و غم خوف اور رونے سے کیجائیگی جو وہاں کے رہنے والوں کو چشمہ کی قوت و کمزوری کے لحاظ سے پیش آئیں گے کیونکہ چشمہ کا پانی جسقدر زیادہ ہوگا اسی قدر مصیبت زیادہ ہوگی حتی کہ اس جگہ کے رہنے والوں کے لئے خوف اور رونے کی حد ہو جائے گی۔

فان كان الماء كدرا كان الامر اقوى واشد فان رأى انه شرب من العين ناله هم وغم بقدر ما شرب منها فان رأى انه توضأ بماء العين او اغتسل فان ذلك صالح لكل هم وغم وهو محمود الامر فان كان مهموما فرج الله عنه وان كان خائفا امن وان كان ذا دين قضى الله عنه دينه وان كان ذا ذنوب كفرها الله عنه وان كان مريضا شفاه الله تعالى وذلك

اور اگر پانی گدلا ہوگا تو معاملہ نہایت قوی اور شدید ہوگا۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے چشمہ سے پانی پیا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ جسقدر اُسنے پانی پیا ہے اسیقدر اسکو رنج و غم ہوگا۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ اُسنے چشمہ کے پانی سے وضو کیا یا غسل کیا تو یہ ہر رنج و غم کے لئے بہت بہتر ہے اور اچھا معاملہ ہونیکی دلیل ہے اگر وہ غمزدہ ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس سے غم کو دُور فرما دیگا اور اگر خوف زدہ ہے تو امن میں ہو جائیگا۔ اور اگر قرضدار ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسکے قرضہ کو ادا کر دیگا۔ اور اگر گناہگار ہے تو اللہ تعالےٰ

لِقِصَّةِ سَيِّدِنَا أَيُّوبَ وَمَنْ رَأَى مَعَهُ إِنَاءً فِيهِ مَاءٌ وَهُوَ عَلَى طُهْرٍ أَوْ سَفَرٍ أَوْ فِي مَوْضِعٍ مَجْهُولٍ فَإِنَّ تِلْكَ الْمِيَاهَ عُمْرُهُ وَحَيَاتُهُ فَإِنْ شَرِبَهُ كُلَّهُ فَقَدْ نَفِدَ عُمْرُهُ كُلُّهُ وَإِنْ بَقِيَ مِنْهُ شَيْءٌ بَقِيَ مِنْ عُمْرِهِ قَدْرَ مَا بَقِيَ فِي الْإِنَاءِ وَالثَّرِيدُ فِي الطَّعَامِ يَجْرِي مَجْرَى الْمَاءِ فِي الْإِنَاءِ عَلَى مَا وَصَفْتُ

اسکو شفا عطا فرمائیگا اور یہ تعبیر سیدنا ایوبؑ کے قصہ سے ماخوذ ہے۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ اس کے پاس برتن ہے جسمیں پانی ہے اور وہ پاکی کیلئے بیٹھا ہے یا سفر میں ہے یا کسی نامعلوم جگہ میں ہے تو اُس کی تعبیر یہ ہے کہ یہ پانی اسکی عمر اور اس کی زندگی ہے یعنی اگر اس نے وہ سب پانی پی لیا تو گویا اسکی عمر ختم ہوگئی۔ اور اگر کچھ پانی باقی رہ گیا تو اسکی عمر کا اتنا حصہ باقی ہے جتنا کہ پانی اس برتن میں بچا ہے۔ اور جس طرح پانی برتن میں ہونے کی تعبیر ہے اسی طرح کھانے میں ثرید[۱] کی ہے۔

وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ شَرِبَ مَاءً صَافِيًا عَذْبًا وَلَا يَعْلَمُ مِقْدَارَهُ وَلَا رَأَى أَنَّهُ عَلَى طُهْرٍ وَلَا سَفَرٍ وَلَا كَانَ فِي مَوْضِعٍ مَجْهُولٍ فَإِنَّهُ يَنَالُ حَيَاةً طَيِّبَةً وَعِيشَةً صَافِيَةً فَإِنْ كَانَ الْمَاءُ غَيْرَ عَذْبٍ فَكَذَلِكَ تَكُونُ حَيَاتُهُ وَعِيشَتُهُ وَإِنْ كَانَ كَدِرًا فَإِنَّهُ يُصِيبُهُ مَرَضٌ عَلَى قَدْرِ ذَلِكَ فَإِنْ رَأَى مَاءً فِي قَدَحِ زُجَاجٍ فَإِنَّ الْكَأْسَ امْرَأَةٌ وَالْمَاءَ وَلَدٌ إِذَا لَمْ يَشْرَبْهُ فَإِنْ رَأَى أَنَّهُ يَسْقِي بُسْتَانًا أَوْ زَرْعًا فَإِنَّهُ يُجَامِعُ زَوْجَتَهُ أَتَمَّ جِمَاعٍ

اور جس نے یہ دیکھا کہ اُسنے صاف اور میٹھا پانی پیا اور اسکو یہ نہیں معلوم کہ وہ پاکی پر ہے یا سفر میں ہے یا کسی نامعلوم جگہ میں ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ اچھی زندگی گزاریگا اور پاک صاف عیش میں رہیگا۔ اور اگر پانی میٹھا نہ ہو تو اسکی زندگی اور عیش اسیطرح ہونگے اور اگر گدلا ہے تو جسقدر گدلا پن ہے اسیقدر اسکو بیماری ہوگی۔ اور اگر کسی نے خواب میں یہ دیکھا کہ پانی شیشے کے گلاس میں ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ گلاس عورت ہے اور اگر پانی نہیں پیا ہے تو پانی سے مراد لڑکا ہے اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ باغ یا کھیتی کو سیراب کر رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنی بیوی سے اچھی طرح صحبت کریگا۔

---

[۱] ثرید اس روٹی کو کہتے ہیں جو شوربے میں بھگو کر کھائی جاتی ہے۔

اور اگر باغ میں پھل یا پتے لگتے دیکھے تو

فَاِنْ اَثْمَرَ الْبُسْتَانُ اَوْ اَوْرَقَ رُزِقَ مِنَ الْمَرْاَةِ وَلَدًا وَاِنْ رَاٰی غَیْرَہٗ یَسْقِیْ بُسْتَانَہٗ اَوْ زَرْعَہٗ فَلَا خَیْرَ فِیْہِ وَمَنْ رَاٰی اَنَّہٗ تَوَضَّاَ وَاغْتَسَلَ بِمَائِعٍ لَا یُجْزِیْ فِی الْوُضُوْءِ اَوِ الْغُسْلِ مِثْلُ اللَّبَنِ اَوِ الْخَمْرَۃِ اَوِ الدُّھْنِ اَوْ غَیْرِ ذٰلِکَ مِنَ الْمَائِعَاتِ فَاِنَّ الْاَمْرَ الَّذِیْ ھُوَ فِیْہِ مِنْ اُمُوْرِ الدُّنْیَا وَالدِّیْنِ لَا یَتِمُّ وَکَذٰلِکَ اِنْ رَاٰی اَنَّہٗ تَوَضَّاَ بِالْمَاءِ وَلَمْ یُتِمَّ وُضُوْءَہٗ فَاِنَّ اَمْرَہٗ لَا یَتِمُّ لَہٗ غَیْرَ اَنَّہٗ اَھْوَنُ وَاَیْسَرُ وَکَذٰلِکَ اِذَا رَاٰی اَنَّہٗ یُصَلِّیْ وَلَمْ یُتِمَّ صَلَاتَہٗ وَاِنْ اَتَمَّ وُضُوْءَہٗ اَوْ غُسْلَہٗ فَاِنَّ ذٰلِکَ طَھَارَۃٌ مِّنَ الذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ وَغَیْرِھِمَا

اس کی تعبیر یہ ہے کہ اسکی عورت سے اس کے لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ کوئی غیر شخص اس کے باغ کو سیراب کر رہا ہے یا کھیتی کو تو اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے اور جس نے یہ دیکھا کہ کسی نے ایسے سیال سے وضو یا غُسل کیا جس سے وضو یا غسل جائز نہیں جیسے دودھ یا شراب یا تیل وغیرہ بہتی چیزوں سے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دین و دنیا کے جو کام کرنا چاہتا ہے وہ پورے نہ ہونگے اور اسی طرح اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُسنے پانی سے وضو کیا ہے لیکن اسکا وضو پورا نہیں ہوا تو اسکے بھی اُمور پورے نہ ہونگے البتہ انہیں آسانی پیدا ہو جائیگی۔ اور اسی طرح اگر اُس نے یہ دیکھا کہ نماز پڑھ رہا ہے لیکن نماز پوری نہیں کی تو بھی اسکے اُمور پورے نہ ہونگے البتہ اگر اس نے وضو یا غسل پورا کر لیا تو یہ اسکے گناہوں اور خطاؤں کا کفارہ ہے۔

اَلطِّیْنُ وَالْوَحْلُ۔ ھُمَا ھَمٌّ وَغَمٌّ وَخَوْفٌ بِقَدْرِ مَا اَصَابَ مِنْہُ وَکَذٰلِکَ الْمَاءُ الْمُسَخَّنُ فَاِنْ رَاٰی اَنَّہٗ اَصَابَ مَاءً مُسَخَّنًا فَاِنَّہٗ یُصِیْبُہٗ ھَمٌّ وَغَمٌّ مِنَ السُّلْطَانِ وَکُلَّمَا اشْتَدَّتْ سُخُوْنَتُہٗ کَانَ

مٹی اور کیچڑ۔ یہ دونوں فکر و غم اور خوف کی علامت ہیں جسقدر یہ اشیاء خواب میں دیکھے گا اُسی قدر فکر و غم و خوف ہوگا۔ اسی طرح گرم پانی بھی۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اسکو گرم پانی لگا، تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو بادشاہ سے رنج و غم

أَلَمُهُ أَشَدَّ وَرُبَّمَا أَصَابَهُ فَزَعٌ أَوْ مَرَضٌ

پہنچے گا اور جتنی پانی کی گرمی زیادہ ہوگی اسیقدر رنج زیادہ ہوگا، اور بسا اوقات اس کو گھبراہٹ بھی ہوگی اور مرض بھی۔

أَللَّبِنُ - أَلْآجَاتُ الَّذِي خَرَجَ مِنْ كَوْنِهِ طِينًا فَإِنَّهُ مَالٌ مَجْمُوعٌ فَمَنْ رَأَى أَنَّهُ نَالَهُ مِنْهُ شَيْءٌ فَإِنَّهُ يَنَالُ مَالًا مَجْمُوعًا وَمَنْ رَأَى لَبِنَةً نُزِعَتْ مِنْ حَائِطٍ فَإِنَّهُ يُفْقَدُ هُنَاكَ رَجُلٌ أَوْ اِمْرَأَةٌ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ

اینٹ - سوکھی اینٹ جو اب مٹی نہیں کہلاتی اسکو خواب میں دیکھنا جمع شدہ مال کی علامت ہے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُسنے اینٹ کا کچھ حصہ پایا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ جمع شدہ مال پائیگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اینٹ دیوار سے نکل گئی تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ یا تو اسکا کوئی آدمی کھو جائیگا خواہ مرد ہو یا عورت واللہ اعلم

أَلْحَمَّامُ - فِي التَّأْوِيلِ هَمٌّ وَغَمٌّ بِقَدْرِ شِدَّةِ الْحَرَارَةِ وَقُوَّتِهَا وَيَكُوْنُ مُعْظَمُ ذٰلِكَ مِنْ جِهَةِ النِّسَاءِ وَيَزُوْلُ مِنْهُ ذٰلِكَ سَرِيْعًا بِقِلَّةِ اللُّبْثِ فِي الْحَمَّامِ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ يَبُوْلُ فِي الْحَمَّامِ أَوْ حَلَقَ بِالنُّوْرَةِ فَإِنَّهَا رُؤْيَا صَالِحَةٌ فَإِنْ كَانَ مَكْرُوْبًا أَوْ خَائِفًا أَوْ مَهْمُوْمًا أَوْ مَرِيْضًا زَالَ عَنْهُ جَمِيْعُ ذٰلِكَ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ شَيْءٌ مِنْ ذٰلِكَ تَحَوَّلَتْ حَالَتُهُ وَنَقَصَ مَالُهُ وَمَتَى رَأَيْتَ الْأَقْوَى وَالضَّعِيْفَ وَذٰلِكَ إِذَا اجْتَمَعَ فِي الرُّؤْيَا شَيْءٌ مُخْتَلِفٌ تَأْوِيْلُهُ عَلَى ضِدَّيْنِ فَعَبِّرْ بِالْأَقْوَى وَ

حمام - حمام کی تعبیر رنج و غم ہے جسقدر حمام میں قوت اور شدت ہوگی اسی لحاظ سے رنج و غم ہوگا اور اسکی اکثر وجہ عورتیں ہونگی اور چونکہ حمام میں بہت کم ٹھہرنا ہوتا ہے اسلئے یہ رنج و غم بہت جلدی زائل بھی ہو جائیگا۔ جس نے یہ دیکھا کہ وہ حمام میں پیشاب کر رہا ہے یا یہ کہ چونے سے بال نکال رہا ہے تو یہ بہت اچھا خواب ہے۔ اگر وہ مصیبت زدہ ہوگا یا خائف ہوگا یا غمگین ہوگا یا بیمار ہوگا تو یہ سب باتیں اس سے دُور ہو جائیں گی اور اگر انمیں سے اسکو کچھ بھی نہ ہوگا تو اسکی حالت بدل جائیگی اور اس کے مال کا نقصان کم ہو جائیگا اور اگر خواب میں دو ایسے مختلف امور جمع ہو جائیں جن کی تعبیر ایک دوسرے کی ضد میں ہوتی ہو تو جو امر قوی ہو اس سے

اثر الضعيف فان الحمام يدل على الهم والغم والنورة تدل على ذهابهما فكان تاويل الرؤيا بالنورة اقوى من تاويل الحمام

تعبیر دی جائے اور جو کمزور ہو اسکو چھوڑ دینا چاہئے چنانچہ حمام تو رنج وغم کی دلیل ہے اور چونے کی تعبیر رنج وغم کا جانا ہے تو خواب کی تعبیر چونے کے لحاظ سے دینا حمام کے لحاظ سے دینے سے قوی تر ہے۔

الرحى - من رآها فانها شعر اذا كانت دائرة وهي ايضا معيشته وكذلك هي كد في الدنيا ورزق صالح فمن رأى ان له رحى تطحن دقيقا اصاب خيرا او رزقا من كد غيره او من كده ان كان هو الطاحن وربما كانت الرحى حربا اذا كان في الرؤيا ما يدل على ذلك

چکی۔ اگر کسی نے چکی کو خواب میں چلتی ہوئی دیکھا تو یہ اسکے معیشت کے لئے دلیل ہوگی یعنی دنیا میں مصیبت تو ہوگی لیکن رزق صالح ملے گا۔ اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے پاس چکی ہے اور آٹا پیس رہی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اسکو بھلائی یا رزق غیر کی محنت سے ملیگا اور اگر خود پیس رہا ہو تو پھر اس کی محنت سے ملیگا اور کبھی چکی کی تعبیر جنگ سے بھی کی جاتی ہے بشرطیکہ خواب میں کوئی ایسی بات بھی معلوم ہو جو اس پر دلالت کرے۔

واما الرياح فان كانت طيبة نيرة فهي بشارة وبركة لقوله تعالى وهو الذي يرسل الرياح بشرا بين يدي رحمته - وان كانت سوداء مظلمة فهي هم وغم لقوله تعالى وفي عاد اذ ارسلنا عليهم الريح العقيم الآية والله تعالى اعلم

ہوائیں۔ ہوائیں اگر اچھی ہیں اور انمیں روشنی ہو تو اس کی تعبیر تو بشارت اور برکت ہوگی۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وھو الذی یرسل الریاح بشرا بین یدی رحمتہ - اور اللہ ہی ہواؤں کو اپنی رحمت سے پہلے خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے اور اگر ہوائیں سیاہ آندھیاں ہوں تو یہ رنج وغم کی نشانی ہیں جیسے فرمان الٰہی ہے وفی عاد اذ ارسلنا علیہم الریح العقیم - اور عاد پر ہمنے وہ ہوا بھیجی جو خیر سے بانجھ تھی۔

اَلْبَابُ السَّادِسُ — چھٹا باب

فِی رُؤْيَةِ الْأَرْضِ وَالْجِبَالِ وَالْمَفَاوِزِ وَالتِّلَالِ وَالْأَبْنِيَةِ وَالْحُصُوْنِ وَالْحَوَانِيْتِ وَالدُّوْرِ وَالْهَدَّةِ وَالزِّلْزَالِ وَشِبْهِ ذٰلِكَ

زمین، پہاڑ، بیابان، چھوٹے ٹیلوں، عمارتوں قلعوں، دکان اور مکانات اور دھماکے اور زلزلوں کو خواب میں دیکھنے کا بیان

اَلْأَرْضُ - فِی التَّأْوِيْلِ تَنْصَرِفُ إِلٰى وُجُوْهٍ فَإِنْ كَانَتْ مُدْرِكَةَ الْحُدُوْدِ بِالْبَصَرِ فَهِيَ امْرَأَةٌ وَإِنْ كَانَتْ وَاسِعَةً مَجْهُوْلَةً فَهِيَ دُنْيَا وَإِنْ كَانَتْ مَعَ سَعَتِهَا خَضِرَةً وَفِيْهَا نَبَاتٌ مَجْهُوْلٌ فَهِيَ دِيْنُ الْإِسْلَامِ وَكَذٰلِكَ الْمَفَاوِزُ أَيْضًا۔

زمین۔ زمین کی تعبیر کئی طریقوں سے دیجاتی ہے اگر اس کی حدود آنکھوں سے معلوم ہوتی ہیں تو اس کی تعبیر عورت سے دی جائیگی اور اگر اسقدر وسیع ہے کہ اسکی حدود معلوم نہ ہوسکیں تو اسکی تعبیر دنیا ہے اور اگر وسعت کے ساتھ ساتھ اسمیں سبزی بھی ہے اور اس میں پیداوار بھی ہے لیکن نامعلوم قسم کی ہو تو وہ دینِ اسلام ہے اور اسی طرح بیابان کی بھی تعبیر ہے۔

فَمَنْ رَأٰى أَنَّ الْأَرْضَ بُسِطَتْ لَهٗ طَالَتْ حَيَاتُهٗ فِیْ حِفْظٍ وَخَيْرٍ فَإِنْ رَآهَا طُوِيَتْ لَهٗ فَهِيَ نَفَادُ عُمْرِهٖ وَرُبَّمَا يَدُلُّ طَيُّهَا عَلَى الْوِلَايَةِ إِذَا كَانَ أَهْلًا لَهَا وَمَنْ رَأٰى أَنَّ الْأَرْضَ تُكَلِّمُهٗ نَالَ خَيْرًا وَدُنْيَا صَالِحَةً يَتَعَجَّبُ النَّاسُ لَهٗ فِيْهَا وَكَلَامُ كُلِّ شَیْءٍ كَذٰلِكَ مِنَ الَّذِیْ لَا يَتَكَلَّمُ يَكُوْنُ عَجَبًا لِمَا تَدُلُّ عَلَيْهِ الرُّؤْيَا

اگر کسی نے یہ دیکھا کہ زمین اُس کیلئے بچھادی گئی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی زندگی حفاظت و خیر میں گزرے گی۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ زمین اس کے لئے لپیٹ دی گئی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی عمر ختم ہوگئی اور کبھی اس کی تعبیر ولایت سے بھی ہوتی ہے بشرطیکہ وہ اس کا اہل بھی ہو۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ زمین نے اس سے بات کی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ بھلائی اور اچھی دُنیا پائیگا جس کو دیکھ کر لوگ تعجب کرینگے۔ اور اسی طرح ہر وہ چیز جو بات نہیں کرتی، اگر بات کریگی تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ اس کو ایسی اچھی چیز ملے گی جس کو دیکھ کر لوگ تعجب کریں گے۔

وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ غَابَ فِی الْاَرْضِ مِنْ غَیْرِ حُفْرَۃٍ فَاِنَّهٗ یَمُوْتُ فِیْ طَلَبِ الدُّنْیَا وَاِنْ کَانَ فِیْ حُفْرَۃٍ فَاِنَّهٗ یَقَعُ فِیْ مَکْرُوْہٍ وَّخَدِیْعَۃٍ وَّجِنَایَۃٍ وَمَنْ رَاٰی کَاَنَّ الْاَرْضَ تُدِیْرُہٗ اِضْطَرَبَ اَمْرُہٗ وَدَارَ فِی الْاَرْضِ فِیْ طَلَبِ رِزْقِهٖ

اور جس نے دیکھا کہ وہ زمین میں غائب ہو گیا لیکن کوئی گڑھا نظر نہ آیا تو اُس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ دنیا کی طلب میں مرجائے گا۔ اور اگر یہ نظر آئے کہ گڑھے میں گر کر غائب ہوا ہے تو اُس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اس کو کوئی ناگوار بات پیش آئے گی ، یا فریب دیا جائے گا یا یہ کہ اس سے کوئی گناہ سرزد ہوگا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ زمین اس کو گردش دے رہی ہے تو اُس کے معاملات چکر میں پڑ جائیں گے اور وہ رزق کی تلاش میں ملک بہ ملک پھرے گا۔

وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِیْ مَفَازَۃٍ یَهْتَدِیْ فِیْهَا وَیَسِیْرُ سَیْرًا مُّسْتَقِیْمًا فَاِنَّهٗ مُهْتَدٍ فِیْ دِیْنِهٖ وَاسْتِقَامَتِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ لَا یَهْتَدِیْ فِیْهَا فَهُوَ فِیْ شَكٍّ فِی الْاِسْلَامِ فَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ فِیْ مَفَازَۃٍ یَاْکُلُ وَیَشْرَبُ فَاِنَّهٗ یَنَالُ نِعْمَۃً وَّکَرَامَۃً فِیْ دِیْنِهٖ وَدُنْیَاہُ

اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ بیابان میں ہے اور اس میں وہ سیدھا چل رہا ہے اور ٹھیک ٹھیک طریقے پر چل رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ اپنے دین میں ہدایت کے راستے پر ہے اور اسلام پر ٹھیک ٹھیک چل رہا ہے۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ جنگل میں ٹھیک نہیں چل رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکو اسلام میں شک ہے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ جنگل میں کھا پی رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ دین و دنیا میں نعمت پائے گا۔

اَلتُّرَابُ۔ وَالرَّمْلُ وَغَیْرُهُمَا مِنْ اَجْزَاءِ الْاَرْضِ مِثْلُ الْغُبَارِ وَنَحْوِہٖ فَاِنَّهٗ مَالٌ وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ یَاْکُلُ التُّرَابَ وَالرَّمْلَ اَوْ قَدْ عَلَاہُ غُبَارٌ وَّتُرَابٌ فَاِنَّهٗ یَسْتَغْنِیْ وَیُصِیْبُ مَالًا عَظِیْمًا وَکَذٰلِكَ اِذَا رَاٰی اَنَّهٗ

مٹی اور ریت وغیرہ زمین کے اجزاء جیسے کہ گرد وغیرہ ہے اس کی تعبیر مال سے ہوتی ہے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ مٹی یا ریت کھا رہا ہے یا یہ کہ گرد اور مٹی اس کے اوپر آ رہی ہے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ وہ مالدار ہوگا اور بہت مال پائیگا۔ اور اسی

يَمْشِيْ فِيْهِ اَوْ يَحْمِلُهٗ فَاِنَّهٗ يُعَالِجُ شُغْلًا
ثَقِيْلًا فِيْ اِكْتِسَابِ الْمَالِ وَيَنَالُهٗ بَعْدَ
ذٰلِكَ وَاِنْ رَاَى الْغُبَارَ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ
وَالْاَرْضِ اَمْرٌ مُّلْتَبِسٌ وَكَذٰلِكَ اِذَا
رَاَى الضَّبَابَ وَمَنْ رَاَى اَنَّهٗ يَحْفِرُ
الْاَرْضَ وَيَاْكُلُ التُّرَابَ فَاِنَّهٗ يَاْكُلُ
مَالًا بِمَكْرٍ وَّخَدِيْعَةٍ وَّحِيْلَةٍ وَّاَمَّا
الْاَرْضُ فَهِيَ مَا خَالَفَ دِيْنَ الْاِسْلَامِ
مِنَ الْاَدْيَانِ كَذٰلِكَ الْمَفَاوِزُ الْوَعْرَةُ
فَاِنْ اَدْرَكَ الْحُدُوْدَ فَهِيَ امْرَاَةٌ سُوْءٌ
لَا خَيْرَ فِيْهَا

طرح اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ اس میں چل
رہا ہے یا یہ کہ وہ اس کو اُٹھائے ہوئے ہے
تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اس کو مال حاصل کرنے
کے لئے بڑی محنت کرنی پڑے گی اور اس کے
بعد وہ بہت مال حاصل کریگا۔ اگر کسی نے گرد
کو آسمان و زمین کے درمیان دیکھا تو یہ معلمہ
پیچدار ہونے کی علامت ہے اور اسی طرح
اگر کسی نے کہرا دیکھا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا
کہ وہ زمین کو کھود رہا ہے اور مٹی کو کھا رہا ہے
تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ مال کو مکر و فریب اور حیلہ
سے کھا رہا ہے کیونکہ زمین کی تعبیر وہ دین ہے
جو دینِ اسلام کے مخالف ہو۔ اسی طرح وہ بیابان جو خوفناک و متوحش ہوں۔ اور اگر اسکی حدود
لوم ہو جائیں تو اس کی تعبیر بُری عورت ہے جس میں کوئی خیر نہیں۔

حِكَايَةٌ۔ حُكِيَ اَنَّ رَبِيْعَةَ بْنَ اُمَيَّةَ
بْنِ خَلَفٍ جَاءَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ
رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فَقَالَ يَا خَلِيْفَةَ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ
رَاَيْتُ الْبَارِحَةَ فِيْ مَنَامِيْ كَاَنِّيْ فِيْ
اَرْضٍ خَضِرَةٍ مُّخْصِبَةٍ وَقَدْ اَفْضَيْتُ
مِنْهَا اِلٰى اَرْضٍ مُّجْدِبَةٍ لَا نَبَاتَ فِيْهَا
وَرَاَيْتُكَ قَدْ جُمِعَتْ يَدَاكَ وَغُلَّتْ اِلٰى

حکایت ۔ نقل ہے کہ ربیعہ بن اُمیہ بن
خلف نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہٗ
کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اے
خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے کل
شام کو خواب میں دیکھا ہے کہ گویا میں سرسبز
ہری بھری زمین میں ہوں اور اس میں سے
میں اس جگہ آگیا جو بنجر ہے جس میں کسی قسم کی
پیداوار نہیں ہے اور یہ بھی دیکھا کہ آپ کے

عُنُقِكَ فَقَالَ لَهُ الْإِمَامُ أَبُوبَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ إِنْ صَدَقَتْ رُؤْيَاكَ خَرَجْتَ مِنْ دِيْنِ الْإِسْلَامِ إِلَى دِيْنِ الْكُفْرِ وَأَمَّا أَنَا فَقَدْ جُمِعَتْ لِيْ أُمُوْرِيْ وَغُلَّتْ يَدَايَ عَنْ حُطَامِ الدُّنْيَا قَالَ فَلَمَّا كَانَ فِيْ أَيَّامِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ خَرَجَ رَبِيْعَةُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ وَلَحِقَ بِأَرْضِ الرُّوْمِ فَتَنَصَّرَ عِنْدَ قَيْصَرَ وَمَاتَ نَصْرَانِيًّا وَاللهُ أَعْلَمُ

دونوں ہاتھ مل گئے اور آپ کی گردن میں طوق بن گئے ہیں۔ اس خواب کو سُن کر امام وقت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تو اپنا خواب سچ کہہ رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ تو دینِ اسلام کو چھوڑ کر کفر اختیار کرے گا اور میرے معاملات سب ٹھیک رہیں گے اور میرے دونوں ہاتھ دنیوی اُمور سے پاک رہیں گے راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ربیعہ مدینہ سے چلا گیا اور ملک روم میں قیصر کے پاس جا کر نصرانی بن گیا اور اسی مذہب پر مرا۔ واللہ اعلم

اَلْجِبَالُ وَالتِّلَالُ - رِجَالٌ أَقْدَارُهُمْ عَلَى قَدْرِ عِظَمِ تِلْكَ التِّلَالِ وَالْجِبَالِ وَكَذٰلِكَ الصُّخُوْرُ وَرُبَّمَا تَكُوْنُ الْجِبَالُ وَالتِّلَالُ مَنَازِلَ عَالِيَةً يَنَالُهَا الرَّائِيْ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ صَعِدَ عَلَيْهَا نَالَ رِفْعَةً غَيْرَ أَنَّ الصُّخُوْرَ رِجَالٌ فِيْهِمْ قَسَاوَةٌ وَجَفْوَةٌ وَفَظَاظَةٌ وَغِلْظَةٌ وَالْحِجَارَةُ الصِّغَارُ الَّتِيْ يُقْذَفُ بِهَا فِي الْعَادَةِ كَلَامٌ وَرَجْمٌ بِالْغَيْبِ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ قَائِمٌ عَلَى جَبَلٍ فَإِنَّهُ يَعْتَلِيْ عَلَى رَجُلٍ حَالُهُ كَحَالِهِ فَإِنْ مَلَكَهُ فَهُوَ رَجُلٌ

پہاڑ اور ٹیلے۔ پہاڑ اور ٹیلوں کی تعبیر آدمیوں سے کی جاتی ہے۔ اُن کی جسامت کے لحاظ سے اُن کی تعبیر ہوگی۔ اور اسی طرح چٹانیں۔ اور کبھی پہاڑوں اور ٹیلوں کی تعبیر بلند درجات سے بھی کی جاتی ہے جنکو خواب دیکھنے والا پائے گا۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ اُن پر چڑھا ہے تو وہ بلند مقام حاصل کریگا۔ البتہ چٹان سے مراد ایسے لوگ ہیں جن کے دلوں میں سختی اور ظلم اور سنگدلی اور اکھڑپن اور درشتی ہوگی اور چھوٹے کنکر جن کو عام طور پر پھینکا جاتا ہے انکی تعبیر غائبانہ کسی کے متعلق

يَسْتَمْكِنُ مِنْهُ وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ هَدَمَ گفتگو اور اس پر الزام قائم کرنے سے دیجاتی ہے
جَبَلًا فَاِنَّهٗ يُهْلِكُ رَجُلًا فَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ پہاڑ پر کھڑا ہے، تو
يَنْقُبُهٗ اَوْ يَحْفِرُ فِيْهِ فَاِنَّهٗ يَعْمَلُ مَكِيْدَةً اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ایسے شخص پر برتری حاصل
لِرَجُلٍ وَيَحْتَالُ عَلَيْهِ وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ کریگا جس کی حالت اسی خواب دیکھنے والے
يَصْعَدُ عَلٰى جَبَلٍ نَالَ عِزًّا وَرِفْعَةً وَ کے مثل ہے اور اگر اسکو قبضہ میں کر لیا تو اس کا
شَرَفًا مطلب یہ ہے کہ وہ اسکو قابو میں کرلیگا اور جس نے
دیکھا کہ اُسنے کسی پہاڑ کو گرا دیا تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ ایک شخص کو مار ڈالیگا۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ پہاڑ
میں نقب لگا رہا ہے یا اسکو کھود رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی شخص کو فریب دے رہا ہے اور اسکے ساتھ چال چل رہا ہے
اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ پہاڑ پر چڑھ رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ عزت و شرف اور بلند مقام حاصل کریگا۔
وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَصْعَدُ عَلٰى جَبَلٍ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ پہاڑ پر سیدھا سیدھا
مُسْتَوِيًا نَالَ مَشَقَّةً وَشِدَّةً فِيْ طَلَبِ چڑھ رہا ہے تو وہ اپنے دنیوی اُمور میں سے جو معاملہ
مَا يُرِيْدُهٗ مِنْ اُمُوْرِ دُنْيَاهُ وَالْاِرْتِقَاءُ چاہتا ہے اسمیں مشقت و شدت اُٹھائیگا۔ اور
كُلُّهٗ مَحْمُوْدٌ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ مُسْتَوِيًا فِيْ بلندی پر چڑھنا سب کا سب اچھا ہے الا یہ کہ اگر
عُرُوْجِهٖ اِلٰى فَوْقٍ فَاِنَّهٗ يَلْقٰى شِدَّةً وَ چڑھنے میں سیدھا سیدھا چڑھا تو اسمیں شدت و
تَعَبًا وَاَمَّا اِذَا رَاٰى اَنَّهٗ يَعْرُجُ فِيْ صُعُوْدٍ تکلیف اُٹھائیگا۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ پہاڑ پر آہستہ
كَمَا يَفْعَلُ فِي الْيَقْظَةِ فَاِنَّهٗ يَنَالُ شَرَفًا آہستہ ایسا چڑھ رہا ہے جیسے کہ ہوشیاری میں چڑھتا
وَرِفْعَةً وَهُوَ الصُّعُوْدُ الْمَحْمُوْدُ وَكُلُّ ہے تو وہ عزت و شرف پائیگا اور اس طرح کا
اِرْتِفَاعٍ فِي الْمَنَامِ هُوَ ارْتِفَاعُ الرَّجُلِ چڑھنا بہت اچھا ہے اور خواب میں ہر قسم کی
فِيْ دِيْنِهٖ وَدُنْيَاهُ وَجَاهِهٖ وَطُلُوْعُ بلندی کی تعبیر آدمی کی بلندی ہے دین دنیا اور
الْجَبَلِ وَالْكُهُوْفِ وَالشَّجَرِ مَلْجَأٌ وَمَاْوًى جاہ میں۔ اور پہاڑ اور غاروں اور درختوں پر
وَكَنَفٌ وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَنْقُلُ الْحِجَارَةَ چڑھنے کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو پناہ گاہ اور

اَلْکِبَارَ وَالصُّخُوْرَ وَالْجِبَالَ فَاِنَّهٗ یَرُوْمُ امن کی جگہ حاصل ہوگی اور محفوظ ہوگا۔ اگر کسی نے
اَمْرًا صَعْبًا وَّشِدَّةً فِیْ تَحَمُّلِ اَثْقَالِ یہ دیکھا کہ وہ بڑے بڑے پتھر اور چٹانوں اور پہاڑوں
رِجَالٍ عَلٰی مِثْلِ ذٰلِکَ کو اُٹھا رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ بڑے مشکل
امور پر حاوی ہوگا اور اس قسم کے لوگوں کا بوجھ اُٹھانے میں وہ شدت اُٹھائے گا۔

حَوَانِیْتُ الْاَسْوَاقِ - هِیَ اَمْوَالٌ فِیْ بازاروں کے چبوترے۔ یعنی وہ چبوترے جس
تِجَارَةٍ بِاَمْوَالٍ مُّخْتَلِفَةٍ وَالْحَوَانِیْتُ الَّتِیْ پر مال رکھ کر بیچتے ہیں اُن کی تعبیر مال اور مختلف
یُقْعَدُ عَلَیْهَا مِنْ غَیْرِ تِجَارَةٍ فَهُوَ کَلَامٌ مالوں کی تجارت سے کی جاتی ہے اور ایسے چبوترے
کَثِیْرٌ یَخُوْضُ فِیْهِ صَاحِبُ الرُّؤْیَا جس پر لوگ بغیر مال رکھنے کے صرف بیٹھے رہیں
اس کی تعبیر یہ ہے کہ خواب دیکھنے والا لمبی چوڑی باتوں میں مشغول رہے گا۔

اَلدَّارُ - یُصْرَفُ تَاْوِیْلُهَا اِلٰی وُجُوْهٍ فَاِنْ گھر۔ گھر کی تعبیر کئی طرح سے کی جاتی ہے، اگر
کَانَتْ مَجْهُوْلَةَ الْبِنَاءِ وَالْاَصْلِ وَالْاَهْلِ اس کی بنیاد اور اس کی اصل اور وہاں کے
وَالْمَوْضِعِ فَهِیَ دَارُ الْاٰخِرَةِ فَیَکُوْنُ حَالُهٗ رہنے والے اور اس کا مقام معلوم نہ ہو تو اس
فِی الْاٰخِرَةِ وَمَا قَدَّمَهٗ مِنَ الْاَعْمَالِ کی تعبیر آخرت کے گھر سے کی جائے گی۔ یعنی
عَلٰی قَدْرِ حَالِ تِلْکَ الدَّارِ فِی الضِّیْقِ آخرت میں اس کا حال اور اس کے اعمال کا
وَالسَّعَةِ وَالزَّخْرَفَةِ وَالشَّعَثِ وَغَیْرِ نتیجہ اسی طرح ہوگا جس طرح اس گھر کا حال
ذٰلِکَ وَاِنْ کَانَتِ الدَّارُ مَعْرُوْفَةً فَهِیَ تنگی و وسعت اور زیب و زینت یا پراگندگی میں
دُنْیَا وَتَکُوْنُ کَحَالِ تِلْکَ الدَّارِ فِی اور اگر گھر معلوم ہے تو پھر اس کی تعبیر دُنیا سے کی
الضِّیْقِ وَالسَّعَةِ وَالزَّخْرَفَةِ وَالشَّعَثِ وَ جائے گی اور اس کا حال مثل اس گھر کے تنگی
غَیْرِ ذٰلِکَ وَمَنْ رَّاٰی اَنَّهٗ فِیْ دَارٍ یَّعْرِفُهَا و وسعت اور زیب و زینت و پراگندگی وغیرہ
وَقَدْ مَلَکَهَا فَهِیَ دُنْیَا تَتَّسِعُ عَلَیْهِ بِقَدْرِ میں ہوگا۔ اور اگر کسی نے اپنے کو ایسے گھر میں
سَعَةِ الدَّارِ وَحُسْنِهَا وَمَنْ رَّاٰی اَنَّ دیکھا کہ اس کو پہچانتا ہے اور وہ اس گھر کا

دَارَهٗ زِيْدَ فِيْ بِنَائِهَا فَاِنَّ ذٰلِكَ زِيَادَةٌ فِيْ دُنْيَاهُ فَاِنْ رَاٰى اَنَّ دَارَهٗ سَقَطَتْ اَوْ خَرِبَتْ فَاِنَّ دُنْيَاهُ يُخَرَّبُ مِنْ اَعْمَالِ السُّوْءِ

مالک ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ دُنیا اُس پر گھر کی وسعت اور اس کی خوبصورتی کے مطابق وسیع ہوگی۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اس کے گھر کی بنیاد میں زیادتی کی گئی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اُس کی دنیوی حالت میں زیادتی ہوگی۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اس کا گھر گر گیا یا خراب ہوگیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اُس کی دنیا بُرے اعمال کی وجہ سے خراب ہوگی۔

فَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ بَاعَ دَارَهٗ فَاِنَّهٗ يَمُوْتُ وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَبْنِيْ دَارَهٗ اَوْ دَارَ غَيْرِهٖ فَاِنَّهٗ يَرْغَبُ فِي الدُّنْيَا وَيَنَالُ فِيْهَا بِقَدْرِ الدَّارِ فَاِنْ بَنَاهَا فِيْ مَوْضِعٍ مَجْهُوْلٍ فَاِنَّهٗ يُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيْهِ اَعْمَالَ الْبِرِّ وَيَكُوْنُ حَالُهٗ فِي الْاٰخِرَةِ صَالِحًا

اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے اپنا گھر بیچ دیا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ مرجائے گا اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ اپنا گھر یا دوسرے کا گھر بنا رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دُنیا کی رغبت میں رہے گا اور گھر کے مطابق وہ دُنیا حاصل کریگا۔ اگر اس کو کسی نامعلوم جگہ میں بنایا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ نیک کام کریگا اور آخرت میں اس کا حال اچھا رہے گا۔

وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ هَدَمَ دَارًا فَاِنْ كَانَتْ مَجْهُوْلَةً هَدَمَ مَا قَدَّمَهٗ مِنْ كَثْرَةِ الْاَهْوَالِ وَالْمَعَاصِيْ وَاَعْمَالِ السُّوْءِ وَاِنْ كَانَتِ الدَّارُ مَعْرُوْفَةً هَدَمَ دُنْيَاهُ بِاَفْعَالِ السَّفَهِ وَالتَّبْذِيْرِ وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ هَدَمَ شَيْئًا مِنْ دَارِهٖ اَوْ نَقَصَ كَانَ نَقْصًا فِيْ دُنْيَاهُ

اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے گھر کو گرا دیا تو اگر گھر نامعلوم ہے تو اُس کی تعبیر یہ ہے کہ گزشتہ اس کے جو خطرناک حالات اور گناہ اور بُرے اعمال تھے وہ سب منہدم ہوگئے۔ اور اگر گھر معلوم ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ بُرے کاموں اور فضول خرچی سے اسکی دنیا خراب ہوگی۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُسنے اپنے گھر کا کچھ حصہ گرا دیا یا گھر کا کچھ حصہ کم ہوگیا تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ اسکی دنیا کم ہوجائے گی۔

وَالْقُصُوْرُ رُؤْيَتُهُ فِي الْمَدِيْنَةِ هُوَ عَظِيْمُهَا محل ۔ اگر کسی نے شہر میں کسی محل کو دیکھا جو
وَجَلِيْلُهَا وَالْغُرَفُ وَالْجَوَاشِقُ اِذَا بہت بڑا اور وسیع ہے کہ اس کی کھڑکیاں ہیں،
صَعِدَهَا كَانَتْ اِرْتِفَاعًا وَّسَعَادَةً يَّنَالُهَا اور روشندانیں ہیں۔ اگر وہ اس پر چڑھ گیا تو
فِيْ دُنْيَاهُ وَالْحَائِطُ حَالُ الرَّجُلِ وَرُبَّمَا اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دنیا میں بلندی اور
كَانَتْ دُنْيَاهُ اِنْ كَانَ قَائِمًا عَلَيْهَا فَاِنْ سعادت پائے گا۔ اور دیوار کی تعبیر آدمی کیحالت
سَقَطَ عَنْهَا زَالَ عَنْ حَالِهٖ اَوْ هَلَكَ سے دیجاتی ہے اور کبھی اسکی دنیا سے بشرطیکہ وہ
اس پر کھڑا ہو۔ اور اگر دیوار گر جائے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکی حالت گر جائیگی یا وہ ہلاک ہو جائیگا۔
وَالْبَيْتُ الْمَجْهُوْلُ الْمُجَصَّصُ فِي التَّاْوِيْلِ گچ کا مکان ۔ اور گچ کا مکان، اگر وہ نامعلوم ہو
هُوَ الْقَبْرُ فَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ حُبِسَ فِيْ تو اسکی تعبیر قبر سے کیجاتی ہے۔ اگر کسی نے دیکھا
بَيْتٍ مُّجَصَّصٍ مَّجْهُوْلٍ جَدِيْدٍ فَاِنَّ کہ وہ گچ کے نئے مکان میں بند ہے اور وہ مکان
ذٰلِكَ قَبْرُهٗ نامعلوم ہے تو یہ اس کی قبر ہے۔
وَاِنْ كَانَ غَيْرَ مُجَصَّصٍ وَّهُوَ مَجْهُوْلٌ فَاِنَّهٗ کچا مکان ۔ اگر مکان گچ کا نہیں ہے بلکہ کچا ہو
اِمْرَاَةٌ وَّمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ دَخَلَ بَيْتًا وَّعَلَا اور نامعلوم مکان ہے تو اس کی تعبیر عورت سے
فَوْقَهٗ وَكَانَ ذٰلِكَ الْبَيْتُ مَجْهُوْلًا فَاِنَّ کی جائیگی ۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ کسی مکانمیں
ذٰلِكَ الرَّجُلَ يَتَزَوَّجُ اِمْرَاَةً يَّنَالُ مِنْهَا داخل ہوا اور اسکی بلندی پر گیا اور مکان نامعلوم
خَيْرًا وَّفَائِدَةً وَالْبَيْتُ الْمَعْرُوْفُ اِذَا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ایک ایسی عورت
كَانَ يَمْلِكُهٗ يُؤَوَّلُ الرَّائِيْ بِزَوْجَتِهٖ وَ سے شادی کریگا جس سے بھلائی اور فائدہ پائیگا
رُبَّمَا كَانَتْ دُنْيَاهُ وَمِثْلَ تَاْوِيْلِ دَارِهٖ اور اگر مکان معلوم ہے اور یہ دیکھا کہ وہ اس کا
وَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَكْنُسُ بَيْتَهٗ فَاِنَّهٗ يَفْتَقِرُ. مالک بنا ہوا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ خواب
وَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَكْنُسُ بَيْتَ غَيْرِهٖ اَصَابَ دیکھنے والے کو بیوی ملے گی اور کبھی مکان کے دیکھنے
مَالًا مِّنْ صَاحِبِ الْبَيْتِ الَّذِيْ هُوَ لَهٗ کی تعبیر اس کی دنیا سے کی جاتی ہے۔ اور اگر

وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ يَحْفِرُ قَبْرًا فَإِنَّهُ يَبْنِيْ دَارًا کسی نے یہ دیکھا کہ وہ اپنے گھر کو جھاڑو دے رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ محتاج ہو جائیگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ غیر کے گھر میں جھاڑو دے رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ اس گھر کے مالک سے بہت سا مال پائیگا اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ قبر کھود رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ گھر بنائے گا۔

اَلْمَدِيْنَةُ - مَنْ رَأَى كَأَنَّهَا انْهَدَمَتْ أَوْ انْهَدَمَ بَعْضُهَا فَإِنَّ دِيْنَ أَهْلِ تِلْكَ الْمَدِيْنَةِ قَدْ ذَهَبَ وَرُبَّمَا تَذْهَبُ دُنْيَاهُمْ بِنَكْبَةٍ شہر۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ شہر گر رہا ہے یا شہر کا کچھ حصہ گر گیا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ اس شہر کے رہنے والوں کا دین برباد ہو جائیگا اور بہت ممکن ہے کہ بدبختی سے ان کی دنیا بھی چلی جائے۔

اَلدَّرَجُ - كَالسَّلَالِمِ مَنْ رَأَى أَنَّهُ يَرْقَى عَلَى الدَّرَجِ فَإِنَّهُ دِيْنُ الْإِسْلَامِ أَيِ الَّذِيْ يَتَوَصَّلُ بِهِ إِلَى الْآخِرَةِ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ يَرْتَقِيْ عَلَى دَرَجٍ مِنَ اللَّبِنِ فَإِنَّهُ يَرْتَقِيْ فِيْ دُنْيَاهُ بِالصَّدَقَةِ وَالْإِنْفَاقِ الْمَالِ وَإِنْ كَانَ الدَّرَجُ جَصًّا أَوْ آجُرًّا أَوْ خَشَبًا كَانَ تَرَقِّي الدَّرَجِ رُقِيًّا وَعُلُوًّا فِي الدُّنْيَا عَلَى سَبِيْلِ التَّدْرِيْجِ إِذَا كَانَ فِي الرُّؤْيَا مَا يَدُلُّ عَلَى ذٰلِكَ زینے۔ مثل سیڑھیوں کے ہوتے ہیں۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ زینے پر چڑھ رہا ہے تو اسکی تعبیر دینِ اسلام سے دی جائیگی یعنی جس سے وہ آخرت کی کامیابی تک پہنچے۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ کچی اینٹوں کے زینے پر چڑھ رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ دنیا میں صدقہ سے اور مال خرچ کرنے سے ترقی کریگا اور اگر زینہ گچ کا یا لکڑی کا یا پکی اینٹ کا ہو تو دنیا میں اسکی بلندی آہستہ آہستہ ہوگی بشرطیکہ خواب میں ایسی بات ہو جو اسکی دلیل ہو

بَابُ الدَّارِ - هُوَ قَيِّمُ الدَّارِ الْمَنْظُوْرُ إِلَيْهِ فَكُلُّ مَا حَدَثَ بِالْبَابِ مِنْ كَسْرٍ أَوْ قَلْعٍ أَوْ حَرْقٍ أَوْ مَكْرُوْهٍ أَوْ مَحْبُوْبٍ فَهُوَ قَيِّمُ الدَّارِ وَبَابُ الْبَيْتِ هُوَ امْرَأَتُهُ گھر کا دروازہ۔ گھر کے دروازے کی تعبیر گھر کے سرپرست سے کی جاتی ہے جس پر سب کی نظریں لگی ہوئی ہوں تو جو بات دروازے میں واقع ہو، جیسے ٹوٹ جائے یا اکھڑ جائے یا جل

وَكَذٰلِكَ الْأُسْكُفَّةُ الْعُلْيَا رَجُلٌ وَالسُّفْلٰى امْرَأَتُهُ وَمَنْ رَأٰى كَأَنَّ دَارَهُ احْتَرَقَتْ أَصَابَهُ نَكْبَةٌ مِّنْ سُلْطَانٍ أَوْ مِنْ طَاعُوْنٍ فَإِنْ رَأٰى أَنَّ الْبَابَ قُلِعَ أَوْ وَقَعَ مَاتَ صَاحِبُ الدَّارِ وَإِنْ قُلِعَ بَابُ الْبَيْتِ أَوْ أُسْكُفَّتُهُ مَاتَتْ رَبَّةُ الْبَيْتِ وَمَنْ رَأٰى أَنَّ بَابَ دَارِهٖ قُلِعَ وَرُكِّبَ غَيْرُهُ فَإِنَّهُ يَبِيْعُ تِلْكَ الدَّارَ وَيَدُلُّ عَلٰى أَنَّ امْرَأَتَهُ تَتَزَوَّجُ غَيْرَهُ وَمَنْ رَأٰى أَنَّ بَابَ دَارِهٖ وَقَعَ فَإِنَّهُ يَمْرَضُ ثُمَّ يَبْرَأُ۔

جائے یا اور کوئی اچھی یا بُری بات اسمیں ہوجائے وہ گھر کے سرپرست میں واقع ہوگی اور مکان کے دروازے کی تعبیر عورت سے کیجاتی ہے اور اسی طرح دروازے کے اوپر کی چوکھٹ سے مراد مرد اور نیچے کی چوکھٹ سے مراد اس کی عورت ہے اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اسکا گھر جل گیا تو اُسکو یا تو سلطان سے کوئی ذلت نصیب ہوگی یا طاعون سے آفت پہنچے گی۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ دروازہ اکھڑ گیا یا گر گیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ گھر والا مرجائیگا۔ اور اگر یہ دیکھا کہ مکان کا دروازہ یا اسکی چوکھٹ اُکھڑ گئی تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ گھر کی مالکہ مرجائیگی اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اسکے گھر کا دروازہ اُکھڑ گیا اور اسپر کوئی اور آدمی چڑھ کر بیٹھ گیا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ گھر بیچ دیگا اور اسکی بیوی دوسرے سے شادی کریگی اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اسکے گھر کا دروازہ گر گیا تو تعبیر یہ ہے کہ وہ پہلے بیمار ہوگا پھر اچھا ہوجائیگا

عَوَارِضُ الْبَابِ۔ هُمْ أَوْلَادُ الرَّجُلِ فَإِنْ رَأٰى عَارِضَتَيْهِ وَقَعَتَا فَإِنْ كَانَ لَهُ بِنْتَانِ مَاتَتَا وَإِنْ كَانَ لَهُ بَنَاتٌ يَتَزَوَّجْنَ وَيَخْرُجْنَ مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ رَأٰى أَنَّهُ سَدَّ بَابًا مَفْتُوْحًا لِبَيْتٍ طَلَّقَ زَوْجَتَهُ فَإِنْ فَتَحَ بَابًا مَقْفُوْلًا فَإِنْ كَانَ الْبَيْتُ مَعْرُوْفًا فَإِنَّهُ يَتَزَوَّجُ وَإِنْ كَانَ الْبَيْتُ مَجْهُوْلًا اُسْتُجِيْبَتْ دَعْوَتُهُ۔

دروازے کے متعلقات۔ دروازے کی کھڑکی لکڑیوں سے مراد آدمی کی اولاد ہے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ دروازے کی لکڑی گر گئی ہے تو اگر اس کی دو لڑکیاں ہوں گی تو مرجائیں گی اور اگر دو سے زیادہ ہوں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اُن کی شادیاں ہوجائیں گی اور وہ گھر سے نکل جائیں گی۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے گھر کا دروازہ بند کر دیا تو اُس کی تعبیر یہ ہے

کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دیدیگا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ کوئی دروازہ مقفل تھا اور اُسنے
اسکو کھولدیا تو اگر مکان معلوم ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ شادی کریگا اور اگر نامعلوم ہے تو
اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی دُعا قبول ہوگی۔ میخ یا کیل۔ اس کی تعبیر ایسے آدمی سے کی
اَلْسِمْسَارُ۔ رَجُلٌ يَتَوَصَّلُ بِهِ النَّاسُ جاتی ہے جس کے ذریعہ لوگ اپنے معاملات
اِلٰی اُمُوْرِهِمْ وَالْجِسْرُ وَالْقَنْطَرَةُ كَذٰلِكَ کو درست کرلیتے ہیں۔ اور کچے اور پکے پُل
کی بھی یہی تعبیر ہے۔

اَلزَّلْزَلَةُ۔ هِيَ حَدَثٌ فِي الْعَالَمِ فَمَنْ زلزلہ۔ زلزلہ کی تعبیر یہ ہے کہ دنیا میں کوئی خاص
رَاَى الْجِبَالَ تَزَلْزَلَتْ سَاءَتِ الْعُلَمَاءَ واقعہ نمودار ہوگا۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ پہاڑوں
وَمَنْ رَاٰى نَفْسَهٗ قَدْ تَزَلْزَلَتْ فَلَا خَيْرَ میں زلزلہ ہوگیا تو اُس کی تعبیر علماء کے حق میں
فِيْهِ فَاِنْ تَزَلْزَلَتْ دَارُهٗ نَزَلَ فِيْهَا بُری ہوگی۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ خود اسکی
الزِّنَا وَاِنْ رَاٰى دَارَهٗ انْهَدَمَ مِنْهَا شَيْءٌ ذات میں زلزلہ پڑگیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ
كَانَ ذٰلِكَ الْهَدْمُ دَلِيْلَ الْمَوْتِ لِمَنْ اس میں کسی قسم کی بھلائی نہیں ہے۔ اور اگر
يُنْسَبُ ذٰلِكَ التَّاوِيْلُ اِلَيْهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ کسی نے یہ دیکھا کہ اس کے گھر میں زلزلہ پڑا
ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس گھر میں زناکاری ہوگی۔ اور اگر یہ دیکھا کہ اسکے گھر کا کچھ
حصہ گر گیا تو یہ گرنا موت کی دلیل ہے جس کی طرف اس حصہ کی تعبیر منسوب ہوسکے۔ واللہ اعلم

اَلْبَابُ السَّابِعُ — ساتواں باب

فِي تَاوِيْلِ رُؤْيَةِ الْاَشْجَارِ وَالثِّمَارِ وَالْحُبُوْبِ درختوں، پھلوں، غلہ و زراعت، سبزی ترکاری
وَالزُّرُوْعِ وَالْخَضْرَةِ وَالْبُقُوْلِ وَالْبَسَاتِيْنِ اور باغوں کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر کا بیان

اَمَّا الْاَشْجَارُ فَكُلُّهَا رِجَالٌ اَحْوَالُهُمْ کُل درختوں کی تعبیر مردوں سے کی جاتی ہے۔ اور
كَاَحْوَالِ جَوْهَرِ الشَّجَرِ فِي الطَّبْعِ وَالنَّفْعِ اُن کے حالات کی تعبیر اسی طرح کی جائے گی
وَطِيْبِ الرَّائِحَةِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ فَمَنْ رَاٰى جس طرح اس درخت کی طبیعت اور اسکا نفع

أَنَّهُ أَصَابَ مِنْهَا شَيْئًا مِنْ ثَمَرٍ أَوْ وَرَقٍ اور خوشبو وغیرہ ہوتی ہے مثلاً اگر کسی نے یہ
أَصَابَ مَالًا كَثِيرًا وَرِزْقًا مِنْ رَجُلٍ دیکھا کہ کوئی پھل پایا یا پتا پایا تو اس کی تعبیر
عَلَىٰ قَدْرِ تِلْكَ الشَّجَرَةِ یہ ہے کہ وہ بہت سامال اور رزق کسی ایسے
شخص سے پائے گا جو اس درخت کے درجے کے برابر ہو گا۔

اَلْخَشَبُ - الصُّلْبُ وَغَيْرُهُ نِفَاقٌ فِي لکڑی۔ اگر سخت دیکھی تو اسکی تعبیر دین میں نفاق
الدِّيْنِ وَرِجَالٌ مُنَافِقُوْنَ وَالْحَطَبُ اور منافق آدمیوں سے دیجاتی ہے۔ اور جلنے
رَطْبُهُ وَيَابِسُهُ مِثْلُ الْخَشَبِ إِذَا كَانَ والی لکڑی خشک ہو یا تر بڑی ہو کہ چھوٹی اسکی
كَبِيْرًا أَوْ صَغِيْرًا وَإِنْ كَانَ عِيْدَانًا صِغَارًا تعبیر مثل سخت لکڑی کے ہوگی اور اگر بالکل چھوٹی تیلیاں
فَهُوَ نَمِيْمَةٌ وَاصِلَةٌ بَيْنَ النَّاسِ دیکھے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ لوگوں میں چغلی چلنے والی ہے۔

وَالْعَصَا - رَجُلٌ شَرِيْفٌ مُتَّبَعٌ مُعْتَمَدٌ عصا۔ کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ایک شریف آدمی
ہے جس کی پیروی کی جاتی ہے اور وہ قابل اعتماد شخص ہے۔

شَجَرَةُ الشَّوْكِ - رِجَالٌ فِيْهِمُ الشَّرُّ کانٹے دار درخت۔ اس کی تعبیر ایسے آدمی ہیں
وَالصُّعُوْبَةُ لِلرَّائِي وَالشَّوْكُ فِي نَفْسِهِ أَمْرٌ جن سے خواب دیکھنے والے کو برائی اور مشکل پیش
مُؤْلِمٌ يَشْتَبِكُ فِي الْإِنْسَانِ وَيُؤْلِمُهُ مِنْ آئیگی اور کانٹا تو خود بنفسہ دکھ دینے والا ہے کہ
قَوْلٍ وَفِعْلٍ وَرُبَمَا كَانَتْ رُؤْيَا الشَّوْكِ اگر انسان میں لگ جائے تو اس کے قول اور فعل
دُنْيَا مِنْ نَكْبَةٍ إِنْسَانٍ تُؤْلِمُهُ أَوْ أَمْرٌ سے خواب دیکھنے والے کو تکلیف ہوگی۔ اور کبھی کانٹا
مَخُوْفٌ يَقَعُ فِيْهِ خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ اس انسان کو کوئی مصیبت
پہنچیگی جو اسکی تکلیف کا باعث بنے گی یا کوئی ایسا خوفناک معاملہ ہوگا جسمیں وہ پڑ جائے گا۔

حَدِيْقَةُ الْكَرْمِ وَشَجَرَةُ الرُّمَّانِ - اِمْرَأَةٌ انگور اور انار کے درخت کا باغ۔ اس کی تعبیر
أَيْضًا فَمَنْ رَأَى أَنَّهُ غَرَسَ شَجَرَةً عورت سے کی جاتی ہے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ
فَظَلَّلَتْ وَطَالَتْ أَصَابَ شَرَفًا لِنَفْسِهِ اُس نے اُن کو بویا اور وہ سایہ دار بن گیا اور

وَذٰلِكَ بِقَدْرِ جَوْهَرِيَّةِ تِلْكَ الشَّجَرَةِ وَرُبَمَا كَانَ ذٰلِكَ صَبِيًّا حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ وَالشَّجَرَةُ الْوَاحِدَةُ اَلْفُ دِرْهَمٍ

دراز ہوگیا تو اسکو عزت ملیگی اور یہ عزت اس درخت کی قدر و قیمت کے برابر ہوگی اور کبھی اسکی تعبیر بچے سے کی جاتی ہے کہ وہ جوان ہوجائے۔ اور اگر صرف ایک درخت دیکھا تو اسکی تعبیر ایک ہزار درم ہے۔

اَلرُّمَّانُ فِیْ وَقْتِهٖ ۔ مَالٌ مَّجْمُوْعٌ اِذَا كَانَ حُلْوًا وَرُبَمَا كَانَ عَقْدًا كَامِلًا مِّنَ الْمَالِ لِمَنْ اَكَلَهٗ اَوْ شَيْئًا مِّنْهُ وَهُوَ يَدُلُّ عَلَى الْجَمْعِ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ

موسم کا انار۔ اگر میٹھا انار خواب میں دیکھے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ جمع شدہ مال ہے اور اگر خواب میں یہ دیکھا کہ اس نے اسکو پورا کھایا یا اسمیں سے کچھ کھایا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ مال کا ایک کامل انبار اسکو ملیگا اور وہ ہر چیز کی ایک زیادہ مقدار ملنے کی دلیل ہے۔

اَلْحَامِضُ ۔ مِنَ الرُّمَّانِ رُؤْيَاهُ هَمٌّ وَغَمٌّ لِمَنْ اَكَلَهٗ وَكَذٰلِكَ كُلُّ ثَمَرَةٍ حَامِضَةٍ

کھٹا انار۔ خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ اگر اُسنے خواب میں کھالیا تو اسکو رنج و غم پیش آئیگا اور اسی طرح ہر کھٹے پھل کی تعبیر ہے۔

اَلتُّفَّاحُ ۔ رُؤْيَاهُ صَنْعَةُ الرَّجُلِ وَمَكْسَبُهٗ وَهِمَّتُهٗ فَاِنْ اَكَلَهٗ سُلْطَانٌ فَهُوَ مُلْكُهٗ وَاِنْ كَانَ تَاجِرًا فَهِیَ تِجَارَتُهٗ وَاِنْ كَانَ صَانِعًا فَهِیَ صِنَاعَتُهٗ فَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ اَصَابَ شَيْئًا مِّنَ التُّفَّاحِ اَوْ اَكَلَهٗ اَوْ مَلَكَهٗ فَاِنَّهٗ يَنَالُ دُنْيَا مِنْ تِلْكَ الْهِمَّةِ بِقَدْرِ نَضَارَتِهٖ وَلَذَّتِهٖ وَكَثْرَتِهٖ وَقِلَّتِهٖ

سیب۔ خواب میں دیکھنے کی تعبیر آدمی کی صنعت اور اس کی آمدنی اور اسکی ہمت سے کی جاتی ہے۔ کہ اگر اس کو بادشاہ نے کھایا تو اس کا ملک ہے اور اگر تاجر نے کھایا تو اُس کی تجارت ہے اور اگر کسی کاریگر نے کھایا تو یہ اُس کی صنعت ہے مثلاً اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اس نے سیب کو پالیا یا اسکو کھالیا یا اسکا مالک بن گیا تو وہ اس ہمت سے دُنیا پائیگا اُس کی تروتازگی اور لذت قلت وکثرت کے لحاظ سے۔

اَلْاُتْرُجُّ ۔ مَالٌ طَيِّبٌ اِذَا كَانَ كَثِيْرًا ترنج ۔ اگر کسی نے خواب میں زیادہ دیکھا تو
وَاِنْ كَانَ وَاحِدًا اَوِاثْنَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا وہ اچھا مال ہے اور اگر ایک یا دو یا تین ترنج دیکھا
فَهُمْ اَوْلَادٌ صَالِحُوْنَ وَصُفْرَةُ الْاُتْرُجِّ تو اسکی تعبیر نیک اولاد ہے ۔ اور ترنج کی زردی
لَا تَضُرُّ دیکھنے سے کوئی نقصان نہیں ۔

اَلْفَاكِهَةُ الصَّفْرَاءُ ۔ مِثْلُ السَّفَرْجَلِ زرد میوہ ۔ جیسے بہی اور سیب اور زعفران اور امرود
وَالْمِشْمِشِ وَالْكُمَّثْرٰى وَالتُّفَّاحِ وَ اور زرد آلو وغیرہ کو اگر کسی نے خواب میں دیکھا تو
الزَّعْفَرَانِ وَشِبْهِ ذٰلِكَ فَاِنَّهٗ مَرَضٌ اس کی تعبیر یہ ہے کہ دیکھنے والا مریض ہوجائیگا
اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ اَخْضَرَ فَتَدُلُّ اور اگر ان کو سبز دیکھا تو اسکا دیکھنا ایسے رزق کی
رُؤْيَتُهٗ عَلٰى رِزْقٍ غَيْرِ رَائِجٍ دلیل ہے جو نفع نہ دے ۔

اَلْبِطِّيْخُ ۔ اَلْاَخْضَرُ رِزْقٌ وَالْبِطِّيْخُ تربوز ۔ اگر کسی نے خواب میں سبز تربوز دیکھا تو
الْاَصْفَرُ مَرَضٌ لِمَنْ يَّاْكُلُ مِنْهُ شَيْئًا اسکی تعبیر یہ ہے کہ رزق ملیگا ۔ اور زرد کو اگر
خواب میں کھاتے دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ بیمار ہو جائیگا ۔

اَلْمَوْزُ ۔ مَالٌ لِصَاحِبِ الرُّؤْيَا اِذَا رَاٰهُ کیلا ۔ جس نے اسکو خواب میں دیکھا اسکی تعبیر یہ
وَدِيْنٌ لِصَاحِبِ الدِّيْنِ وَصُفْرَتُهٗ لَا ہے کہ اس کو مال ملیگا اور دیکھنے والا دیندار ہو
تَضُرُّ وَلَا حُمُوْضَتُهٗ وَلَا رُؤْيَتُهٗ فِىْ تو اس کے دین میں زیادتی ہوگی اور اسکی زردی
غَيْرِ وَقْتِهٖ وَكُلُّهٗ خَيْرٌ مَجْمُوْعٌ یا ترشی نقصان نہ دیگی اور نہ غیر موسم میں دیکھنا
نقصان کرے گا اور ہر قسم کا کیلا دیکھنا خیر ہی خیر ہے ۔

اَلْعِنَبُ ۔ اَلْاَبْيَضُ وَالْاَحْمَرُ عَضُدَانِ انگور ۔ اگر سفید اور سرخ کسی نے خواب میں دیکھا
لِلدُّنْيَا وَخَيْرُ رُؤْيَتِهِمَا اِذَا كَانَ فِىْ تو یہ دنیا کے دو بازو ہیں ۔ اگر موسم میں دیکھا تو
وَقْتِهٖ وَاِنْ كَانَ فِىْ غَيْرِ وَقْتِهٖ فَهُوَ مَرَضٌ بہتر ہے اور اگر غیر موسم میں دیکھا تو وہ بیماری
وَرُبَّمَا كَانَ عَدَدُ الْحَبَّاتِ الَّتِىْ اَكَلَهَا ہے اور جس نے خواب میں اسکو کھایا تو جتنے دانے

سِيَاطًا تَقَعُ عَلٰى جَسَدِهٖ بِعَدَدِهَا وَرُبَّمَا ظَهَرَ فِيْ جَسَدِهٖ بُثُوْرٌ وَلَيْسَ يَنْفَعُ سَوَادُ لَوْنِهٖ لِاَنَّ نُوْحًا عَلَيْهِ السَّلَامُ دَعَا عَلٰى وَلَدِهٖ فِيْ حَالِ الْغَضَبِ فَاسْوَدَّ الْعِنَبُ الَّذِيْ كَانَ بِيَدِهٖ فَلَا خَيْرَ فِيْ رُؤْيَةِ الْعِنَبِ الْاَسْوَدِ

کھائے اُتنے ہی کوڑے اُس کے جسم پر پڑینگے اور یا اسکے جسم میں اتنے دانے نکلیں گے اور اگر انگور کا رنگ کالا ہو تو کوئی نفع نہ ہوگا اس لئے کہ نوح علیہ السلام نے اپنے لڑکے کو غصہ کی حالت میں بد دُعا دی تھی تو وہ انگور جو اُن کے ہاتھ میں تھا وہ سیاہ ہوگیا تھا تو اس میں کوئی بھلائی نہیں

وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَعْصِرُ الْعِنَبَ فَاِنَّهٗ يَخْدُمُ السُّلْطَانَ وَكَذٰلِكَ عَصْرُ الزَّيْتُوْنِ وَالزَّيْتُ الطَّيِّبُ وَنَحْوُهٗ بَرَكَةٌ وَّخَيْرٌ وَّخِصْبٌ وَّمَالٌ لِّمَنْ نَالَ مِنْهُ شَيْئًا وَالزَّبِيْبُ الْاَحْمَرُ وَالْاَسْوَدُ مَالٌ وَّخَيْرٌ وَّرِزْقٌ وَّمَنْفَعَةٌ لِّمَنْ اَصَابَهٗ

اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ انگور نچوڑ رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ بادشاہ کی خدمت کریگا اور اسی طرح جس نے یہ دیکھا کہ زیتون نچوڑ رہا ہے اسکی بھی تعبیر یہی ہوگی کہ بادشاہ کی خدمت کریگا۔ اور اچھا تیل وغیرہ دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ اگر کسی نے اسکو پالیا تو وہ برکت و بھلائی اور مال و سرسبزی پائیگا۔ اور منقّٰی لال ہو کہ کالا اسکی تعبیر مال و بھلائی و رزق و منفعت ہے جو اسکو پائے۔

اَلتِّيْنُ۔ هَمٌّ وَّنَدَامَةٌ لِّاَجْلِ جُلُوْسِ اَبِيْنَا اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ تَحْتَهٗ حِيْنَ خَرَجَ مِنَ الْجَنَّةِ

انجیر۔ اس کی تعبیر غم اور ندامت ہے اس لئے کہ ہمارے والد آدم علیہ السلام جب جنت سے نکلے تو اسی کے نیچے بیٹھے تھے۔

اَلْجَوْزُ۔ كُلُّهٗ كَلَامٌ وَّخُصُوْمَةٌ وَّرِزْقٌ لَّا يُنَالُ اِلَّا بِكَدٍّ وَّتَعَبٍ

اخروٹ۔ اگر پورا اخروٹ ہے تو اسکی تعبیر گفتگو اور جھگڑا اور رزق ہے لیکن بغیر رنج و تعب کے حاصل ہوگا۔

اَللَّوْزُ۔ الْاَخْضَرُ وَالْيَابِسُ رِزْقٌ مَّحْجُوْبٌ وَّكَذٰلِكَ الْفُسْتُقُ

بادام۔ تازہ ہو کہ سوکھا اسکی تعبیر چھپے ہوئے مال سے ہے اور اسی طرح پستہ کی تعبیر ہے۔

اَلْبُنْدُقُ - مَالٌ صَالِحٌ وَكُلُّ شَجَرَةٍ لَا ثَمَرَ لَهَا كَالسَّرْوِ وَالدُّلْفِ وَالْآسِ وَمَا اَشْبَهَ ذٰلِكَ رَجُلٌ قَلِيْلُ النَّفْعِ وَكُلُّ شَجَرَةٍ طَيِّبَةِ الرَّائِحَةِ فَاِنَّهَا رَجُلٌ شَرِيْفٌ طَيِّبُ الثَّنَاءِ وَكُلُّ شَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ الرَّائِحَةِ فَهِيَ رَجُلٌ خَبِيْثُ الطَّبْعِ

بندق[1] - اس کی تعبیر اچھے مال سے کی جاتی ہے اور ہر درخت جس کو پھل نہیں ہوتا جیسے سرو اور ذلف[2] اور آس اور اسی طرح کے اور درخت، اس کی تعبیر ایسا آدمی ہے جسکا نفع بہت کم ہے اور ہر وہ درخت جو خوشبودار ہے اسکی تعبیر ایسے شریف مرد سے کیجاتی ہے جو قابلِ تعریف ہو اور ہر بدبودار درخت کو دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ وہ خبیث النفس آدمی ہے۔

اَلْحُبُوْبُ - اَمَّا الْحِنْطَةُ الرَّطْبَةُ فَهِيَ خَيْرٌ مِّنَ الْيَابِسَةِ فَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ اَكَلَ حِنْطَةً رَطْبَةً نَالَ صَلَاحًا فِيْ دِيْنِهٖ وَرِزْقًا طَيِّبًا فَاِنْ اَكَلَ حِنْطَةً يَابِسَةً اَوْ مَطْبُوْخَةً فَلَا خَيْرَ فِيْهَا لِاَجْلِ قِصَّةِ اَبِيْنَا اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

غلہ کے دانے - تازہ گیہوں خشک گیہوں سے افضل ہیں۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ تازہ گیہوں کھا رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دین کی صلاحیت پائیگا اور پاک رزق اسکو ملے گا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ خشک گیہوں یا پکے ہوئے گیہوں کھا رہا ہے تو اسمیں کوئی بھلائی نہیں ہمارے باپ آدم علیہ السلام کے قصہ کی وجہ سے۔

وَاَمَّا الشَّعِيْرُ - فَهُوَ خَيْرٌ مِّنَ الْحِنْطَةِ رَطْبًا كَانَ اَوْ يَابِسًا اَوْ مَطْبُوْخًا اَوْ مَقْلِيًّا كُلُّ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّرِزْقٌ طَاهِرٌ لِمَنْ اَكَلَهٗ اَوْ اَصَابَ مِنْهُ شَيْئًا

جو - اس کا دیکھنا گیہوں سے افضل ہے خواہ تازہ ہو کہ خشک پکا ہوا ہو کہ بھونا ہوا سب اچھا ہے اور پاک رزق ہے خواہ اس کو کھائے یا اس کو ملے۔

وَالدَّقِيْقُ - كُلُّهٗ مَالٌ مَجْمُوْعٌ مَفْرُوْغٌ

آٹا - یہ سب کا سب جمع شدہ مال ہے جو بیجد و

---

[1] ایک درخت کا پھل ہے۔ بندق عربی کشمیری بادام کو کہتے ہیں اور بندق ہندی ریٹھے کو کہتے ہیں۔ ۱۲

[2] ولف کے معنی عام طور پر لغات میں جانور کے درج ہیں معلوم نہیں مصنف کی مراد کیا ہے۔ ۱۲

مِنْهُ سَوَاءٌ كَانَ دَقِيْقَ شَعِيْرٍ اَوْ حِنْطَةٍ وَاَمَّا دَقِيْقُ الْحُبُوْبِ كُلُّهَا خَيْرٌ مِّنَ الْخُبْزِ لِاَنَّ الْخُبْزَ مَسَّتْهُ النَّارُ وَالْخُبْزُ

انتہا ہو۔ خواہ وہ جو کا آٹا ہو کہ گیہوں کا اور غلوں کا آٹا دیکھنا روٹی سے بہتر ہے اس لئے کہ روٹی کو تو آگ چھوتی ہے اور صاف روٹی مال ہے۔

النَّقِيُّ مَالٌ مُّفْرَغٌ مِّنْهُ وَهُوَ صَفَاءُ الْعَيْشِ لِمَنْ اَكَلَ مِنْهُ

جو ضرورت سے زیادہ ہو۔ اور جس نے اُس کو کھایا اُس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا عیش اچھا رہے گا۔

اَلْعَجِيْنُ۔ يَدُلُّ عَلٰى كَثْرَةِ النَّسْلِ وَالثَّمَرَةِ اِنْ كَانَتْ لَهٗ ثَمَرَةٌ وَّمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَعْجِنُ عَجِيْنًا فَاِنَّهٗ يَكْثُرُ نَسْلُهٗ وَثَمَرَتُهٗ وَزَرْعُهٗ وَهُوَ رِزْقٌ يَّنَالُهٗ بَعْدَ كَدٍّ وَّتَعَبٍ

گوندھا ہوا آٹا۔ اس کی دلیل ہے کہ اسکی نسل زیادہ ہوگی اور اگر اس کے پاس پھلدار درخت ہوں گے تو پھل زیادہ ہونگے۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ آٹا گوندہ رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکی نسل اور اسکے باغ کا پھل اور اسکی زراعت سب میں زیادتی ہوگی اور رزق بھی اسکی تعبیر ہے لیکن رنج ومحنت سے حاصل کریگا۔

وَالْاُرْزُ۔ مَالٌ فِيْهِ غَمٌّ وَّتَعَبٌ فِى اكْتِسَابِهٖ

چاول۔ اس کی تعبیر مال سے ہے جس کے حاصل کرنے کے لئے غم اور رنج اُٹھائیگا۔

اَلسِّمْسِمُ۔ مَالٌ نَامٍ لَا يَزَالُ فِىْ زِيَادَةٍ

تل۔ کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ترقی کرنے والا مال ہے جسمیں ہر وقت زیادتی ہوتی رہے گی۔

اَلذُّرَةُ وَالْجَاوَرْسُ۔ مَالٌ رَدِىُّ التَّكَسُّبِ

جوار باجرہ۔ اس کی تعبیر وہ مال ہے جو کمانے کے لحاظ سے ردی ہے۔

اَلْبَاقِلَا۔ غَمٌّ طَوِيْلٌ وَّتَعَبٌ

لوبیا۔ کی تعبیر طویل غم اور رنج سے ہے۔

اَلْحِمَّصُ وَالْعَدَسُ وَالْجُلْبَانُ۔ اَمْوَالٌ غَيْرُ طَيِّبَةٍ وَّفِيْهَا هَمٌّ وَّغَمٌّ

چنا، مسور، مٹر۔ کی تعبیر اس مال سے کیجاتی ہے جو پاک نہیں اور جسمیں رنج وغم ہے۔

الزَّرْعُ - هُوَ عُمْدَةُ الْاِنْسَانِ فِيْ دِيْنِهِ وَدُنْيَاهُ اِذَا كَانَ لَهٗ وَاِنْ رَاٰى اَنَّهٗ يَمْشِيْ فِيْهِ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ عَلٰى قَدْرِ خِصْبِ الزَّرْعِ وَجُوْدَتِهٖ وَرُبَمَا كَانَ الزَّرْعُ رِجَالًا يَجْتَمِعُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ عَلٰى حُزْنٍ فَاِنْ رَاٰهُ حُصِدَ فَهُوَ قَتْلُهُمْ

کھیت۔ اگر کسی کے پاس کھیت ہو تو اسکو خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ دین اور دنیا میں اسکی بھلائی ہے اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ کھیتی میں چل رہا ہے تو کھیتی کی سرسبزی اور عمدگی کے مطابق اس کی دین و دنیا بھلی ہوگی اور کبھی کھیتی کی تعبیر ایسے لوگوں سے بھی ہوتی ہے جو اس جگہ کسی رنج کے موقع پر جمع ہوں۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ کھیتی کاٹی گئی ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ لوگوں کے قتل کی طرف اشارہ ہے۔

اَلْبَذْرُ فِي الْاَرْضِ - اَفْعَالُ الْخَيْرِ فَاِنْ رَاٰهُ نَبَتَ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ مَقْبُوْلًا فِيْ جَمِيْعِ اَفْعَالِهٖ وَقَدْ يَشْتَهِرُ بِهٖ ذٰلِكَ فِي الدُّنْيَا وَيَنَالُ بِهٖ عِزًّا وَّشَرَفًا وَرُبَمَا كَانَ الْبَذْرُ اَوْلَادًا وَّذُرِّيَّةً اِنْ كَانَتِ الْاَرْضُ مَحْدُوْدَةً بِالنَّظَرِ غَيْرَ مَجْهُوْلَةٍ

زمین میں بیج کا ہونا۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ نیک کام سرزد ہوں گے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ اگ گئے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے کام اللہ کے پاس تمام کے تمام مقبول ہونگے اور اسی سے وہ دنیا میں شہرت بھی حاصل کریگا اور اسی سے عزت و شرافت حاصل کریگا اور کبھی بیج کی تعبیر اولاد اور نسل سے بھی کیجاتی ہے بشرطیکہ زمین پوری دیکھنے میں آجائے، نامعلوم نہ ہو۔

اَلْخُضَرُ - كَالْقِثَّاءِ وَالْخِيَارِ وَالْجَوْزِ وَالسَّلْجَمِ وَمَا اَشْبَهَ ذٰلِكَ فَهُوَ رِزْقٌ دَنِيٌّ يَنَالُهٗ فِيْ هَمٍّ وَّغَمٍّ وَّخَوْفٍ وَرُبَمَا يُعَجَّلُ لَهُ الْهَمُّ وَالْغَمُّ وَالْحُزْنُ وَيُبْطِئُ عَنْهُ الرِّزْقُ وَيَطُوْلُ الْحُزْنُ الَّذِيْ يَنَالُهٗ وَكَذٰلِكَ الْبُقُوْلُ مِثْلُ الْبَصَلِ وَالْكُرَّاثِ

سبزی۔ جیسے کھیرا، ککڑی اور شلجم اور ناریل وغیرہ دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ معمولی رزق ہے جو رنج و غم و ڈر سے حاصل ہو۔ اور کبھی ایسا بھی ہوگا کہ رنج و غم و خوف تو ہوجائے لیکن رزق کے آنے میں دیری ہو۔ اور جو رنج ہو اسکی مدت طویل ہوجائے۔ اور یہی تعبیر پیاز اور گندنا اور کٹ کی ہ

وَالْقُسْطِ وَسَائِرِ اَنْوَاعِ الْبُقُوْلِ فَهِيَ غَمٌّ وَهَمٌّ وَحُزْنٌ وَّ نَكَدٌ

اور جملہ قسم کی ترکاریوں کی تعبیر رنج وغم وخوف اور تنگی سے زندگی گزارنے کی کیجاتی ہے۔

اَلرَّيَاحِيْنُ - اَمَّا سَائِرُ الرَّيَاحِيْنِ وَ الْمَشْمُوْمَاتِ مِثْلُ الْوَرْدِ وَالنَّرْجِسِ وَالْبَهَارِ وَغَيْرُ ذٰلِكَ فَاِنْ فَارَقَتْ مَنْبَتَهَا فَهِيَ دُنْيَا زَالَتْ عَنْهُ وَاِنْ كَانَتْ بَاقِيَةً فِيْ شَجَرَتِهَا فَهُوَ وَلَدٌ صَالِحٌ عَلٰى جَوْهَرَةِ الْمَشْمُوْمِ وَحِيْنَئِذٍ يَكُوْنُ طَيِّبًا لِمَنْ اَصَابَ مِنْهُ شَيْئًا وَّ مَنْ رَاٰى نَبَاتًا مَجْهُوْلًا قَدْ نَبَتَ فِيْ مَوْضِعٍ لَمْ تَجْرِ الْعَادَةُ فِيْهِ بِالنَّبَاتِ مِثْلُ الْبَيْتِ وَالْمَسْجِدِ فَهُوَ رَجُلٌ يَدْخُلُ عَلٰى اَهْلِ ذٰلِكَ الْبَيْتِ بِمُصَاهَرَةٍ اَوْ مُشَارَكَةٍ وَّ نَحْوِهَا

خوشبوئیں - جملہ اقسام کی خوشبوؤں اور سونگھنے والی چیزوں جیسے گلاب، نرگس، سُورج مکھی وغیرہ کو اگر کسی نے خواب میں ایسے دیکھا کہ وہ درخت سے جُدا ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ دنیا اس سے زائل ہو جائے گی اور اگر ان پھولوں کو درخت میں لگا ہوا دیکھے تو اس کی تعبیر نیک لڑکے سے کی جائے گی۔ اس پھول کی قدر وقیمت کے مطابق۔ اور جس نے اس کو پالیا اُس کے لئے اچھا ہوگا۔ اور جس نے خواب میں یہ دیکھا کہ کوئی نامعلوم قسم کا پودا کسی ایسی جگہ میں اُگا ہے جہاں عادتاً پودے نہیں اُگا کرتے جیسے گھر اور مسجد تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ کوئی آدمی اس گھر میں دامادی یا شرکت وغیرہ کی حیثیت سے داخل ہوگا۔

اَلتِّبْنُ - هُوَ مَالٌ عَاجِلٌ وَّ ذَهَبٌ خَالِصٌ وَكَانَ يُسَمِّيْهِ سَيِّدِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ بِالتِّبْرِ - قِيْلَ اِنَّ رَجُلًا اَهْدٰى اِلَى الْاِمَامِ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ جَمَلًا مُحَمَّلًا تِبْنًا فَنَظَرَ اِلَيْهِ طَوِيْلًا ثُمَّ قَالَ يَا لَيْتَ هٰذَا الْجَمَلَ اُهْدِيَ اِلَيَّ لَيْلًا فِي الْمَنَامِ

گھانس۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ فوراً ہی مال ملیگا اور وہ بھی سونا ہوگا اور اسی لئے سوکھی ہوئی گھانس کو حضرت محمد بن سیرینؒ خالص سونا کہا کرتے تھے۔ اور کہا جاتا ہے کہ کسی شخص نے محمد بن سیرینؒ کو ایک اونٹ سوکھے گھانس سے لدا بھیجا تو اسکو بہت دیر تک دیکھتے رہے

پھر کہنے لگے کاش یہ اونٹ مجھے رات میں خواب میں ملتا۔

اَلْبُسْتَانُ۔ اِمْرَاَۃُ الرَّجُلِ فَمَنْ رَاٰی اَنَّہٗ فِیْ بُسْتَانٍ یَاْکُلُ مِنْ ثَمَرِہٖ فَاِنَّہٗ یُصِیْبُ مَالًا مِنْ اِمْرَاَۃٍ غَنِیَّۃٍ وَمَنْ رَاٰی اَنَّہٗ یَتَنَزَّہُ فِیْ بُسْتَانٍ فَاِنَّہٗ یُحْسِنُ حَالَہٗ وَیَصْفُوْا عَیْشُہٗ مَعَ اِمْرَاَۃٍ جَمِیْلَۃٍ وَمَنْ رَاٰی اَنَّ بَابَ بُسْتَانِہٖ قَدِ انْقَلَعَ مِنْ نَاحِیَۃٍ فَاِنَّہٗ یُطَلِّقُ زَوْجَۃً وَالْبَسَاتِیْنُ الْمَجْھُوْلَۃُ فِی التَّاوِیْلِ ھِیَ الْجَنَّۃُ فَمَنْ رَاٰی اَنَّہٗ دَخَلَ بُسْتَانًا یَتَنَزَّہُ فِیْہِ فَاِنَّہٗ یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ وَالرِّیَاضُ کُلُّھَا ھِیَ دِیْنُ الْاِسْلَامِ فَمَنْ مَشٰی فِیْ ذٰلِکَ اَوْ تَنَزَّہَ فِیْہِ فَھُوَ ھُدًی مِّنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَ خَیْرٌ کَثِیْرٌ فِی الْاِسْلَامِ وَرُبَّمَا کَانَتْ عُلُوًّا یَتَنَزَّہُ فِیْھَا وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

باغ۔ اس کی تعبیر بیوی ہے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ باغ میں ہے اور وہاں پھل کھا رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ ایک مالدار عورت سے وہ مال پائیگا۔ اور اگر یہ دیکھے کہ وہ باغ میں سیر کر رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ ایک خوبصورت عورت کے ملنے سے اسکی حالت اچھی ہوگی اور اس کا عیش عمدہ گزرے گا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اسکے باغ کا دروازہ ایک طرف سے اکھڑ گیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دیدیگا اور نامعلوم باغوں کی تعبیر جنت سے کیجاتی ہے۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ ایسے باغ میں داخل ہوا اور اسمیں سیر کر رہا ہے تو اسکی تعبیر جنت ہے اور چمنوں کی تعبیر دینِ اسلام ہے اگر کسی شخص نے یہ دیکھا کہ وہ چمن میں چل رہا ہے یا اسمیں سیر کر رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کیطرف سے ہدایت ملیگی اور اسلام میں وہ خیر کثیر حاصل کریگا، اور اسمیں تفریح کرنیکی تعبیر یہ ہے کہ وہ بلندی حاصل کریگا۔

اَلْبَابُ الثَّامِنُ
آٹھواں باب

فِیْ رُؤْیَۃِ الْاَشْرِبَۃِ وَالْاَلْبَانِ
شربتوں اور دودھ کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر کا بیان

اَللَّبَنُ اَلْمَجْھُوْلُ النَّوْعِ ھُوَ فِطْرَۃُ الْاِسْلَامِ وَسُنَّۃُ النَّبِیِّ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ

دودھ۔ اگر نامعلوم قسم کا دودھ ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اسلام کی فطرت اور نبی صلی اللہ

وَالسَّلَامُ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَيْئًا اَوْ
مَلَكَهُ اَصَابَ خَيْرًا وَّصَلَاحًا فِيْ
دِيْنِهٖ وَاللَّبَنُ الْمَعْرُوْفُ النَّوْعِ وَالْجِنْسِ
فَاِنَّهٗ مَالٌ حَلَالٌ وَّرِزْقٌ حَسَنٌ
مُسْتَفَادٌ اِذَا لَمْ يَكُنْ حَامِضًا وَّلَا رَائِبًا
قَدْ نُزِعَ دَسَمُهٗ فَاِنْ كَانَ حَامِضًا اَوْ
رَائِبًا فَهُوَ هَمٌّ وَّغَمٌّ وَّضَرَرٌ وَّحُزْنٌ۔

علیہ وسلم کی سُنت ہے یعنی اگر کسی نے دیکھا کہ
نامعلوم قسم کا دودھ پیا یا یہ کہ دودھ اسکے قبضہ میں
ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ بھلائی پائیگا اور اسکا
دین اچھا رہیگا اور اگر دودھ ایسا تھا جسکی قسم اور
جنس معلوم ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ اسکو حلال مال
ملیگا اور اچھا رزق ملیگا جس سے وہ فائدہ اُٹھائیگا بشرطیکہ
وہ نہ کھٹا ہو نہ چھاچھ جسکی چکنائی نکالدی گئی ہو اور
اگر کھٹا ہوا یا چھاچھ ہوئی تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکو رنج وغم اور نقصان پہنچے گا۔

اَلْجُبْنُ۔ مَالٌ صَامِتٌ وَّخَيْرٌ وَّخِصْبٌ
لِصَاحِبِهٖ وَالرَّطْبُ اَفْضَلُ مِنَ الْيَابِسِ
لَبَنُ الْبَقَرِ وَالْجَوَامِيْسِ وَالْاِبِلِ۔ كُلُّهٗ
خَيْرٌ وَّلَبَنُ الْغَنَمِ وَالْمَعْزِ دُوْنَ لَبَنِ
الْبَقَرِ وَلَبَنُ الْجِمَالِ الْوَحْشِيَّةِ صَلَاحٌ
فِي الدِّيْنِ وَلَبَنُ الْبَغْلَةِ هَوْلٌ وَّعُسْرٌ لِّمَنْ
شَرِبَهٗ وَلَبَنُ الْحِمَارَةِ الْاَهْلِيَّةِ مَرَضٌ
شَدِيْدٌ يَزُوْلُ وَلَبَنُ الظَّبْيَةِ وَسَائِرِ
الْوُحُوْشِ الْمَاْكُوْلَةِ خَيْرٌ وَّصَلَاحٌ
وَّرِزْقٌ مُّبَاحٌ وَلَبَنُ الْفَرَسِ اِسْمٌ
صَالِحٌ لِمَنْ شَرِبَهٗ وَلَبَنُ اللَّبُوَّةِ يَظْفَرُ
بِعَدُوٍّ وَلَبَنُ الْكَلْبَةِ خَوْفٌ شَدِيْدٌ مِّنْ
عَدُوٍّ وَّضَرَرٌ عَاجِلٌ وَلَبَنُ النَّمِرَةِ

پنیر۔ کی تعبیر منجملہ مال اور بھلائی اور اسکے مالک کی
سرسبزی ہے اور تر خشک سے افضل ہے۔
گائے بھینس اور اونٹنی کے دودھ سب کے
سب بھلے ہیں اور بکری اور مینڈھی کا دودھ گائے
کے دودھ سے کم درجہ کا ہے اور جنگلی اونٹنی کے دودھ
کی تعبیر دین میں صلاحیت سے دیجاتی ہے اور خچرنی کا دودھ
اگر کسی نے پیا تو اسکی تعبیر یہ ہوئی کہ اسکو گھبراہٹ
اور تکلیف پہنچیگی اور شہری گدھی کے دودھ کی تعبیر
یہ ہے کہ شدید مرض ہوگا لیکن پھر زائل ہوجائیگا اور
تمام جنگلی جانور جو کھائے جاتے ہیں اُن کے اور اسی
طرح ہرنی کے دودھ کی تعبیر بھلائی، صلاحیت
اور جائز رزق ہے اور گھوڑی کا دودھ پینے کی تعبیر
یہ ہے کہ پینے والے کا نام نیک ہوگا اور شیرنی کا

خَوفٌ وَعَدُوٌّ يَظْهَرُ وَلَبَنُ الثَّعْلَبِ خَيْرٌ
وَدَرَمٌ وَغِنًى وَلَبَنُ السَّقَنْقُوْرَةِ مَرَضٌ وَ
خُصُوْمَةٌ وَلَبَنُ الْخِنْزِيْرَةِ تَغَيُّرُ عَقْلِ
صَاحِبِهٖ وَاَمَّا اللَّبَنُ اِذَا رُضِعَ اَوْ اِرْتُضِعَ
فَاِنَّهٗ حَبْسٌ اَوْ ضِيْقٌ يَنَالُهُ الْمُرْتَضِعُ لِاَنَّهٗ
لَا رِضَاعَ بَعْدَ الْحَوْلَيْنِ فَاِنْ رَأَتِ امْرَاَةٌ
اَنَّهَا دَرَّتْ اَوْ سَالَ مِنْ ثَدْيِهَا لَبَنٌ فَاِنَّهٗ
خَيْرٌ وَمَالٌ وَرِزْقٌ يَفِيْضُ عَلَيْهَا بِخِلَافِ
الرِّضَاعِ

دودھ پینے کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دشمن پر کامیابی
حاصل کریگا اور کتیا کا دودھ پینے کی تعبیر یہ ہے
کہ اس کو دشمن سے سخت ڈر ہوگا اور جلد نقصان پہنچے
گا۔ اور چیتنی کے دودھ کی تعبیر یہ ہے کہ اسکو خوف
ہوگا اور اسکا دشمن ظاہر ہوگا اور لومڑی کے دودھ
کی تعبیر بھلائی اور خوشی اور مالداری سے دی جائیگی
اور ریگ ماہی کے دودھ کی تعبیر بیماری اور
خصومت سے دیجاتی ہے اور سورنی کے دودھ
کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے پینے والے کی عقل میں
تغیر ہو جائیگا۔ اور دودھ خواہ چھاتی سے پیئے یا چھاتی سے پلایا جائے ہر دو صورتوں میں اس کی
تعبیر یہ ہے کہ پینے والا قید میں یا تنگی میں پڑ جائیگا کیونکہ دودھ پینے کی مدت دو سال پر ختم
ہو جاتی ہے۔ اگر کسی عورت نے خواب میں دیکھا کہ وہ دودھ والی ہوگئی ہے یا اسکی چھاتیوں سے
دودھ بہنے لگا ہے تو اسکی تعبیر بھلائی اور مال اور رزق سے دیجاتی ہے جو اس پر بہتا آئے گا لیکن
دودھ پینے کی تعبیر اس کے خلاف ہے۔

اَلْخَمْرُ۔ مَالٌ حَرَامٌ اِذَا لَمْ يَكُنْ مَعَهٗ
مُنَازَعَةٌ بِخُصُوْمَةٍ وَكَلَامٌ لِمَنْ نَازَعَهٗ
فِيْ كَاْسِهٖ فَاِنَّهٗ شَرٌّ

شراب۔ اسکی تعبیر حرام مال ہے بشرطیکہ خوابمیں
خصومت کیساتھ جھگڑا نہ ہو اور نہ اس سے بحث
ہو جسنے اس سے پیالہ کے بارہمیں جھگڑا کیا ہو کیونکہ یہ شر ہے

اَلنَّبِيْذُ۔ مَالٌ مَكْرُوْهٌ فِيْهِ شُبْهَةٌ لَا
يُنَالُ اِلَّا بِتَعَبٍ وَنَصَبٍ بِقَدْرِ مَا نَالَتْ
مِنْهُ النَّارُ

انگور یا کھجور کا شیرہ۔ اسکی تعبیر مکروہ مال سے دیجاتی ہے
جسمیں شبہ ہو لیکن جسقدر اسکو آگ لگی ہوئی معلوم
ہوگی اسیقدر رنج و مصیبت سے حاصل ہوگا۔

اَلسُّكْرُ۔ مِنْ غَيْرِ شَرَابٍ مَكْرُوْهٌ لَا

نشہ۔ اگر خواب میں بغیر شراب کے نشہ معلوم ہو

خَيْرَ فِيهِ لِقَوْلِهِ تَعَالَى - وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَى وَمَا هُمْ بِسُكَارَى وَلَكِنَّ عَذَابَ اللهِ شَدِيدٌ - وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ يَشْرَبُ الْخَمْرَ أَوِ النَّبِيذَ مَعَ غَيْرِهِ وَبَيْنَهُمَا مَائِدَةُ طَعَامٍ فَإِنَّهُ يَقُومُ فِي أَمْرِ مَعِيشَتِهِ وَيُخَاصِمُ غَيْرَهُ لِأَنَّ الْمَائِدَةَ هِيَ الْمَعِيشَةُ وَمَنْ رَأَى أَنَّهُ يَعْصِرُ خَمْرًا فَإِنَّهُ يَخْدُمُ سُلْطَانًا وَيَجْرِي عَلَى يَدَيْهِ عَظَائِمُ الْأُمُورِ وَمَنْ رَأَى نَهْرًا مِنْ خَمْرٍ فَإِنْ كَانَ فِي رَوْضَةٍ خَضِرَةٍ مَجْهُولَةٍ فَإِنَّهُ يَنَالُ دُخُولَ الْجَنَّةِ إِذَا شَرِبَ مِنْهُ أَوْ دَخَلَهُ وَإِنْ كَانَ غَيْرَ ذَلِكَ أَصَابَتْهُ فِتْنَةٌ فِي دُنْيَاهُ

تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو مکروہ بات پہنچے گی جسمیں کوئی بھلائی نہ ہوگی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَى وَمَا هُمْ بِسُكَارَى وَلَكِنَّ عَذَابَ اللهِ شَدِيدٌ اور تم لوگوں کو ایسے دیکھو گے کہ گویا وہ نشہ میں ہیں حالانکہ وہ نشہ میں نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کا عذاب سخت ہے اور جس نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ شراب یا شیرہ کسی کے ساتھ پی رہا ہے اور دونوں کے درمیان کھانے کا دسترخوان ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ معاش حاصل کرنیکی کوشش کریگا اور اپنے غیر سے جھگڑیگا کیونکہ دسترخوان کی تعبیر معاش سے ہے۔ اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ شراب بنا رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ سلطان کی خدمت کریگا اور اسکے ہاتھوں سے بڑے بڑے کام انجام پائینگے۔ اور اگر کسی نے شراب کی نہر دیکھی تو اگر سبز چمن میں ہو جو نامعلوم ہو تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ جنت میں داخل ہوگا بشرطیکہ وہ شراب پیے یا اس چمن میں داخل ہو اور اگر ایسا نہ ہو تو وہ دنیا میں کسی فتنہ میں مبتلا ہوگا۔

اَلْعَسَلُ وَالشَّهْدُ - هُوَ مَالٌ وَرِزْقٌ طَيِّبٌ وَشِفَاءٌ مِنَ الْأَمْرَاضِ وَأَمَّا سَائِرُ الْأَشْرِبَةِ الْمُتَّخَذَةِ مِنَ الْفَوَاكِهِ فَإِنَّهُ عَلَى قَدْرِ أُصُولِهَا الْمُتَّخَذَةِ مِنْهَا وَقَدْ تَقَدَّمَ الْكَلَامُ فِي ذَلِكَ

شہد۔ اس کی تعبیر مال اور پاک رزق اور مرض سے شفا ہونیکی دی جاتی ہے وہ تمام شربت جو میووں سے بنائے جاتے ہیں ان کی تعبیر انھی پھلوں کے لحاظ سے ہوگی جن سے وہ شربت بنائے گئے ہوں اور اس کے متعلق اوپر تفصیل سے بیان کر دیا گیا ہے۔

اَلْبَابُ التَّاسِعُ — نواں باب

فِیْ رُؤْیَةِ النِّسَاءِ وَالرِّجَالِ وَاَعْضَاءِ الْاِنْسَانِ وَاَرْوَاثِ الْحَیَوَانِ

عورتوں، مردوں اور انسان کے اعضا اور حیوان کے فضلوں کو خواب میں دیکھنے کا بیان

اَلرَّجُلُ الْمَعْرُوْفُ۔ اِذَا رَاٰہُ یُعْطِیْهِ شَیْئًا اَوْ یُکَلِّمُهٗ فَهُوَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ بِعَیْنِهٖ اَوْ نَظِیْرُهٗ اَوْ سَمِیُّهٗ

جان پہچان کا آدمی۔ اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اسکو کوئی جان پہچان کا آدمی کوئی چیز دے رہا ہے یا بات کر رہا ہے تو اس کی تعبیر یا تو وہی مرد ہے یا اسکا کوئی نظیر یا اسکا ہمنام۔

وَالرَّجُلُ الْمَجْهُوْلُ۔ اِذَا کَانَ شَابًّا فَهُوَ عَدُوٌّ وَاِنْ کَانَ شَیْخًا فَهُوَ سَعْدُهٗ وَحَظُّهٗ وَجَدُّهُ الَّذِیْ یَسْعٰی فِیْهِ وَاِنْ کَانَ رَاٰی شَیْخًا یُعْطِیْهِ شَیْئًا اَوْ یُکَلِّمُهٗ فَاِنَّ ذٰلِكَ سَعْدُهٗ وَجَدُّهٗ وَحَظُّهٗ وَبَخْتُهٗ وَیَکُوْنُ ذٰلِكَ عَلٰی قَدْرِ اَحْوَالِ الشَّیْخِ وَحُسْنِ صُوْرَتِهٖ وَقَبَاحَتِهَا اَوْ کَمَالٍ اَوْ نُقْصَانٍ اَوْ قُوَّةٍ اَوْ ضُعْفٍ

غیر شناسا آدمی۔ اگر کسی نے ایسے شخص کو دیکھا جس کو وہ نہیں جانتا تو اس کی تعبیر اس طرح ہوگی کہ اگر وہ جوان ہے تو گویا اسکا دشمن ہے اور اگر وہ بوڑھا ہے تو اسکی تعبیر اسکی نیک بختی اور اسکے نصیبے اور بخت سے کی جائیگی جسمیں وہ کوشش کر رہا ہے۔ اور اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ کوئی بوڑھا اسکو کچھ دے رہا ہے یا اس سے بات کر رہا ہے تو اسکی تعبیر اسکی نیک بختی اور کوشش و نصیبہ و بخت سے کیجائیگی اور یہ اسی حد پر ہوگا جس حد پر اُسنے بوڑھے کو دیکھا اور اسکی اچھی صورت یا بدصورتی یا کمال یا نقصان یا قوت یا ضعف کے لحاظ سے تعبیر دی جائے گی۔

اَلْمَرْاَةُ الْعَجُوْزُ۔ اَلْمَجْهُوْلَةُ هِیَ السَّنَةُ فَتَکُوْنُ عَلٰی قَدْرِ حُسْنِهَا وَکَمَالِهَا اَوْ غَیْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْقَبَاحَةِ فَمَنْ رَاٰی صَبِیَّةً مَجْهُوْلَةً تُکَلِّمُهٗ اَوْ تُعْطِیْهِ شَیْئًا

بوڑھی عورت۔ اگر ایسی دیکھی جس کو وہ جانتا ہی نہیں تو اسکی تعبیر اسکے سال سے ہوگی تو جیسے اسکا حسن و کمال یا قباحت ہوگی اسی طرح اسکا سال گزریگا اگر کسی نے خواب میں ایسی لڑکی دیکھی جسکو وہ جانتا

کہ وہ سانپ سے لڑ رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ
وہ کسی دشمن سے لڑ رہا ہے اور اگر یہ دیکھا کہ وہ
سانپ پر غالب آگیا تو اس کی تعبیر یہ ہے
کہ وہ دشمن پر غالب ہوگا۔ اور اگر یہ دیکھا کہ
سانپ اس پر غالب آگیا تو اسکی تعبیر یہ ہوگی
کہ دشمن اس پر غالب آجائیگا اور جس نے
یہ دیکھا کہ سانپ نے اسکو کاٹ کھایا تو اسکی تعبیر یہ
ہے کہ وہ اپنے دشمن سے اسیقدر تکلیف پائیگا
جسقدر کہ سانپ نے اسکو کاٹا ہے۔ اور جس نے یہ
دیکھا کہ اس نے سانپ کو قتل کر دیا تو اسکی تعبیر
یہ ہے کہ وہ دشمن پر غالب آئیگا۔ اور اگر اس کو دو ٹکڑے کر دیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دشمن
کو دو ٹکڑے کر دیگا۔ اور اگر کسی نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ سانپ سے ڈر رہا ہے اور سانپ اسکو نظر
نہیں آتا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اسکو اس کے دشمن سے امن ملے گا۔

وَإِنْ عَايَنَهَا اَصَابَهُ مِنْهَا خَوْفٌ وَ
لَا يَضُرُّهُ وَكُلُّ خَوْفٍ لَا يُعَايِنُ الَّذِي
يَخَافُهُ فَإِنَّهُ اَمْنٌ لَهُ وَإِنْ عَايَنَهُ فَهُوَ
وَاقِعٌ وَمَنْ رَأَى حَيَّةً دَخَلَتْ بَيْتَهُ
وَرَآهَا فِي بَيْتِهِ فَهُوَ عَدُوٌّ مِنْ جِهَةِ النِّسَاءِ
أَوْ مِنْ جِهَةِ الْأَقَارِبِ فَإِنْ خَرَجَتْ مِنْ

اور اگر اس کو دیکھا تو اس سے خوف تو ہوگا
لیکن اس کو کچھ نقصان نہ پہنچے گا اور جو شخص
خواب میں کسی ایسی چیز سے ڈرے جس کو وہ
نہیں دیکھ رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ
اس کو امن حاصل ہوگا اور اگر وہ چیز نظر آجائیگی
جس سے وہ ڈر رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے

بَيْتِهٖ فَاِنَّهٗ مِنَ الْاَبَاعِدِ فَاِنْ رَاٰى اَنَّ کہ وہ واقع ہو جائیگا اور جس نے یہ دیکھا کہ سانپ

الْحَيَّةَ خَرَجَتْ مِنْ دُبُرِهٖ اَوْ اُذُنِهٖ اسکے گھر میں داخل ہوا اور اُسنے اس کو گھر میں

اَوْ بَطْنِهٖ فَاِنَّ مِنْ عِيَالِهٖ عَدُوٌّ لَهٗ وَ دیکھا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ کوئی عورت یا کوئی

يَخْرُجُ عَنْهُ وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ مَلَكَ عزیز اسکا دشمن ہے۔ اور اگر یہ دیکھا کہ اس

حَيَّةً وَلَا يَتَخَوَّفُ مِنْهَا فَاِنَّهَا فِيْ کے گھر سے سانپ نکلا تو کوئی دُور کا آدمی اسکا

هٰذِهِ الْحَالَةِ لَيْسَتْ عَدُوًّا وَاِنَّمَا هِيَ دشمن ہے اگر کسی نے یہ دیکھا کہ سانپ اس کی

مُلْكٌ وَنِعْمَةٌ يَنَالُهَا بِقَدْرِ عُظْمِ مقعد سے یا کان سے یا پیٹ سے نکلا تو اس

الْحَيَّةِ فَاِنْ كَانَتْ سَوْدَاءَ فَاِنَّهٗ يَقُوْدُ کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی اولاد میں سے کوئی

الْجُيُوْشَ وَاِنْ كَانَتْ بَيْضَاءَ فَهِيَ اسکا دشمن ہو اور اس سے نکلے گا۔ اور اگر کسی نے

جَدُّهٗ وَسَعْدُهٗ وَاِنْ مَّلَكَ حَيَّةً یہ دیکھا کہ وہ سانپ کا مالک ہوا ہے اور اس

لَطِيْفَةً مَلْسَاءَ لَيْسَ لَهَا غَائِلَةٌ فَاِنَّهٗ سے اسکو کچھ ڈر نہیں ہے تو ایسی حالت میں اس کی

يُصِيْبُ كَنْزًا مِنْ كُنُوْزِ الْمَلِكِ تعبیر یہ ہے کہ وہ دشمن نہیں ہے بلکہ وہ ملک

اور نعمت ہے کہ جسقدر سانپ بڑا ہوگا اسیقدر زیادہ حاصل ہوگی اور اگر سانپ سیاہ ہے تو

اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ فوج کی کمان کریگا۔ اور اگر سفید ہے تو اسکا نصیبہ اور اسکی سعادت

ہے۔ اور اگر وہ ایسے سانپ کا مالک ہوا جو چکنا اور نرم ہے کہ اسمیں بدی نہیں ہے تو شاہی

خزانوں میں سے کسی خزانہ کا پانا اسکی تعبیر ہوگی۔

اَلْعَقْرَبُ۔ عَدُوٌّ مُكَايِدٌ لَا يُجَازِيْ بچھو۔ اس کی تعبیر مکار دشمن سے کی جاتی ہے

بِلِسَانِهٖ وَهُوَ يَلْسَعُ عَدُوَّهٗ وَصَدِيْقَهٗ جس کی زبان کا کوئی اعتبار نہیں کہ وہ اپنی زبان

بِلِسَانِهٖ وَلَيْسَ لَهٗ دِيْنٌ وَلَا قَوْلٌ وَ سے دوست دشمن سب کو کاٹتا ہے اس کا

مَنْ رَاٰى اَنَّ عَقْرَبًا لَدَغَهٗ فَاِنَّهٗ عَدُوٌّ نہ دین ہے نہ قول۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ بچھو

يَغْتَابُهٗ بِلِسَانِهٖ وَيَقُوْلُ فِيْهِ مَا يَكْرَهُهٗ نے اس کو کاٹ لیا تو اس اس کی تعبیر یہ ہے

فَإِنْ قَتَلَ الْعَقْرَبَ ظَفِرَ بِذٰلِكَ الرَّجُلِ الْعَدُوِّ وَمَنْ رَأَى الْعَقْرَبَ بِيَدِهٖ وَهُوَ يَلْدَغُ بِهِ النَّاسَ فَإِنَّهٗ يَلْدَغُ النَّاسَ بِلِسَانِهٖ وَمَنْ أَكَلَ لَحْمَ الْعَقْرَبِ أَصَابَ مَالًا مِّنْ عَدُوِّهٖ وَمَنْ رَأَى عَقْرَبًا دَخَلَ جَوْفَهٗ أَوْ بَيْتَهٗ أَوْ فِرَاشَهٗ أَوْ قَمِيْصَهٗ أَوْ لِحَافَهٗ فَإِنَّهٗ عَدُوٌّ مَعَهٗ يَحْمِلُ مِنْهُ الْكَلَامَ وَيَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ عَنْهُ وَيَجْرِيْ تَأْوِيْلُ الْعَقْرَبِ فِيْمَا ذَكَرْنَاهُ فِي الْحَيَّةِ

کہ ایک دشمن اپنی زبان سے اسکی غیبت کر رہا ہے اور اُس کے متعلق وہ بات کر رہا ہے جو اسکو ناگوار ہوگی۔ اگر اُس نے خواب میں بچھو کو مار دیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اس دشمن پر کامیاب ہوگا۔ اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ بچھو اسکے ہاتھ میں ہے اور وہ اس سے لوگوں کو کٹوا رہا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ خواب دیکھنے والا لوگوں کی غیبت کریگا۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ اس نے بچھو کا گوشت کھالیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دشمن سے مال پائیگا۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ بچھو اس کے پیٹ یا گھر یا بچھونے یا قمیص یا لحاف میں داخل ہوا تو اُس کی تعبیر یہ ہے کہ ایک دشمن اس کے ساتھ لگا ہوا ہے کہ اس کی بات سُن کر لوگوں سے اس کی چغلی کھاتا ہے اور اس کے علاوہ اور اُمور میں بچھو کی تعبیر اسی طرح ہوگی جیسی کہ ہم نے سانپ کے بارے میں بیان کی ہے۔

اَلزُّنْبُوْرُ۔ أَشَدُّ شَوْكَةً مِّنَ الذُّبَابِ فَمَنْ رَأَى أَنَّهٗ ثَارَ عَلَيْهِ مِنَ الزَّنَابِيْرِ أَوِ الذُّبَابِ فَإِنَّ ذٰلِكَ كَلَامٌ يَّسْمَعُهٗ مِنْ غَوْغَاءِ النَّاسِ وَسَفَلَتِهِمْ

بھڑ۔ اس کی تعبیر مکھی سے زیادہ شوکت والے سے کی جاتی ہے اگر کسی نے یہ دیکھا کہ بھڑیں یا مکھیاں اس پر ہجوم کر رہی ہیں تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ لوگوں کے غوغا اور کمینوں سے اپنے متعلق کوئی بات سُنے گا۔

اَلنَّمْلُ۔ رُؤْيَاهُ تَدُلُّ عَلٰى رَجُلٍ كَسُوْبٍ كَثِيْرِ الْبَرَكَةِ نَفَّاعٍ لِّمَنْ صَحِبَهٗ وَيَجْرِيْ فِي التَّأْوِيْلِ عَلٰى مَا تَقَدَّمَ

چیونٹی۔ اس کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر ایسے شخص کو دیکھنا ہے جو خوب کماتا ہو بہت برکت والا ہو اپنے دوست کو نفع پہنچانے والا ہو

اور اس کی تعبیر اسی طرح ہوگی جیسی کہ پہلے گزر چکی۔

اَلْبَقَّةُ ۔ اِنْسَانٌ ضَعِيْفٌ مُهَانٌ وَكَذٰلِكَ کھٹمل یا مچھر ۔ اس کی تعبیر ضعیف انسان سے
الْفَرَاشَةُ اَيْضًا فَمَنْ رَاٰى الْبَقَّ فِىْ کی جاتی ہے اور اسی طرح پتنگے بھی ۔ اگر کسی نے
دَارِهٖ اَوْ مَحَلِّهٖ اَوْ فِىْ مَوْضِعٍ فَاِنَّهٗ يَكْثُرُ خواب میں مچھر یا کھٹمل اس کے مکان یا جگہ یا
اَهْلُ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ وَنَسْلُهُمْ وَفُرُوْعُهُمْ مقام میں دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس
وَمَنْ رَاٰى الْبَقَّ يَخْرُجُ مِنْ مَحَلِّهٖ فَاِنَّ جگہ کے رہنے والے اور ان کی نسل اور شاخیں
اَهْلَهٗ يَنْتَقِلُوْنَ مِنْهُ بِمَوْتٍ اَوْ تَحْوِيْلٍ زیادہ ہونگی ۔ اور جس نے یہ دیکھا کہ مچھر یا کھٹمل
وَالذُّبَابُ كَذٰلِكَ اِلَّا اَنَّهُمْ ضُعَفَاءُ النَّاسِ اس کی جگہ سے نکل رہے ہیں تو اسکی تعبیر یہ
ہے کہ وہاں کے رہنے والے موت کی وجہ سے یا کسی جگہ منتقل ہو کر چلے جائیں گے اور مکھی کی
تعبیر بھی اسی طرح ہے الا اینکہ وہ کمزور لوگ ہیں۔

اَلْجَرَادُ وَالذُّبَابُ ۔ جُنُوْدٌ تَقَعُ فِىْ ٹڈی اور مکھی ۔ اس کی تعبیر سپاہیوں سے ہے
ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ وَتَكُوْنُ مَضَرَّتُهُمْ بِقَدْرِ جو اس جگہ آئیں گے اور ان کا نقصان ٹڈیوں
مَضَرَّةِ الْجَرَادِ وَمَنْ رَاٰى جُنُوْدًا اَوْ کی تعداد کے لحاظ سے ہوگا ۔ اگر کسی نے دیکھا
عَسَاكِرَ سَائِرِيْنَ فِى الْاَرْضِ لِمَعْرُوْفَةٍ کہ فوجی اور لشکری کسی معلوم زمین میں یا کسی
اَوِ الْمَوْضِعِ الْمَعْرُوْفِ فَاِنَّ الْجَرَادَ يَقَعُ معلوم گاؤں میں پھر رہے ہیں تو اس کی تعبیر
فِىْ تِلْكَ الْاَرْضِ اَوِ الْمَوْضِعِ یہ ہے کہ اس جگہ ٹڈیاں آئیں گی۔

اَلْخُنَافِسُ وَالْجُعْلَانُ وَالْعَنْكَبُوْتُ وَسَائِرُ گوبر و نجاست میں پیدا ہونیوالے کیڑے ،
الذُّبَابِ ۔ ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَاَرَاذِلُهُمْ گبرولے اور مکڑی اور ہر قسم کی مکھیاں ۔ اس کی
وَالْعَنْكَبُوْتُ رَجُلٌ عَابِدٌ زَاهِدٌ عَفِيْفٌ تعبیر کمزور اور رذیل لوگوں سے کی جاتی ہے
مُتَوَكِّلٌ فِىْ اُمُوْرِهٖ جَدِيْدُ الْعَهْدِ الا اینکہ مکڑی کی تعبیر ایسے آدمی سے کیجاتی ہے
بِالْعِبَادَةِ وَالتَّوْبَةِ جو عابد ، زاہد ، پاک باطن ، اپنے امور کا خیا

رکھنے والا، نیا نیا توبہ کر کے عبادت کرنے والا ہو۔

اَلْقَصَّاصُ۔ بِالْعَكْسِ مِنَ الْعَنْكَبُوْتِ لِاَنَّهُ رَجُلٌ عَاصٍ خَبِيْثٌ يُفْسِدُ النَّاسَ يَحْمِلُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

قدموں کے نشان پر چلنے والا۔ اس کی تعبیر عنکبوت کی تعبیر کے ضد میں ہوگی یعنی ایسے شخص سے تعبیر کی جائیگی جو نافرمان خبیث ہو لوگوں میں فساد کراتا ہو ایک کو دوسرے کیخلاف کرتا ہو۔

اَلْفَارَةُ۔ اِمْرَاَةٌ لَهَا سَرِيْرَةٌ سُوْءٍ فَاسِدَةٌ وَلَا فَرْقَ بَيْنَ الذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى فَمَنْ رَاٰى اَنَّهُ اصْطَادَ مِنْهَا شَيْئًا فَاِنَّهَا امْرَاَةٌ كَذٰلِكَ وَيَجْرِيْ جَمِيْعُ ذٰلِكَ عَلٰى مَا تَقَدَّمَ

چوہیا۔ اس کی تعبیر ایسی عورت سے کیجاتی ہے جس کے دل میں بُرائی ہو فساد کرنے والی ہو اور اُس کے نر و مادہ کی تعبیر میں کوئی فرق نہیں۔ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اُس نے چوہے یا چوہیا کو شکار کیا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ اس قسم کی عورت کو پائیگا اور باقی امور اسکی تعبیر کے اسی طرح ہیں جیسے کہ پہلے بیان کر دئے گئے۔

حِكَايَاتٌ۔ تَلِيْقُ بِهٰذَا الْبَابِ۔ حُكِيَ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى سَيِّدِيْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَالَ رَاَيْتُ كَاَنِّيْ اَحْمِلُ جُوْلَقًا فِيْهِ حَيَّاتٌ وَعَقَارِبُ عَلٰى ظَهْرِيْ فَقَالَ لَهُ اَنْتَ رَجُلٌ قَدْ عَادَيْتَ اَشْرَارَ النَّاسِ وَتَحَمَّلْتَ عَدَاوَتَهُمْ وَاَنَّهُمْ سَيَظْفَرُوْنَ بِكَ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ جُعِلْتُ فِدَاكَ اَنَا رَجُلٌ اَدْخَلَنِيَ السُّلْطَانُ فِيْ صَدَقَاتِ الْعَرَبِ وَلَقَدْ بَغَضُوْنِيْ لِاَجْلِ ذٰلِكَ

اس باب کی مناسبت سے چند قصے بیان کئے جاتے ہیں۔ حکایت۔ ایک شخص حضرت محمد بن سیرینؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گویا میں ایک بوری اپنی پیٹھ پر اُٹھائے ہوئے ہوں جس میں سانپ اور بچھو بھرے ہوئے ہیں آپ نے تعبیر دی کہ تو نے بُرے لوگوں کو اپنا دشمن بنالیا ہے اور اُن کی دشمنی اپنے لئے مول لی ہے اور وہ ضرور تجھ پر غلبہ پالیں گے اس شخص نے عرض کیا میں آپ پر قربان جاؤں بادشاہ

نے مجھ کو عرب کے صدقات وصول کرنے پر مقرر فرمایا ہے اور اسی لئے وہ مجھ سے دشمنی کر رہے ہیں

حِكَايَةٌ - جَاءَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ رَاَيْتُ حکایت - ایک دوسرے شخص نے حضرت
كَاَنَّ حَيَّةً فِيْ بَيْتِيْ وَقَدْ ضَرَبَتْنِيْ فِيْ کے پاس آکر عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے
يَدِيْ وَخَاصِرَتِيْ وَاَوْجَعَنِيْ ضَرْبُهَا کہ گویا سانپ میرے گھر میں ہے اور اس نے میرے
فَقَالَ لَهُ الشَّيْخُ لَكَ اَخٌ وَّاُخْتٌ قَالَ ہاتھ اور کمر میں کاٹ کھایا ہے جس کے کاٹنے سے
نَعَمْ قَالَ لَهُ فِيْ بَيْتِكَ قَرَابَةٌ تُضْمِرُ لَكَ مجھے تکلیف ہوئی ہے تو شیخ نے اس سے دریافت
الشَّرَّ وَسَوْفَ يَنَالُكَ مِنْهُمْ ضَرَرٌ كَثِيْرٌ فرمایا کہ کیا تیرے بھائی بہن ہیں۔ اُسنے کہا ہاں
فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ اِنَّ لَنَا اَخًا مِنْ اُمِّنَا تو آپنے فرمایا کہ تیرے گھر میں کوئی عزیز ہے جس
اِسْتَحْوَذَ عَلٰى تَرِكَةِ اَبِيْنَا فَاَخَذَهَا کے دل میں تیری بُرائی بھری ہوئی ہے۔ اور
مُنْذُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ وَهَرَبَ عنقریب اس سے تجھ کو سخت نقصان پہنچیگا
تو اس شخص نے عرض کیا کہ میرا ایک سوتیلا بھائی ہے جس نے ہمارے باپ کے ترکہ کو جمع
کر لیا اور تین دن ہوئے کہ لیکر بھاگ گیا۔

حِكَايَةٌ - جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى جَعْفَرِ الصَّادِقِ حکایت - ایک شخص جعفر صادق رضی اللہ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهُ اِنَّ لِيْ قَدَحًا عنہٗ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا
مِنْ زُجَاجٍ اٰكُلُ فِيْهِ الطَّعَامَ فَرَاَيْتُ کہ میرے پاس کانچ کا ایک پیالہ ہے جسمیں
كَاَنَّ فِيْهِ نَمْلًا فَقَالَ لَهُ جَعْفَرُ الصَّادِقُ میں کھانا کھایا کرتا ہوں تو میں نے خواب میں
اَلَكَ زَوْجَةٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَلَكَ غُلَامٌ دیکھا کہ گویا اس میں چیونٹیاں ہیں تو جعفر
قَالَ نَعَمْ قَالَ لَهُ اَخْرِجْهُ مِنْ بَيْتِكَ صادقؓ نے اس سے دریافت کیا کہ کیا تیری
فَاِنَّهُ لَا خَيْرَ فِيْهِ فَرَجَعَ الرَّجُلُ اِلٰى بیوی ہے اس نے عرض کیا ہاں تو فرمایا
بَيْتِهٖ مُغْتَمًّا فَسَاَلَتْهُ زَوْجَتُهُ عَنْ ذٰلِكَ کیا تیرے پاس کوئی غلام ہے اُس نے کہا
فَاَخْبَرَهَا بِمَا ذَكَرَهُ لَهُ الْاِمَامُ جَعْفَرٌ ہاں۔ تو آپنے فرمایا کہ اس کو گھر سے نکالدے

الصَّادِقُ مِنَ الرُّؤْيَا قَالَتْ لَهُ وَمَاذَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ اَنْتَ قَالَ عَزَمْتُ عَلٰى بَيْعِ الْغُلَامِ قَالَتْ لَهُ اِنْ بِعْتَهُ طَلِّقْنِیْ قَالَ فَبَاعَ الرَّجُلُ الْغُلَامَ اِلٰی اُسْتَاذٍ فَلَمَّا عَلِمَتْ بِذٰلِكَ هَرَبَتْ خَلْفَ الْغُلَامِ قَالَ فَلَمَّا عَلِمَ بِهَا اَهْلُهَا تَبِعُوْهَا فَوَجَدُوْهَا هَرَبَتْ اِلَی الْغُلَامِ بِمَدِیْنَةِ حَرَّانَ فَسَعَتْ عَلَی الْغُلَامِ وَشَرَتْهُ وَتَزَوَّجَتْهُ بِهٖ

کہ اس میں کوئی بھلائی نہیں تو وہ آدمی اپنے گھر بہت مغموم واپس ہوا۔ اس کی بیوی نے اس کو مغموم دیکھ کر وجہ دریافت کی تو اُسنے اس سے جو کچھ امام جعفر صادقؓ نے فرمایا تھا بیان کیا۔ تو اس نے پوچھا کہ تو نے کیا ارادہ کیا ہے۔ اس نے کہا غلام کو بیچ دوں گا تو عورت نے کہا کہ اگر تو اس کو بیچنا چاہتا ہے تو پہلے مجھ کو طلاق دے دے۔ آدمی نے یہ سُن کر فوراً غلام کو ایک استاذ کے ہاتھ بیچدیا جب عورت کو یہ معلوم ہوا تو غلام کے پیچھے بھاگ گئی۔ جب اُس کے بھاگنے کا حال اسکے گھر والوں کو معلوم ہوا تو اس کو ڈھونڈنے نکلے تو دیکھا کہ وہ غلام کے ساتھ شہر حران کو بھاگ گئی اور غلام کے لئے کوشش کی اور اسکو خرید کر اسکے ساتھ شادی کر لی۔

اَلْبَابُ الْحَادِیْ وَالْعِشْرُوْنَ — اکیسواں باب

فِیْ رُؤْیَا حَیَوَانِ الْمَاءِ وَالسَّمَكِ الطَّرِیِّ وَغَیْرِہٖ

پانی کے جانور اور تازہ مچھلی کو خواب میں دیکھنے اور اسکی تعبیر کا بیان

اَلسَّمَكُ الطَّرِیُّ - اَلْكِبَارُ اِذَا كَانَ كَثِیْرًا فَهِیَ غَنِیْمَةٌ وَّاَمْوَالٌ لِمَنْ اَصَابَهَا اَوْ شَیْئًا مِنْهَا وَاَمَّا صِغَارٌ فَهُوَ هُمُوْمٌ وَّاَحْزَانٌ وَاَمَّا اِذَا كَانَتْ سَمَكَةً اَوْ سَمَكَتَیْنِ فَاِمْرَاَةٌ اَوْ اِمْرَاَتَانِ وَلُحُوْمٌ

تازہ مچھلی - بڑی اگر بہت خواب میں دیکھے تو اس کی تعبیر اس شخص کے لئے جو انکو پائے یا ان میں سے کچھ پائے مال اور غنیمت ہے اور اگر چھوٹی ہوں تو اس کی تعبیر رنج و غم سے کیجاتی ہے۔ اور اگر ایک یا دو مچھلی خواب میں

السَّمَكِ الطَّرِيِّ وَشَحْمُهٗ وَقِشْرُهٗ دیکھے تو اس کی تعبیر ایک یا دو عورتیں ہیں اور
اَمْوَالٌ وَّغَنِيْمَةٌ لِّمَنْ اَكَلَهَا اَوْ مَلَكَهَا تازہ مچھلی کے گوشت اور اُن کی چربی، اُن کے
وَرُبَّمَا كَانَ ذٰلِكَ مِنْ قِبَلِ السُّلْطَانِ چھلکے اس کیلئے جو کھائے یا ان کا مالک ہو اسکی
اَوِامْرَاَةٍ وَالسَّمَكُ الْمَالِحُ هَمٌّ وَّغَمٌّ تعبیر مال اور غنیمت ہے۔ اور یہ مال و غنیمت
مِنْ قِبَلِ مَمْلُوْكِهٖ اَوْ خَادِمٍ اَوْ اَخٍ یا تو کسی بادشاہ سے ملیں گے یا کسی عورت سے
وَكِبَارُهٗ وَصِغَارُهٗ سَوَاءٌ لِّمَنْ رَاٰهُ اور خشک و نمکین مچھلی کی تعبیر یہ ہے کہ اس
عَلٰى هٰذَا الْاَمْرِ کے غلام یا خادم یا بھائی سے اسکو رنج و غم پہنچیگا
خواہ مچھلی بڑی ہو کہ چھوٹی اس معاملے میں جو بھی خواب میں انکو دیکھے یکساں ہے۔

اَلتِّمْسَاحُ۔ عَدُوٌّ مُّكَابِدٌ لِّصٌّ سَارِقٌ مگرمچھ۔ اس کی تعبیر مکار دشمن چور ڈاکو سے
لَا يَاْمَنُهٗ صَدِيْقُهٗ وَلَا عَدُوُّهٗ وَ کی جاتی ہے جس پر نہ دوست کو اعتبار ہو نہ
لَحْمُهٗ وَجِلْدُهٗ وَعَظْمُهٗ وَاَجْزَاءُهٗ دشمن کو اور اس کا گوشت اور کھال اور ہڈی
مَالُ عَدُوِّهٖ فَمَنْ نَالَ مِنْهُ شَيْئًا اور اجزا سب کے سب اس کے دشمن کا مال ہے
نَالَ مِنْ مَّالِ عَدُوِّهٖ بِقَدْرِ ذٰلِكَ تو جس نے انہیں سے کچھ خواب میں پایا تو اسکی تعبیر
یہ ہوگی کہ اپنے دشمن سے اسی قدر مال پائیگا۔

اَلضِّفْدَعُ۔ اِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً اَوِ مینڈک۔ ایک ہو یا دو جوان کو خواب میں
اثْنَتَيْنِ فَهُوَ رَجُلٌ عَابِدٌ مُّجْتَهِدٌ فِيْمَا دیکھے اسکی تعبیر ایسے آدمی سے کی جاتی ہے جو
هُوَ فِيْهِ وَجَمَاعَةُ الضَّفَادِعِ اِذَا كَثُرُوْا عابد ہو اور جس بات میں وہ لگا ہوا ہو اسمیں کوشش
فَاِنَّهُمْ جُنُوْدُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَعِبَادُهٗ کرتا ہو۔ اور مینڈک اگر زیادہ ہوں تو وہ اللہ
فَمَنْ رَاٰى ذٰلِكَ فِيْ دَارٍ اَوْ مَحَلَّةٍ اَوْ عز و جل کا لشکر ہیں اور اس کے بندے تو
اَرْضٍ فَاِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ يَحُلُّ بِاَهْلِ اگر کسی نے خواب میں ان کو کسی گھر یا محلہ یا
ذٰلِكَ الْمَكَانِ زمین میں دیکھا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہاں کے

رہنے والوں پر عذاب نازل ہوگا۔

اَلسُّلحفَاةُ۔ رَجُلٌ عَابِدٌ مُجتَہِدٌ اَیضًا عَالِمٌ کَثِیرُ العِلمِ وَالعَمَلِ فَمَنْ رَاٰی سُلحفَاةً اَوْ مَلَکَھَا اَوْ اَدْخَلَھَا مَنْزِلَہٗ یَظْفَرُ بِرَجُلٍ عَالِمٍ وَیَجْرِیْ بَیْنَہٗ وَبَیْنَہٗ وُصْلَةٌ وَّسَبَبٌ فَمَنْ رَاٰی اَنَّہٗ یَاْکُلُ مِنْ لَحْمِھَا فَاِنَّہٗ یُصِیْبُ مِنْ عِلْمٍ ذٰلِکَ شَیْئًا وَّ مَنْ رَاٰی سُلحفَاةً عَلَی الطَّرِیْقِ اَوْ عَلٰی مَزْبَلَةٍ فَاِنَّ ذٰلِکَ عِلْمٌ مَجْھُوْلٌ فِیْ ذٰلِکَ الْمَوْضِعِ وَاِنْ کَانَتْ مُصَانَةً فَاِنَّ الْعِلْمَ ھُنَاکَ عَزِیْزٌ مُصَانٌ

کچھوا۔ اس کی تعبیر بھی عابد و مجتہد سے کی جاتی ہے نیز یہ کہ بہت بڑا عالم باعمل ہوگا۔ اگر کسی نے خواب میں کچھوے کو دیکھا یا اس کو اپنے قبضہ میں پایا یا اس کو اپنے گھر میں لایا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی عالم کو پائے گا کہ اس کے اور اس عالم کے درمیان تعلق و سبب ہوجائے گا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ کچھوے کا گوشت کھا رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ عالم سے کچھ علم حاصل کرے گا۔ اور اگر کسی نے خواب میں کچھوے کو راستہ پر یا کوڑے کی جگہ پر دیکھا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ علم کی اس جگہ میں قدر نہیں ہورہی ہے اور اگر یہ دیکھا کہ کچھوا محفوظ ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ علم کی اس جگہ قدر ہورہی ہے۔

اَلسَّرْطَانُ۔ رَجُلٌ عَظِیْمُ الْاَخْلَاقِ عَسِرٌ بَعِیْدُ الْمُرَاجَعَةِ فِی الْاَمْرِ غَیْرُ مُبَارَکٍ وَّیَجْرِیْ فِی التَّاْوِیْلِ عَلٰی مَا قَدَّمْنَاہُ عَظِیْمٌ مُتَکَبِّرٌ وَجَمِیْعُ حَیَوَانِ الْبَحْرِ وَالنَّھْرِ فِی التَّاْوِیْلِ عَلٰی قَدْرِ خِلْقَتِہٖ وَاَوْصَافِہٖ وَکُلُّھَا تُنْسَبُ اِلٰی اَعْوَانِ الْمُلُوْکِ وَالْاُمَرَاءِ

کیکڑا۔ اس کی تعبیر ایسے بڑے اخلاق والے آدمی سے کی جاتی ہے جو بہت مضبوط قسم کا ہے۔ کسی معاملے میں نظر ثانی نہیں کرتا اور مبارک نہیں ہے اور اس کی تعبیر جیسے کہ ہمنے بیان کر دیا ہے شان و شوکت والے اور مغرور شخص سے کی جاتی ہے اور تمام دریائی اور نہری جانوروں کو خواب میں دیکھنا ان کی

وَالسَّلَاطِيْنِ عَلٰى طَبَقَاتِهِمْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ خلعت اور صفات کے مطابق ہوگا اور سب کی تعبیر یہ ہوگی کہ بادشاہوں اور امراء و سلاطین کے اپنے اپنے طبقہ کے مطابق مددگار ہونگے واللہ اعلم۔

اَلْبَابُ الثَّانِيْ وَالْعِشْرُوْنَ
بائیسواں باب

فِيْ رُؤْيَةِ سِبَاعِ الطُّيُوْرِ كَالنَّسْرِ وَ الْعُقَابِ وَالشَّاهِيْنِ وَالْبَاشِقِ وَ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الطُّيُوْرِ

شکاری پرندے جیسے گدھ۔ عقاب۔ شاہین شکرہ وغیرہ پرندوں کو خواب میں دیکھنے اور اس کی تعبیر کا بیان

سِبَاعُ الطَّيْرِ۔ تُنْسَبُ فِي التَّاوِيْلِ لِلسُّلْطَانِ شَرَفًا وَّرِفْعَةً فَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ اَصَابَ نَسْرًا اَوْ كَانَ النَّسْرُ لَهٗ مُطَاوِعًا فَاِنَّهٗ يُصِيْبُ مَالًا وَّسُلْطَانًا وَّرِيَاسَةً وَمَنْ رَاٰى كَاَنَّ نَسْرًا حَمَلَهٗ اَوْطَارَبِهٖ فَاِنْ كَانَ عَرْضًا فَيَرْقٰى اِلَى السُّلْطَانِ وَيَنَالُ شَرَفًا وَّرِفْعَةً وَاِنْ طَارَبِهٖ اِلٰى جِهَةِ السَّمَاءِ مَاتَ فِيْ سَفَرِهٖ لِاَنَّهٗ مَلَكُ الْمَوْتِ فِيْ هٰذِهِ الْحَالَةِ

شکاری پرندے۔ ان کی تعبیر شرف اور بلندی کے لحاظ سے بادشاہ سے کی جاتی ہے اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس نے گدھ کو پایا اور گدھ اس کا مطیع ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ مال اور سلطنت اور ریاست پائیگا اور جس نے یہ دیکھا کہ گویا گدھ نے اسکو اٹھالیا ہے یا اس کو لے کر اڑا ہے تو اگر عرض میں اڑا یعنی اوپر کیطرف نہیں گیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ترقی کر کے سلطان تک پہنچ جائیگا اور بزرگی و بلندی پائیگا۔ اور اگر وہ آسمان کی طرف اڑا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ سفر میں مرجائیگا کیونکہ وہ اس حالت میں ملک الموت ہے۔

اَلْعُقَابُ۔ سُلْطَانٌ ظَلُوْمٌ غَشُوْمٌ صَاحِبُ حَرْبٍ وَّبَاْسٍ شَدِيْدٍ وَّتَجَبُّرٍ

عقاب۔ اس کی تعبیر ظالم اور جابر بادشاہ سے کی جاتی ہے جو جنگی اور سخت قوت والا ہو

فِي التَّاوِيلِ مَجْرَى النَّسْرِ فِي جَمِيعِ مَا قَدَّمْنَاهُ وَكَذٰلِكَ الْبَازُ وَالشَّاهِينُ وَجَمِيعُ سِبَاعِ الطُّيُوْرِ عَلٰى مَا تَقَدَّمَ

اور اس کی تعبیر تمام امور میں جو ہمنے بیان کر دیا ہے گدھ کی تعبیر کے مطابق ہوگی۔ اور اسی طرح باز اور شاہین اور تمام شکاری پرندوں کی تعبیر اسی طرح ہوگی جیسے کہ ہم نے بیان کر دی۔

اَلْحِدَأَةُ - مَلِكٌ خَامِلُ الذِّكْرِ وَ مُتَوَاضِعٌ مُقْتَدِرٌ

چیل۔ اس کی تعبیر ایسے بادشاہ سے کیجاتی ہے جو ذکر کے قابل نہ ہو اور متواضع و مقتدر ہو۔

اَلْبُوْمَةُ - اِنْسَانٌ لِصٌّ ضَعِيْفٌ لَيْسَ مُعِيْنًا وَلَا نَاصِرًا

اُلو۔ اس کی تعبیر کمزور چور سے کیجاتی ہے جو نہ کسی کا مددگار ہو نہ ساتھی۔

اَلْغُرَابُ - اِنْسَانٌ فَاسِقٌ كَذَّابٌ لَيْسَ لَهٗ دِيْنٌ وَكَذٰلِكَ الرَّخَمُ وَالْعَقْعَقُ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰى مَنْ رَاٰى فِيْ مَنَامِهٖ بِالنَّهَارِ اَنَّهٗ اَصَابَ رَخَمَةً مَرِضَ مَرَضًا شَدِيْدًا

کوا۔ اس کی تعبیر جھوٹے فاسق سے کیجاتی ہے جسکا دین نہ ہو۔ اسی طرح جنگلی کوا اور رخم (یہ ایک قسم کا مردار خور پرندہ ہے جو گدھ کی ایک قسم ہے) امام محمد بن سیرینؒ فرماتے ہیں جس نے دن کو خواب میں رخمہ دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ سخت مرض میں مبتلا ہوگا۔

اَلْهُدْهُدُ - رَجُلٌ خَدَّامُ السُّلْطَانِ صَاحِبُ اَخْبَارٍ وَهُوَ دَلِيْلُ الْمَلِكِ اِلٰى مَا فِيْهِ زِيَادَةٌ فِيْ مُلْكِهٖ وَقِيْلَ اِنَّ الْهُدْهُدَ رَجُلٌ كَاتِبٌ حَاسِبٌ بَصِيْرٌ ذُوْ هَيْبَةٍ عَالِمٌ بِالتَّصَرُّفِ

ہدہد۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو سلطان کا خادم ہو بہت سی معلومات رکھتا ہو اور بادشاہ کو ایسی باتیں بتاتا ہو جس سے اس کے ملک میں زیادتی ہو اور یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ ہدہد کی تعبیر ایسے حساب دان منشی سے کی جاتی ہے جو صاحب بصیرت ہو اور صاحب ہیبت ہو اور تصرفات کرنا جانتا ہو۔

اَلْكُرْكِيُّ - اِنْسَانٌ غَرِيْبٌ مِسْكِيْنٌ — کلنگ - اسکی تعبیر مسکین آدمی سے کیجاتی ہے۔

اَلنَّعَامَةُ - امْرَأَةٌ غَرِيْبَةٌ بَدَوِيَّةٌ — شتر مرغ مادہ - اس کی تعبیر مسافر دیہاتی عورت سے کی جاتی ہے۔

اَلظَّلِيْمُ رَجُلٌ غَرِيْبٌ عَزَبٌ — نر شتر مرغ - اس کی تعبیر اجنبی غیر شادی شدہ شخص سے کی جاتی ہے۔

اَلدِّيْكُ - رَجُلٌ أَعْجَمِيٌّ أَوْ مَمْلُوْكٌ قِيْلَ هُوَ رَجُلٌ مُنَادِيْ وَمُؤَذِّنٌ لَا يَزَالُ النَّاسُ يَسْمَعُوْنَ صَوْتَهٗ كَالْمُؤَذِّنِ وَغَيْرِهٖ — مرغ - اس کی تعبیر عجمی آدمی یا غلام سے کیجاتی ہے اور بعض کے نزدیک اس کی تعبیر مؤذن یا منادی کرنیوالے سے کیجاتی ہے جس کی آواز لوگ ہمیشہ سنتے رہیں جیسے مؤذن وغیرہ

اَلدَّجَاجَةُ امْرَأَةٌ مُبَارَكَةٌ فَإِنْ كَثُرَ الدَّجَاجُ فَإِنَّ ذٰلِكَ جَوَارٍ وَنِسَاءٌ يَجْتَمِعْنَ لِفَرَحٍ أَوْ تَزْوِيْجٍ — مرغی - اس کی تعبیر مبارک عورت سے کی جاتی ہے۔ اگر مرغیاں خواب میں زیادہ دیکھے تو اس کی تعبیر لونڈیوں اور عورتوں سے کی جاتی ہے جو خوشی یا شادی کے موقع پر جمع ہوں۔

اَلدُّرَّاجَةُ امْرَأَةٌ غَدَّارَةٌ لَيْسَ لَهَا عَقِيْدَةٌ وَلَا خَيْرَ فِيْهَا — تیتر مادہ - اس کی تعبیر بیوفا عورت سے کیجاتی ہے جس کا کوئی عقیدہ نہ ہو - اور اس میں کوئی بھلائی نہ ہو۔

اَلْوَرَشَانُ - امْرَأَةٌ ذَاتُ لَهْوٍ وَطَرَبٍ وَفَرَحٍ — جنگلی کبوتر - اس کی تعبیر ایسی عورت سے کی جاتی ہے جو کھیل کود اور خوشی سے محبت رکھے۔

اَلْبَبْغَانُ - جَارِيَةٌ أَوْ غُلَامٌ يَتِيْمٌ — طوطا - اس کی تعبیر یتیم لڑکے یا لڑکے سے کی جاتی ہے۔

اَلطَّاؤُسُ الذَّكَرُ أَعْجَمِيٌّ أَوْ مَالٌ — مور - اگر نر ہو تو اس کی تعبیر مال یا جمال یا پیروی

اَوْ جَمَالٌ اَوْ اَتْبَاعٌ کرنے والے ہیں۔

اَلْحَمَامَۃُ۔ اِمْرَاَۃٌ رُبَمَا کَانَتْ زَوْجَۃً کبوتری۔اس کی تعبیر عورت ہے اکثر تو بیوی
اَوْ اِبْنَۃً فَاِنْ کَثُرَ الْحَمَامُ فَاِنَّہٗ اَوْلَادٌ ہے ورنہ بیٹی ہے۔اگر کبوتر زائد ہوں تو ان کی
وَالطَّاؤُسُ الْاُنْثٰی اِمْرَاَۃٌ جَمِیْلَۃٌ تعبیر اولاد سے ہوتی ہے۔مورنی۔اسکی تعبیر عجمی
اَعْجَمِیَّۃٌ ذَاتُ حُسْنٍ وَّجَمَالٍ وَالْقَبِیْحَۃُ خوبصورت عورت سے کیجاتی ہے جو حسن وجمال والی
اِمْرَاَۃٌ حَسْنَاءُ غَیْرُ مَاْلُوْفَۃٍ وَّلَا مَاْمُوْنَۃٍ ہوتی ہے۔بدصورت مورنی کی تعبیر خوبصورت
عورت سے ہوتی ہے جس سے نہ محبت ہو نہ قابلِ اعتبار۔

اَلْیَعْسُوْبُ۔ وَلَدٌ شَاطِرٌ مُبَارَکٌ شہد کی مکھی نر۔اس کی تعبیر مبارک چالاک
لڑکے سے کی جاتی ہے۔

اَلْفَاخِتَۃُ اِمْرَاَۃٌ قَلِیْلَۃُ الْحَیَاءِ فاختہ۔اس کی تعبیر ایسی عورت سے کیجاتی
وَالدِّیْنِ وَھٰذِہِ الطُّیُوْرُ تَجْرِیْ فِی ہے جس کی حیا اور دین کم ہو ان جملہ پرندوں
التَّاْوِیْلِ عَلٰی حَدٍّ وَّاحِدٍ سَوَاءٌ فَمَنْ کی تعبیر ایک ہی طریقے سے کی جاتی ہے تو اگر
رَاٰی اَنَّہٗ اَکَلَ شَیْئًا اَوْ مَلَکَہٗ فَاِنَّہٗ کسی نے یہ دیکھا ہو کہ ان کو کھایا یا اس کا
اِمْرَاَۃٌ کَذٰلِکَ وَمَنْ اَصَابَ رِیْشَھَا مالک ہوا تو اسکی تعبیر اسی طرح عورت سے ہے
اَوْ بَیْضَھَا لِصَیْدٍ اَوْ شَرَکٍ اَوْ فَخٍّ کَانَ اور جس نے اس کے پر یا انڈے شکار کرکے
ذٰلِکَ مَکِیْدَۃً یَنْصِبُھَا لِلْمَرْاَۃِ وَاِنْ یا جال سے یا پھندے سے پائے تو اس کی
رَمَاھَا بِاَسْھُمٍ اَوْ حَجَرٍ فَاِنَّہٗ یَقْذِفُ تِلْکَ تعبیر یہ ہے کہ وہ ایک فریب ہے جو اسنے عورت
الْمَرْاَۃَ کیلئے تیار کیا ہے اور اگر اسنے اسکو تیر سے یا پتھر
سے مارا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ عورت پر تہمت لگا رہا ہے۔

اَلْبُلْبُلُ۔ غُلَامٌ مُبَارَکٌ مَیْمُوْنٌ بلبل۔اس کی تعبیر مبارک نیکبخت لڑکے سے
کی جاتی ہے۔

الْقُنْبُرُ - صَبِيٌّ صَغِيرٌ

چنڈول - اسکی تعبیر چھوٹے لڑکے سے کیجاتی ہے

الْعُصْفُورُ - رَجُلٌ ضَخْمٌ خَطِيرٌ وَالْأُنْثٰى مِنْهُ امْرَأَةٌ إِلَّا أَنَّ فِيهَا شُؤْمًا وَإِذَا كَثُرَتِ الْعَصَافِيرُ فَإِنَّهَا أَمْوَالٌ وَغَنِيمَةٌ إِذَا كَانَتْ بِصَيْدٍ كَذٰلِكَ جَمِيعُ الطُّيُورِ الَّتِي قَدَّمْنَا ذِكْرَهَا إِذَا أَصَابَ الْكَثِيرَ مِنْهَا بِالصَّيْدِ فَهِيَ أَمْوَالٌ وَغَنِيمَةٌ وَأَصْوَاتُ الْعَصَافِيرِ أَخْبَارٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ سَمِعَهَا

چڑا - اس کی تعبیر بہت زیادہ موٹے آدمی سے کی جاتی ہے اور چڑیا سے عورت مراد ہوگی الا اینکہ اس میں بدبختی ہوگی اور جب چڑیاں زیادہ ہوں گی تو اس کی تعبیر مال وغنیمت سے کی جائیگی جبکہ وہ شکار کی جائیں۔ اسی طرح جملہ وہ پرندے جن کا ہم نے اوپر ذکر کیا ہے اگر ان میں سے بڑی تعداد خواب میں شکار سے حاصل ہو تو اسکی تعبیر مال وغنیمت ہے۔
چڑیوں کی آواز جو خواب میں سُنے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اچھی خبریں سُنے گا۔

الْخُطَّافُ - رَجُلٌ عَابِدٌ مُجْتَهِدٌ كَثِيرُ الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ

ابابیل - اسکی تعبیر اس عابد سے کیجاتی ہے جو بھلائی اور برکت کے کاموں میں زیادہ کوشش کرنیوالا ہو۔

الزُّرْزُورُ - رَجُلٌ كَثِيرُ السَّفَرِ لَا يَزَالُ عَلٰى سَفَرٍ مِثْلَ الْجَمَّالِ

لعل یا پدڑی کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو زیادہ سفر کرتا ہو ہمیشہ مثل اونٹ کے سفر کرے۔

الصُّرَدُ - دَلِيلُ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَهُوَ رُشْدٌ وَهِدَايَةٌ لِمَنْ رَآهُ

لٹورا - اس کی تعبیر یہ ہے کہ جو اس کو خواب میں دیکھے گا اسکو رشد و ہدایت ملیگی۔ یہ آدم علیہ السلام کا رہبر ہے۔

طُيُورُ الْمَاءِ - أَعْوَانُ الْمَلِكِ وَخَدَمُهُ إِذَا رَآهَا فِي الْمَاءِ وَأَمَّا إِذَا رَآهَا فِي الْبَرِّ فَهِيَ خَيْرٌ وَخِصْبٌ وَلَا خَيْرَ فِي زُرْقِهَا فَإِنَّهُ أَحْزَانٌ وَأَمَّا الطُّيُورُ

پانی کے پرندے - جو شخص انکو پانی میں دیکھے اسکی تعبیر بادشاہ کے مددگاروں خادموں سے کیجاتی ہے لیکن اگر انکو خشکی میں دیکھیگا تو اس سے بھلائی اور سرسبزی معلوم ہوگی اور نیلے پرندوں میں کوئی

الْمَجْهُوْلَةُ الَّتِيْ لَا يُعْلَمُ نَوْعُهَا فَإِنَّهَا فِي التَّأْوِيْلِ مَلَائِكَةٌ وَرُؤْيَتُهَا تَدُلُّ عَلٰى مَا تَدُلُّ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ وَقَدْ سَبَقَ بَيَانُهٗ

بھلائی نہیں کیونکہ وہ رنج کی دلیل ہے لیکن نامعلوم پرندے جن کی نوعیت معلوم نہیں تو اسکی تعبیر فرشتوں کی ہے اور ان کے دیکھنے کی تعبیر اسطرح ہے جو فرشتوں کے دیکھنے کی تعبیر ہوتی ہے اور اس کی تفصیل پہلے بیان کر دی گئی ہے۔

اَلْبَيْضُ الْمَجْهُوْلُ فِي التَّأْوِيْلِ نِسَاءٌ ذَوَاتُ هَيْئَاتٍ إِذَا مَلَكَ مِنْ ذٰلِكَ أَوْ جَاءَهٗ وَإِنْ أَكَلَ مِنْهُ فَهُوَ مَالٌ وَّ رِزْقٌ صَالِحٌ إِذَا كَانَ مَطْبُوْخًا أَوْ مَشْوِيًّا أَوْ مَقْلِيًّا فَإِنْ أَكَلَهٗ نَيًّا أَصَابَ مَالًا حَرَامًا وَإِنْ أَكَلَ قِشْرَ الْبَيْضِ أَوْ بَيَاضَهٗ دُوْنَ صَفَارِهٖ فَإِنَّهٗ يَأْكُلُ سَلَبَ مَقْتُوْلٍ أَوْ مَيِّتٍ وَرُبَّمَا كَانَ نَبَّاشًا لِلْقُبُوْرِ وَاللّٰهُ تَعَالٰى أَعْلَمُ

انڈے۔ اگر نامعلوم ہوں تو انکی تعبیر عورتوں سے کی جاتی ہے جو عمدہ ہیئت کی ہوں بشرطیکہ وہ ان انڈوں کا مالک ہو یا اس کے پاس آئیں اور اگر ان انڈوں سے کھالیا تو اس کی تعبیر مال اور رزق صالح سے کی جاتی ہے بشرطیکہ وہ پکے ہوئے یا تلے ہوئے یا اُبلے ہوئے ہوں اگر کسی نے خواب میں کچے انڈے کھالئے تو اس کی تعبیر مال حرام سے کیجاتی ہے اور اگر انڈے کے چھلکے یا اسکی سفیدی کھالی نہ کہ زردی تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی قتل کئے ہوئے شخص یا مُردے کا مال کھائیگا بلکہ ممکن ہے کہ وہ کفن چور ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ چند حکایات جو اس باب کے مناسب ہیں۔

حِكَايَاتٌ - تَلِيْقُ بِهٰذَا الْبَابِ - حُكِيَ أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى الْإِمَامِ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَالَ إِنِّيْ رَأَيْتُ عَلٰى شُرَافَةِ مَسْجِدٍ بِالْمَدِيْنَةِ حَمَامَةً بَيْضَاءَ تَعَجَّبْتُ مِنْ حُسْنِهَا

حکایت۔ ایک شخص امام محمد بن سیرینؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے مدینہ منورہ میں مسجد کے کنگورہ پر ایک سفید کبوتری دیکھی ہے جس کے حسن کو دیکھ کر مجھے تعجب ہوا پھر ایک شکرا (شکاری پرندہ کا نام ہے)

ثُمَّ جَاءَهَا صَقْرٌ فَاحْتَمَلَهَا فَقَالَ لَهُ ابْنُ سِیْرِیْنَ اِنْ صَدَقَتْ رُؤْیَاكَ تَزَوَّجَ الْحَجَّاجُ بِابْنَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ الطَّیَّارِ قَالَ فَمَا مَضٰی اِلَّا اَیَّامٌ یَسِیْرَةٌ حَتّٰی تَزَوَّجَهَا فَقِیْلَ لَهٗ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ کَیْفَ هُدِیْتَ اِلٰی ذٰلِكَ فَقَالَ لَهُ اِنَّ الْحَمَامَةَ اِمْرَاَةٌ وَنَقَاؤُهَا بَیَاضُهَا وَشُرَافَةُ الْمَسْجِدِ شَرَفُهَا فَلَمْ اَجِدْ فِی الْمَدِیْنَةِ اِمْرَاَةً اَنْقٰی مِنْهَا حُسْنًا وَّلَا اَشْرَفَ نَسَبًا وَّ نَظَرْتُ فِی الصَّقْرِ فَاِذَا هُوَ سُلْطَانٌ ظَلُوْمٌ غَشُوْمٌ فَلَمْ اَرَ مِنَ السَّلَاطِیْنِ اَصْقَرَ مِنَ الْحَجَّاجِ بْنِ یُوْسُفَ فَاَوَّلْتُ لَهٗ بِذٰلِكَ فَتَعَجَّبَ مَنْ کَانَ فِیْ مَجْلِسِهٖ مِنْ ذٰلِكَ التَّاْوِیْلِ

آیا اور کبوتری کو اُٹھا لیا تو ابن سیرینؒ نے فرمایا کہ اگر تیرا خواب سچا ہے تو عبداللہ بن جعفر طیارؓ کی لڑکی سے حجاج کی شادی ہو جائے گی چنانچہ چند دن نہ گزرے تھے کہ حجاج نے اس لڑکی سے شادی کرلی تو اُن سے پوچھا گیا کہ ابا عبداللہ تم کو کیسے یہ تعبیر معلوم ہوئی تو ابن سیرینؒ نے فرمایا کہ کبوتری کی تعبیر تو عورت ہے اور اس کی چمک کی تعبیر اس کا حسن ہے اور مسجد کا کنگورہ (شرافہ) اس لڑکی کی شرافت ہے تو میں نے مدینہ میں حُسن میں اس سے زیادہ بہتر اور شرف میں اس سے زیادہ نسب کا کسی کو نہ پایا اور میں نے شکرے پر غور کیا تو اس کی تعبیر ظالم و جابر سلطان تھی تو میں نے حجاج بن یوسف سے زیادہ ظالم کسی کو نہ پایا تو میں نے اس کی تعبیر یہی سمجھی تو جو لوگ آپ کی مجلس میں تھے اس تعبیر پر تعجب کرنے لگے۔

حُکِیَ ـ اَیْضًا اَنَّهٗ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ لَهٗ اِنِّیْ رَاَیْتُ طَائِرًا سَمِیْنًا لَا اَعْرِفُ مَا هُوَ نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ وَوَقَعَ عَلٰی شَجَرَةٍ وَجَعَلَ یَلْتَقِطُ الزَّهْرَ ثُمَّ طَارَ فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَغَیَّرَ وَجْهُ الْاِمَامِ وَقَالَ هٰذَا

حکایت - ایک قصہ یہ بھی ہے کہ ایک شخص آپ کے پاس آیا اور آپ سے کہا کہ میں نے ایک موٹا پرندہ دیکھا نہ معلوم وہ کونسا پرندہ تھا کہ وہ آسمان سے اُترا اور ایک درخت پر گرا اور پھول چگنے لگا پھر وہ اُڑ گیا تو اس وقت امام کا

شَیْءٌ یَدُلُّ عَلٰی مَوْتِ الْعُلَمَاءِ فَمَاتَ فِیْ تِلْكَ السَّنَةِ الْحَسَنُ الْبَصْرِیُّ وَابْنُ سِیْرِیْنَ

چہرہ متغیر ہوگیا اور فرمایا اس خواب کی تعبیر تو یہ ہے کہ علماء مرینگے۔ چنانچہ اسی سال حسن بصریؒ اور ابن سیرینؒ کا انتقال ہوگیا۔

حُکِیَ۔ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ رَاَیْتُ فِیْمَا یَرَی النَّائِمُ اَنَّ دِیْكًا نَقَرَنِیْ نَقْرَةً اَوْ نَقْرَتَیْنِ فَقِیْلَ لَهٗ مَا یَکُوْنُ ذٰلِكَ یَا اِمَامُ فَقَالَ لَابُدَّ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْعَجَمِ یَقْتُلُنِیْ فَمَا کَانَ اِلَّا اَرْبَعَةُ اَیَّامٍ حَتّٰی ضَرَبَهٗ اَبُوْ لُؤْلُؤَةَ لَعَنَهُ اللّٰهُ فَقَتَلَهٗ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حکایت۔ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سونے والا جو دیکھتا ہے اسوقت دیکھا (یعنی خواب میں دیکھا) کہ ایک مرغ نے مجھے ایک یا دو ٹھونگیں ماریں جس پر آپ سے دریافت کیا گیا امام اسکی کیا تعبیر ہوگی تو آپ نے فرمایا لازماً مجھے ایک عجمی قتل کریگا چنانچہ چار دن نہ گزرے تھے کہ ابو لؤلؤ لعنہ اللہ نے آپ پر ضرب لگائی کہ آپ کو شہید کر دیا رضی اللہ عنہٗ

حُکِیَ اَنَّ رَجُلًا اَتٰی اِلَی الْاِمَامِ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فَقَالَ مَا تَقُوْلُ فِیْ رَجُلٍ رَاٰی فِیْ مَنَامِهٖ کَاَنَّهٗ یَفُضُّ بَیْضًا یَاْخُذُ الْبَیَاضَ وَیَدَعُ الصُّفَارَ فَقَالَ لَهٗ مُحَمَّدُ ابْنُ سِیْرِیْنَ قُلْ لِّذٰلِكَ الرَّجُلِ یَاْتِیْنِیْ وَیَسْاَلُنِیْ فَقَالَ اَنَا اُبَلِّغُكَ عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَهٗ مَا تَعْبِیْرُهٗ فَقَالَ لَا فَعَاوَدَهُ الرَّجُلُ مَرَّةً بَعْدَ اُخْرٰی وَهُوَ یَقُوْلُ لَهٗ ذٰلِكَ وَیَرُدُّ عَلَیْهِ الْجَوَابَ الْاَوَّلَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اَنَا

حکایت۔ ایک شخص امام محمد بن سیرینؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے عرض کیا کہ آپ اس شخص کے بارہ میں کیا فرماتے ہیں جسنے خواب میں یہ دیکھا ہو کہ وہ انڈے توڑ رہا ہے اور سفیدی لیستا جا رہا ہے اور زردی چھوڑتا جا رہا ہے۔ محمد ابن سیرینؒ نے اس سے فرمایا کہ اس آدمی سے کہہ کہ میرے پاس آئے اور خود مجھ سے پوچھے تو اس نے کہا کہ میں اسکی طرف سے آپ سے کہہ رہا ہوں اور آپ اس کی جو تعبیر دیں گے میں اس سے کہدوں گا تو امام نے فرمایا کہ نہیں۔ وہ شخص اسی

الَّذِی رَاَیْتُ هٰذِهِ الرُّؤْیَا فَقَالَ لَهٗ بات کی تکرار کرتا جاتا تھا اور آپ وہی جواب
مُحَمَّدُ بْنُ سِیْرِیْنَ اِحْلِفْ لِیْ بِاللّٰہِ دیئے جاتے تھے آخر میں اُسنے اقرار کر لیا کہ یہ
اَنَّكَ الَّذِیْ رَاَیْتَهَا فَحَلَفَ بِاللّٰہِ اَنَّهٗ خواب جس نے دیکھا ہے وہ میں ہی ہوں تو محمد
الَّذِیْ رَاٰهَا فَقَالَ الْاِمَامُ لِمَنْ حَوْلَهٗ بن سیرینؒ نے اس سے فرمایا میرے سامنے
خُذُوْا هٰذَا وَرُدُّوْهُ اِلَى السُّلْطَانِ قسم کھا کہ تو نے ہی یہ خواب دیکھا ہے تو اُس
وَقُوْلُوْا لَهٗ هٰذَا رَجُلٌ نَبَّاشٌ یَاْخُذُ نے قسم کھائی کہ اسی نے اس خواب کو دیکھا ہے
اَكْفَانَ الْمَوْتٰى فَقَالَ الرَّجُلُ یَا سَیِّدِیْ تو امام نے اپنے پاس والوں سے فرمایا کہ
اَنَا اَتُوْبُ اِلَى اللّٰہِ عَلٰى یَدَیْكَ فِیْ هٰذِهِ اس کو پکڑ کر سلطان کے پاس لیجاؤ اور خبر دو کہ
السَّاعَةِ وَلَا اَعُوْدُ لِمَا صَدَرَ مِنِّیْ اَبَدًا یہ قبر کھودنے والا ہے مُردوں کے کفن لیجاتا ہے
اِلَى الْمَمَاتِ تو وہ شخص کہنے لگا میرے آقا میں آپ کے ہاتھ
پر اللہ کے لئے اسی وقت توبہ کرتا ہوں اور مرنے تک اب میں وہ کام نہ کروں گا جو
اس وقت تک میں کرتا رہا۔

حُكِیَ اَنَّهٗ جَاءَ رَجُلٌ اٰخَرُ اِلَى الْاِمَامِ حکایت۔ ایک اور شخص امام محمد بن سیرینؒ
مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ رَحِمَهُ اللّٰہُ تَعَالٰى کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا میں نے
فَقَالَ رَاَیْتُ كَاَنِّیْ اَخَذْتُ الطَّائِرَ الَّذِیْ خواب میں دیکھا ہے گویا کہ میں نے ایک پرندہ
یُقَالُ لَهُ الطَّیْطَوِیْ اُرِیْدُ ذَبْحَهٗ فَوَضَعْتُ جس کو کونج کہا جاتا ہے پکڑ کر اسکو ذبح کرنا چاہا
السِّكِّیْنَ عَلٰى حَلْقِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّ ہے جب میں نے اس کے حلق پر چھری رکھی
هِیَ تَنْقَلِبُ فَذَبَحْتُهٗ فِی الرَّابِعَةِ فَقَالَ تو وہ پلٹ جاتا ہے وہ تین مرتبہ اسی طرح
لَهٗ رَاَیْتَ خَیْرًا هٰذِهِ امْرَاَةٌ بِكْرٌ قَدْ پلٹتا رہا چوتھی مرتبہ میں نے اسکو ذبح کر دیا
عَالَجْتَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَفِی الرَّابِعَةِ قَدَرْتَ تو امام نے اس سے فرمایا کہ اچھا خواب دیکھا ہے
عَلَیْهَا فَقَالَ لَهٗ صَدَقْتَ اَیُّهَا الشَّیْخُ اس کی تعبیر یہ ہے کہ تو نے ایک باکرہ عورت

الْأَمْرُ كَمَا ذَكَرْتَ مِنْذُ خَمْسِ لَيَالٍ فَتَبَسَّمَ الشَّيْخُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى وَأَطْرَقَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ لِصَاحِبِ الرُّؤْيَا أُدْنُ مِنِّي فَدَنَا مِنْهُ فَقَالَ لَهُ قَدْ بَقِيَ مِنَ الرُّؤْيَا شَيْءٌ آخَرُ قَالَ وَمَا هُوَ قَالَ هُنَاكَ ضَرِيطَةٌ مِنَ الْجَارِيَةِ قَالَ صَدَقْتَ ثُمَّ خَجِلَ الرَّجُلُ وَانْصَرَفَ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى أَعْلَمُ

سے صحبت کرنی چاہی تو تین مرتبہ تو نے اُس پر قدرت نہیں پائی۔ چوتھی مرتبہ تو اس پر قادر ہوا تو اُس نے عرض کیا حضرت آپ نے سچ فرمایا واقعی پانچ راتوں میں یہی قصہ ہوا۔ تو شیخ رحمہ اللہ نے تبسم فرمایا اور تھوڑی دیر سر جھکائے رہے پھر خواب دیکھنے والے سے فرمایا میرے نزدیک آ۔ جب وہ آپ کے قریب آیا تو آپ نے فرمایا کہ خواب کا کچھ حصہ باقی رہ گیا اُسنے عرض کیا وہ کیا تو آپ نے فرمایا کہ لونڈی کی ہوا آواز سے نکلی اُسنے عرض کیا آپنے صحیح فرمایا اور آدمی شرمندہ ہو کر واپس ہو گیا۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

اَلْبَابُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ — تیئیسواں باب

فِيْ تَأْوِيْلِ رُؤْيَا الْحِرَفِ وَالصِّنَاعَاتِ وَالْمَلَاهِيْ وَغَيْرِ ذٰلِكَ

پیشہ اور کاریگری کھیل کود کے متعلقات کو خواب میں دیکھنے اور اسکی تعبیر کا بیان

اَلْوَزَّانُ وَالْكَيَّالُ - فِي التَّأْوِيْلِ الْقَاضِيْ إِذَا كَانَا مَجْهُوْلَيْنِ فَإِنْ رَآهُمَا يَصْفِقَانِ فَالْقَاضِيْ جَائِرٌ فِيْ حُكْمِهِ وَإِنْ كَانَا يَرْقُصَانِ فَالْقَاضِيْ عَدْلٌ فِيْ حُكْمِهِ وَقَضَائِهِ وَإِنْ رَأَى أَنَّهُ صَارَ وَزَّانًا أَوْ كَيَّالًا فَإِنَّهُ يَصِيْرُ قَاضِيًا وَالْقَاضِي الْمَجْهُوْلُ هُوَ اللّٰهُ تَعَالَى

تولنے والا اور ناپنے والا۔ جو شخص انکو خواب میں دیکھے تو اسکی تعبیر قاضی سے کی جاتی ہے بشرطیکہ وہ نا معلوم ہوں۔ اگر یہ دیکھا کہ وہ تالیاں بجا رہے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ قاضی کے احکام ظلم پر مبنی ہیں اور اگر اس طرح دیکھا کہ وہ دونوں ناچ رہے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ قاضی کے احکام عدل پر

مبنی ہیں اور قاضی عادل ہے۔ اور اگر کسی نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ تولنے والا یا ناپنے والا بنا ہوا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ قاضی ہوگا اور نامعلوم قاضی اگر کسی نے خواب میں دیکھا تو اس کی تعبیر اللہ تعالیٰ ہے۔

اَلْخَطِیْبُ - فَقِیْہٌ فِی الدِّیْنِ وَکَذٰلِکَ الْعَطَّارُ
خطیب - اس کی تعبیر دین میں فقیہ بننے سے کی جاتی ہے اور اسی طرح عطار کی تعبیر ہے۔

اَلصَّیْرَفِیُّ - رَجُلٌ عَالِمٌ لَا یُنْتَفَعُ بِہٖ اِلَّا فِیْ عَرَضِ الدُّنْیَا
صراف - اس کی تعبیر ایسے عالم سے کیجاتی ہے جس سے بجز دنیوی متاع کے اور کوئی فائدہ نہو۔

اَلْبَزَّازُ - رَجُلٌ صَاحِبُ خَطَرٍ عَظِیْمٍ فِیْ دُنْیَاہُ شَاعِرٌ اَوْ حَکِیْمٌ
کپڑا بیچنے والا - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کی جاتی ہے جو عالی مرتبت ہو اور دنیا میں بڑی شان پیدا کرے یا تو حکیم ہو یا شاعر۔

اَلْخَزَّانُ - رَجُلٌ عَظِیْمٌ شَاعِرٌ یُمَزِّقُ اَعْرَاضَ النَّاسِ
خزانچی - اسکی تعبیر ایسے بڑے شاعر سے کیجاتی ہے جو لوگوں کی عزتوں کو پارہ پارہ کرے۔

اَلْخَیَّاطُ - رَجُلٌ بَائِعٌ دِیْنَہٗ بِدُنْیَاہُ وَتَتِمُّ عَلٰی یَدَیْہِ اُمُوْرُ الدُّنْیَا
درزی - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو اپنے دین کو دنیا کے بدلے میں بیچے اور اسکے ہاتھ پر بہت سے دنیوی امور انجام پائیں۔

اَلْفَرَّاءُ - رَجُلٌ کَثِیْرُ الْمَالِ طَیِّبُ الْمَکَاسِبِ
پوستین سینے والا - اسکی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو بڑا مالدار ہو اور جس کی کمائی پاک ہو۔

اَلرَّفَّاءُ - رَجُلٌ صَاحِبُ خُصُوْمَاتٍ
رفو کرنیوالا - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو بہت جھگڑالو ہو۔

اَلْاِسْکَافُ - رَجُلٌ یُؤَلِّفُ بَیْنَ النَّاسِ وَبَیْنَ النِّسَاءِ وَالرِّجَالِ
موچی - اسکی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو لوگوں کے اور مردوں و عورتوں کے درمیان اُلفت و محبت پیدا کردے

اَلنَّخَّاسُ - صَاحِبُ اَخْبَارِ السُّلْطَانِ بُردہ فروش - اسکی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو سلطان کے حالات کی خبر رکھے۔

اَلنَّجَّارُ - رَجُلٌ يَقْهَرُ الرِّجَالَ بڑھئی - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو لوگوں کو مقہور کرے۔

اَلْحَدَّادُ - رَجُلٌ صَاحِبُ مُلْكٍ وَّ سَلْطَنَةٍ وَّ قُوَّةٍ لوہار - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو ملک و سلطنت و قوت کا مالک ہو۔

اَلصَّفَّارُ - رَجُلٌ يَتْبَعُ الْخَيْرَ وَالشَّرَّ بِبَعْضِهِمَا شراب بیچنے والا - کلال - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو بھلائی اور برائی میں سے ایک دوسرے کے پیچھے رہتا ہو۔

اَلْقَصَّارُ - رَجُلٌ يُبْغِضُ النَّاسَ فِي الْمَعَاصِي وَيَتُوْبُهُمْ عَنْهَا دھوبی - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو لوگوں سے اُن کے گناہوں کی وجہ سے بغض رکھتا ہو اور ان کو گناہوں سے توبہ کرائے۔

اَلطَّبَّاخُ وَالشَّوَّاءُ - رَجُلٌ كَثِيْرُ الْكَلَامِ فِيْ طَلَبِ رِزْقِهٖ وَيَنَالُ خَيْرًا كَثِيْرًا باورچی اور گوشت بھوننے والا - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو اپنے رزق کی طلب میں بہت باتیں کرنیوالا ہو اور خوب مال حاصل کرے

اَلْقَصَّابُ - اَلْمَجْهُوْلُ مَلَكُ الْمَوْتِ وَالْمَعْرُوْفُ رَجُلٌ يَجْرِيْ عَلٰى طَلَبِ الدُّنْيَا قصاب - اگر نامعلوم ہو تو اسکی تعبیر ملک الموت ہے اور پہچانا ہوا شخص ہو تو اسکی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو دنیا حاصل کرنے میں دوڑتا رہتا ہو۔

اَلْمَلَّاحُ - رَجُلٌ خَبِيْرٌ بِمُدَاوَاةِ النَّاسِ وَالْمُلُوْكِ وَالسَّلَاطِيْنِ ملاح - اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو لوگوں کے اور بادشاہوں اور سلاطین کے دوا و علاج اور ہمنشینی کے اصول سے واقف ہو

اَلصَّائِغُ - رَجُلٌ كَذَّابٌ صَاحِبُ غِشٍّ غَيْرُ مَحْمُوْدٍ فِيْ اُمُوْرِهٖ
سنار۔اسکی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو جھوٹا اور فریبی ہو اور جو اپنے معاملات میں ٹھیک نہ ہو۔

اَلْحَجَّامُ وَالْحَلَّاجُ - رَجُلٌ كَاتِبٌ
سینگی لگانیوالا اور دُھنیا۔اس کی تعبیر لکھنے والے شخص سے کی جاتی ہے۔

وَالْكَاتِبُ - رَجُلٌ حَجَّامٌ
لکھنے والا۔اس کی تعبیر سینگی لگانے والے سے کی جاتی ہے۔

وَالْحَلَّاجُ - رَجُلٌ يَتَكَلَّمُ بِالْحَقِّ وَيَعْمَلُ بِالْخَيْرِ وَيَمِيْزُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ
دُھنیا۔اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو حق کی بات کرے اور نیک کام کرے۔اور خبیث کو اچھے سے تمیز کرے۔

اَلطَّحَّانُ - رَجُلٌ مُكَارِيٌّ اَوْ حَمَّالٌ
چکی چلانے والا۔اس کی تعبیر ایسے شخص سے کی جاتی ہے جو جانوروں کو کرایہ پر دے یا حمال ہو۔

اَلسَّاقِيْ - رَجُلٌ صَاحِبُ اَصْدِقَاءَ وَاِخْوَانٍ وَمَعَارِفَ
ساقی۔اسکی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جسکے دوست بھائی بند جان پہچان والے زیادہ ہوں

اَلسَّرَّاجُ - رَجُلٌ يَرِيْ بِالسِّرَاجِ بَيْنَ الرَّجُلِ وَزَوْجَتِهٖ
زین بیچنے والا۔اسکی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو مرد و عورت کے درمیان جھوٹی باتیں لگاتا ہو

اَلصَّبَّاغُ - رَجُلٌ صَاحِبُ اَبَاطِيْلَ وَرِيَاءٍ وَكَذِبٍ وَبُهْتَانٍ
رنگنے والا۔اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جس کے پاس جھوٹ، بہتان، باطل، اور ریاکاری کی باتیں زیادہ ہوں۔

اَلْبَقَّالُ - رَجُلٌ بَصِيْرٌ بِكَلَامِ النَّاسِ عَارِفٌ بِالْحُجَجِ بَعِيْدٌ عَنِ الْعَوَرِ
بقال۔اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو لوگوں کے کلام کو سمجھنے والا حجتوں کو جاننے والا اور بد باطنی سے دُور ہو۔

ضَرَّابُ الدَّرَاهِمِ وَالدَّنَانِيْرِ۔ رَجُلٌ سکہ ڈھالنے والا۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے یَخْتَلِفُ بِالْخُصُوْمَاتِ وَالْوَقَائِعِ بَیْنَ النَّاسِ کیجاتی ہے جو لوگوں کے جھگڑوں اور انکے درمیان کے واقعات کی کھوج میں رہتا ہو۔

اَلْجَذَّاذُ۔ جَذَّاذُ الشَّعْرِ هُوَ رَجُلٌ ذُوْمَالٍ کَثِیْرٍ ضَرَّارٍ نَفَّاعٍ کاٹنے والا۔ بال کاٹنے والے کی تعبیر ایسے شخص سے کی جاتی ہے جو بہت مال والا۔ بہت نقصان پہنچانے والا۔ بہت فائدہ پہنچانے والا ہو۔

اَلتَّرَّاسُ۔ رَجُلٌ یَحْمِلُ النَّاسَ وَ یُحَوِّلُهُمْ ڈھال بنانیوالا۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے کی جاتی ہے جو لوگوں کو اُٹھائے اور انکو دوسری جگہ منتقل کرے۔

اَلْجَزَّارُ وَالْکَوَّارُ وَالزَّجَّاجُ وَالْقَصَّارُ وَالْخَوَّاصُ۔ جَمِیْعُهُمْ فِی التَّاوِیْلِ یُجَانِسُوْنَ الْجَذَّاذَ لِاَنَّ هٰذَا یُعَبَّرُ عَنْهُ بِالنِّسَاءِ اونٹ کو ذبح کرنیوالا۔ ٹوکرہ بنانیوالا۔ شیشہ بنانیوالا۔ تانبے کے برتن بنانیوالا۔ پانی میں غوطہ لگانیوالا۔ ان تمام کی تعبیر بال کاٹنے والے کی تعبیر کے قریب قریب ہے کیونکہ اس کی تعبیر عورتوں سے کی جاتی ہے۔

اَلْمُعَلِّمُ۔ مُعَلِّمُ الصِّبْیَانِ فَاِنْ ضَلَّ فَهُوَ سُلْطَانٌ اَوْ وَزِیْرٌ وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ مَعَ الصِّبْیَانِ فِی الْمَکْتَبِ فَاِنَّهٗ تَطُوْلُ حَیَاتُهٗ وَیُرَدُّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ اُستاد۔ بچوں کا اُستاد اگر وہ گمراہ ہوگیا تو وہ سلطان یا وزیر ہے اور اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ بچوں کے ساتھ مکتب میں ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی عمر بڑھے گی اور وہ ارذل عمر[1] تک پہنچ جائے گا۔

اَلنَّسَّاجُ۔ رَجُلٌ مُسَافِرٌ جولاہہ۔ اسکی تعبیر مسافر آدمی سے کیجاتی ہے۔

---

[1] ارذل عمر والا وہ شخص ہوتا ہے جو بہت بوڑھا ہو کر سٹھیا جائے اور اسکی قوتیں کافی جواب دیدیں۔

اَلْخَزَّانُ ۔ رَجُلٌ يَكُوْنُ كَثِيْرَ النَّسْلِ وَالْاَوْلَادِ غَيْرَ اَنَّهٗ يَكُوْنُ مَكْدُوْدًا فِيْ مَعِيْشَتِهٖ
خزان ۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جس کی نسل اور اولاد زیادہ ہو لیکن اسکو معاش حاصل کرنے میں بڑی دقت ہو۔

اَلْبَنَّاءُ ۔ رَجُلٌ يَتُوْبُ النَّاسُ عَلٰى يَدَيْهِ
معمار ۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جس کے ہاتھ پر لوگ توبہ کریں۔

اَلْبَطَّارُ ۔ رَجُلٌ قَوَّادٌ
زخم چیرنے والا ۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو بھڑواگری کرتا ہو۔

اَلْمُنَجِّمُ وَالْكَاهِنُ وَالسَّاحِرُ رَجُلٌ كَذُوْبٌ غَيْرُ اَنَّهٗ قَرِيْبٌ مِّنَ السُّلْطَانِ
منجم، کاہن اور جادوگر ۔ اسکی تعبیر جھوٹے شخص سے کیجاتی ہے الا اینکہ وہ سلطان سے قریب ہوگا۔

اَلْمُعَزِّمُ وَصَاحِبُ الرُّقْيَةِ ۔ رَجُلٌ يَخْدَعُ النَّاسَ بِطِيْبِ كَلَامِهٖ وَحَلَاوَةِ لِسَانِهٖ
تعویذ گنڈے کرنیوالا ۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو شیریں کلامی و چرب زبانی سے لوگوں کو دھوکا دے۔

اَلرَّاقِيْ وَالسَّائِسُ وَالْحَمَّالُ وَالْفَهَّادُ جَمِيْعُهُمْ وُلَاةُ اُمُوْرٍ
افسوں گر۔ گھوڑوں کا سائیس، حمّال، جانوروں کا نگراں ۔ ان تمام کی تعبیر والیانِ حکومت کی جاتی ہے۔

اَلسَّمَّاكُ وَالرَّوَّاسُ ۔ رَجُلَانِ يَمْلِكَانِ رُءُوْسَ النَّاسِ
مچھلی بیچنے والا، سری بیچنے والا ۔ ان دونوں کی تعبیر ایسے شخصوں سے کیجاتی ہے جو لوگوں کے سروں کے مالک ہوں۔

اَلْمُصَوِّرُ ۔ رَجُلٌ يَكْذِبُ عَلَى اللّٰهِ
تصویر بنانیوالا ۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے کیجاتی ہے جو اللہ پر جھوٹ بولے۔

اَلدَّهَّانُ ۔ رَجُلٌ يَتَزَيَّنُ لِمَنْ خَالَطَهٗ
تیل بیچنے والا ۔ اس کی تعبیر ایسے شخص سے

اَوْ عَامَلَهٗ کی جاتی ہے جو اس شخص کو جو اسکے ساتھ ملے یا اسکے ساتھ معاملہ کرے خوب آراستہ و پیراستہ کرے

اَلنَّبَّاشُ۔ اِنْ کَانَ رَجُلاً ذَا اَمْنٍ وَّ اَمَانَةٍ فَاِنَّهٗ غَوَّاصٌ فِی الْعُلُوْمِ وَالْحِکَمِ وَاِنْ کَانَ غَیْرَ ذٰلِكَ فَهُوَ رَجُلٌ طَالِبٌ کفن چور۔ اگر وہ امن و امانت والا شخص ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ وہ علوم و حکمت میں مستغرق ہوگا اور اگر اس کے علاوہ ہے تو وہ طلب رکھنے والا شخص ہے۔

حَفَّارُ الْقُبُوْرِ وَالْاَرْضِ۔ اِنْ اَزَالَهٗ عَنْ مَّوْضِعِهٖ اَوْ وَطِئَتْهُ دَابَّتُهٗ وَانْکَسَرَ مِنْبَرُهٗ وَسَقَطَ عَنْهُ اِنْ کَانَ فِی النَّزْعِ فَاِنَّهٗ یَمُوْتُ اَوْ طُوِیَ بِسَاطُهٗ اَوْ یَنْکِسُ مَجْلِسُهٗ اَوْ تَنْحَلَّ عِمَامَتُهٗ اَوْ تَسْقُطُ قَلَنْسُوَتُهٗ اَوْ تَقَعُ یَدُهٗ اَوْ لِسَانُهٗ اَوْ یَکُفُّ بَصَرُهٗ فَاِنَّ هٰذَا کُلَّهٗ یَدُلُّ عَلَی الْعَزْلِ اَوِ الْمَوْتِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ قبروں کو اور زمین کو کھودنے والا۔ اسکی تعبیر یہ ہے کہ اگر اسکو اپنی جگہ سے ہٹا دیا اس کے جانور نے اسکو روندا اور اسکا منبر ٹوٹ گیا اور اس سے گر گیا تو اگر وہ نزع کیحالت میں ہو تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ مرجائیگا یا اپنی چادر کو لپیٹ لیا یا اسکی بیٹھک الٹ گئی یا اسکا عمامہ کھل گیا یا اس کی ٹوپی گر گئی یا اسکا ہاتھ یا زبان گر گئی یا اندھا ہو گیا تو ان سب کی تعبیر یہ ہے کہ یا تو وہ اپنے منصب سے معزول ہو جائیگا یا مرجائیگا۔ واللہ اعلم

اَلْبَابُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ — چوبیسواں باب

فِیْ اَشْیَاءَ مُتَفَرِّقَةٍ نَذْکُرُهَا فِیْ هٰذَا الْفَصْلِ — متفرق چیزوں کو خواب میں دیکھنے اور اسکی تعبیر کا بیان

اَلنُّوْرُ۔ فِی التَّاْوِیْلِ هِدَایَةٌ وَّالظُّلْمَةُ ضَلَالٌ وَّالطَّرِیْقُ طَرِیْقُ الْحَقِّ وَالْمَیْلُ نور۔ اس کی تعبیر ہدایت سے کیجاتی ہے اور اندھیرے کی تعبیر گمراہی ہے اور راستہ کی

عَنْهَا مَيْلٌ اِلَى الْبَاطِلِ وَالضَّلَالِ تعبیر راہِ حق ہے اور (راستہ سے مڑنا) اس کی
تعبیر حق سے مڑنا ہے اور باطل اور گمراہی کی طرف جانا ہے۔

اَلْخَرَابُ۔ مِنَ الْاَرْضِ ضَلَالٌ لِمَنْ ویران زمین۔ اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ
رَأَى اَنَّهٗ فِيْهَا وَالْحِصْنُ صِيَانَةٌ فِي وہ ویران زمین میں ہے تو اس کی تعبیر گمراہی
الدِّيْنِ لِمَنْ رَأَى اَنَّهٗ مِنْ دَاخِلِهَا سے ہے اور قلعہ کی تعبیر محفوظ رہنا ہے بشرطیکہ
وَالْكُتُبُ الْمَطْوِيَّةُ خَبَرٌ مَّسْطُوْرٌ وَالْكُتُبُ اُس نے خواب میں یہ دیکھا ہو کہ وہ قلعہ
الْمَنْشُوْرُ خَبَرٌ ظَاهِرٌ وَالْخَتْمُ تَحْقِيْقٌ میں ہے۔ لپٹی ہوئی کتابیں۔ اس کی تعبیر
الْاَمْرِ وَقِيْلَ الْكُتُبُ الْمَخْتُوْمَةُ مَوَارِيْثُ چھپی[1] ہوئی خبر ہے۔ پھیلی ہوئی کتابوں کی
لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ يَا يَحْيٰى خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ۔ تعبیر ظاہری خبر سے ہے۔ مہر کی تعبیر کسی معاملہ
الْاٰيَةِ۔ وَكُتُبُ الْعُلُوْمِ وَالْفِقْهِ عُلُوْمٌ کی تحقیق ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ مہر لگی
وَحِكْمَةٌ وَكُتُبُ الشِّعْرِ غَوَايَةٌ وَّمَكْرٌ ہوئی کتابوں کی تعبیر میراث ہے جیسے کہ ارشاد
وَكِذْبٌ الٰہی ہے۔ يَا يَحْيٰى خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ۔ اے
یحییٰ میراث کو قوت سے لے لے۔ علوم وفقہ کی کتابیں۔ اس کی تعبیر علوم اور حکمت سے
ہے۔ کتب شعر۔ اس کی تعبیر گمراہی و مکر و جھوٹ ہے۔

وَالْمُصْحَفُ۔ حِكْمَةٌ يَتَنَالُهَا الرَّجُلُ قرآن مجید۔ اس کی تعبیر حکمت ہے جس کو
فَمَنْ رَأَى اَنَّهٗ يَكْتُبُ مُصْحَفًا بِيَدِهٖ آدمی حاصل کریگا۔ اگر کسی نے خواب میں یہ
فَاِنَّهٗ يَجْمَعُ الدِّيْنَ وَالْعِلْمَ وَالْمَالَ وَ دیکھا کہ وہ قرآن مجید اپنے ہاتھ سے لکھ رہا ہے
يَنْتَفِعُ بِهِ النَّاسُ تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دین اور علم اور مال
جمع کر رہا ہے اور اس سے لوگوں کو فائدہ پہنچا رہا ہے۔

وَمَنْ رَأَى اَنَّهٗ مَزَّقَ مُصْحَفًا اور اگر کسی نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ قرآن مجید

---

[1] اصل کتاب میں خبر مسطور ہے حالانکہ خبر مستور ہونا چاہیے ہم نے ترجمہ اسی لحاظ سے کیا ہے ۱۲ مترجم

فَاِنَّهٗ رَجُلٌ یَجْحَدُ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ اَکَلَ اَوْرَاقَ الْمُصْحَفِ فَاِنَّهٗ یَسْتَهْزِئُ بِکِتَابِ اللّٰهِ وَیَهْزَاُ بِبَعْضِ اَحْکَامِهٖ وَیَسْتَهِیْنُ بِهَا وَیَذْهَبُ دِیْنُهٗ

کو پھاڑ رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کلام الٰہی کا انکار کر رہا ہے۔ اور اگر کسی نے خواب میں یہ دیکھا کہ وہ قرآن شریف کے اوراق کھا رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کلام الٰہی کا مذاق اُڑا رہا ہے اور اس کے بعض احکام سے ٹٹول کریگا اور ان کی تحقیر کریگا اور اسکا دین چلا جائیگا۔

وَمَنْ رَاٰی ذِرَاعَهٗ اَوْ سَاقَهٗ اَوْ ثِیَابَهٗ اَوْ بَعْضَ اَعْضَائِهٖ صَارَ حَدِیْدًا فَاِنَّهٗ یَطُوْلُ عُمْرُهٗ وَمَنْ رَاٰی اَنَّهٗ صَارَ مَمْلُوْکًا اَوْ اَسِیْرًا فَاِنَّهٗ یَضِیْقُ عَلَیْهِ وَیَذِلُّ وَیَذْهَبُ مَالُهٗ وَیَکُوْنُ فِیْ هَمٍّ وَّغَمٍّ وَّیَذْهَبُ عِزُّهٗ

